# THE

# SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Wednesday the June 18, 2025

(351st Session)

Volume XVI, No.05

(Nos. )

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| Volume XVI | SP.XVI (05)/2025 |
| --- | --- |
| No.05 | 15 |

# Contents

1. Recitation from the Holy Quran ..... 1
2. Leave of Absence ..... 2
3. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairperson, Functional Committee on Human Rights, on [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2023] ..... 3
4. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairperson, Functional Committee on Human Rights, on [The ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024] ..... 3
5. Further discussion on the Finance Bill 2025-26 ..... 4
    - Senator Sherry Rehman ..... 4
    - Senator Manzoor Ahmed ..... 11
    - Senator Raja Nasir Abbas ..... 17
    - Senator Qurat-ul-Ain Marri ..... 22
    - Senator Shahzaib Durrani ..... 27
    - Senator Danesh Kumar ..... 31
    - Senator Pervaiz Rashid ..... 37
    - Senator Palwasha Mohammed Zai Khan ..... 41
    - Senator Kamil Ali Agha ..... 45
    - Senator Afnan ullah Khan ..... 49
    - Statement by Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House regarding the Iran-Israel Conflict ..... 55
    - Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur ..... 57
    - Senator Ahmed Khan ..... 63
    - Senator Sarmad Ali ..... 65
    - Senator Fawzia Arshad ..... 72
    - Senator Poonjo ..... 76
    - Senator Falak Naz ..... 81
    - Senator Sardar Al Haj Muhammad Umer Gorgaij ..... 87
6. Ruling of the Chair pertaining to the observance of Rules by members while present in the Senate with reference to chanting slogans, displaying banners and placards etc. ..... 91

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Wednesday, the June 18, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirteen minutes past eleven in the morning with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿٥٣﴾ رَبُّكُمْ
اَعْلَمُ بِكُمْ ۭ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿٥٤﴾ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ۭ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰي بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿٥٥﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا
يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿٥٦﴾

ترجمہ: میرے (مؤمن) بندوں سے کہہ دو کہ وہی بات کہا کریں جو بہترین ہو۔ درحقیقت شیطان لوگوں کے درمیان فساد ڈالتا ہے۔ شیطان یقینی طور پر انسان کا کھلا دشمن ہے۔ تمہارا پروردگار تمہیں خوب جانتا ہے۔ اگر وہ چاہے تو تم پر رحم فرما دے، اور چاہے تو تمہیں عذاب دے دے، اور (اے پیغمبر!) ہم نے تمہیں ان کی باتوں کا ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا ہے۔ اور تمہارا پروردگار اُن سب کو جانتا ہے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں۔ اور ہم نے کچھ نبیوں کو دوسرے نبیوں پر فضیلت دی ہے، اور ہم نے داؤد کو زبور عطا کی تھی۔ (جو لوگ اللہ کے علاوہ دوسرے معبودوں کو مانتے ہیں، اُن سے) کہہ دو: ''کہ جن کو تم نے اللہ کے سوا معبود سمجھ رکھا ہے، انہی پکار کا دیکھو۔ ہوگا یہ کہ نہ وہ تم سے کوئی تکلیف دور کر سکیں گے، اور نہ اسے تبدیل کر سکیں گے۔''

سُوْرَةُ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ (آیات ۵۳ تا ۵۶)

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Leave of absence. Senator Asad Qasim has requested for the grant of leave for 13th and 18th June, 2025 to end of the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Saeed Ahmed Hashmi has requested for the grant of leave for 10th, 13th, 17th and 20th June, 2025 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Raja Nasir Abbas has requested for the grant of leave for 16th and 17th June, 2025 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Manzoor Ahmed has requested for the grant of leave for 13th June, 2025 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Jan Muhammad has requested for the grant of leave for 16th and 19th June, 2025 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Bushra Anjum Butt has requested for the grant of leave for 10th and 13th June, 2025 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Sherry Rehman Sahiba, welcome back home for a successful Peace Mission. Do you want to speak? Your name is at No. 1 in the

list. One minute. Order No. 2, Senator Samina Mumtaz Zehri, Chairperson, Functional Committee on Human Rights, may move Order No. 2. On her behalf Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui, please move Order No. 2.

**Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairperson, Functional Committee on Human Rights, on [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: On behalf of Senator Samina Mumtaz Zehri, Chairperson, Functional Committee on Human Rights, I move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2023, introduced by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur on 20th February, 2023, may be extended for a period of sixty days with effect from 18th June, 2025.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House. [Followed by T02]

T02-18June2025 Ali/Ed: Mubashir 11:40 am

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried unanimously. Order No. 3 please move.

**Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairperson, Functional Committee on Human Rights, on [The ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: On behalf of Chairperson, Functional Committee on Human Rights, I move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024, introduced by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur on 10th June, 2024, may be extended for a period of sixty days with effect from 18th June, 2025.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried unanimously. Order No. 4, further consideration of the following Motion moved by Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance and Revenue. Do you want to speak? Senator Sherry Rehman Sahiba.

## Further discussion on the Finance Bill 2025-26

### Senator Sherry Rehman

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ چیئرمین صاحب، پہلے تو میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ آپ نے بجٹ میں سب کو موقع دیا ہے اور میں follow کرتی رہی ہوں، ایوان کو miss کر رہی تھی بجٹ سیشن میں۔ تو thank you for allowing me to speak کیونکہ کافی دن گزر گئے ہیں اور ہمارے لیے یہ بہت اہم سیشن ہوتا ہے، اس میں سارے سال کے تخمینے مقرر ہوتے ہیں اور آگے تھوڑی جو بھی تشخیص ہوتی ہے وہ بھی دیکھتے رہتے ہیں، فنانس کمیٹی conclude کر رہی ہے سینیٹ کی اپنی recommendations تو اس کے بعد اجازت لے کر میں وہاں واپس جاؤں۔ موٹی موٹی باتیں کیونکہ میں speeches سنتی رہی ہوں وقتاً فوقتاً جس بھی time zone سے کرتے رہے اور خاص طور سے پیپلز پارٹی کی طرف سے جو گزارشات اور سفارشات تھیں وہ بہت مثبت اور ٹھوس تھیں خاص طور سے سندھ کے حوالے سے اور جو اس وقت تخمینے رکھے گئے اور جو فیڈرل گورنمنٹ کے وعدے ہوتے ہیں، جو تنازعات تھے مجھے امید ہے کہ وہ آج کے دن تک حل ہو جائیں گے ان شاءاللہ ہوں گے کیونکہ ہر صوبے کو اپنے بجٹ کے لیے، اپنے سالانہ planning کے لیے، اپنی PSDP کے لیے جدوجہد کرنی پڑتی ہے۔ میں جانے سے پہلے PSDP دیکھ کر بھی گئی تھی، ہم لوگ discussion میں بھی تھے۔ ایک بات میں کہوں گی کہ۔۔ آپ بار بار سنیں گے کہ۔۔ ہم ایک تو ظاہر ہے ایک بہت بڑا debt ہے اور دوسری چیزیں ہیں۔ بار بار آپ سنیں گے کہ مسئلہ پیسوں کی کمی ہے جس میں کوئی دورائے نہیں ہے، آپ کے پاس PSDP کے لیے development funding کے لیے space ہی نہیں ہوتی، صحیح ہے۔ کیونکہ ظاہر ہے بہت سارے اخراجات بڑھ رہے ہیں اور آپ اجازت دیں گے تو میں تھوڑا سا اپنی جو اس وقت خارجہ ایشوء ہے اس پر بھی بات کروں گی کیونکہ بجٹ میں allow ہوتا ہے تو پہلے بجٹ کے حوالے سے جتنے بھی پرانے programs جنہیں schemes کہتے ہیں، projects کہتے ہیں چیئرمین صاحب، نمبر ایک وہ carry over ہو رہے ہیں یعنی کہ وہ چلتے جا رہے ہیں۔ کچھ 10 سال سے چل رہے ہیں، کچھ 15 سال سے چل رہے ہیں اور کچھ 20 سال سے چل رہے ہیں۔ دیکھیے ان

کو حقیقی معنوں میں review کرنا پڑے گا کہ جو آپ کی جدید دہائی کے challenges آپ کس طرح نمٹیں گے ایک تو ظاہر ہے debt and defense بڑھتا جا رہا ہے اور defenseکے expenditures اور آپ کی geo-political situation سے جڑے ہوئے ہیں، جس کا کوئی اس وقت discussion نہیں سوائے اس کے کہ ہمیں خارجہ پالیسی میں تیزی کرنی ہوگی۔ لیکن جو throw-over ہے جسے کہتے ہیں PSDP میں اس نے سارا بجٹ کو choked کیا ہوا ہے مجھے لگتا ہے، ایک تو قرضوں نے choke کیا ہوا ہے space کو، دوسرا throw-over.

تو ابھی سے ان کا تھوڑا creatively ان کو reallocate کرنے کی ضرورت ہے، نہیں تو آپ کے جو آج کل کے مسئلے ہیں اور آج کل کے مسئلے کیا ہیں پرانے دیرینہ مسائل ہیں social spending یعنی 26 million بچے ابھی بھی سکولوں سے باہر ہیں اور یہ صوبوں کا مسئلہ ہے لیکن صوبوں کو بھی اس پر concentrate کرنا ہوگا۔ میں خوش ہوں کہ educationمیں بلوچستان میں سب سے بڑی اس وقت youth پر spending ہے اور سندھ کی بھی آ رہی ہے مگر I am here to talk about the Federal Budget اور اس میں، میں ایک neglected subjectکے بارے میں پانچ منٹ بات کرنا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ شاید آپ لوگ سب جانتے ہوں گے یا نہیں جانتے ہوں گے مگر ان دو ہفتوں میں پاکستان کو دنیا بھر کا سب سے زیادہ environmentally impacted یعنی vulnerable ملک، متاثر ملک قرار دیا گیا ہے۔ No. 1 and the most climate impacted and vulnerable country, پہلے کبھی 10 کی list میں ہوتا تھا، آٹھ میں ہوتا تھا، 2022 میں اوپر چڑھا ظاہر ہے ان floodsکی وجہ سے، but the climate risk index of the world جو Germanwatch کرتی ہے جس پر ہی ساری United Nationsکی rankingہوتی ہے، ایک ہی ranking ہوتی ہے دنیا میں وہ climate risk indexکی ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت نمبر 1 ہے اور آپ مستقل اس کے بارے میں بات کرتے ہیں۔

چیئرمین صاحب! یہ ایک 2022 سے ہے development report جو ہر ترجیح اپنی ملک کی جو World Bankنے climate and development reportہو گئی ہے یعنی کہ ساتھ جڑی رہتی ہے climateسے، climateکے اندر environment بھی آجاتا ہے سب کچھ آ رہا ہے آج کل۔ تو یہ آپ کی اس وقت حقیقت ہے، پانی کی قلّت بھی اور food insecurityصوبوں میں جو نظر آ رہی ہے وہ بھی اس کے اندر آتی ہے۔

میں نے مانا کہ آپ نے inflation کے دباؤ کو کم کیا ہے، مشکل حالات تنگی میں آپ نے changes لائی ہیں۔ وہ سب سیر حاصل باتیں ہیں لیکن ماحولیات کے حوالے سے میں افسوس سے کہوں گی کہ Ministry کی بجٹ ہی آپ دیکھ لیں environment protection والی بجٹ جو ہے اس کو 7.2 ارب سے جو بہت کم ہوتی تھی، یہ سب سے چھوٹی اور سکڑی ہوئی Ministry ہوتی ہے اس کو آدھے سے بھی کم کر دیا ہے 3.1 billion ہو گیا ہے جیسے پاکستان کی Federal Ministry کے پاس انہوں نے مجھ سے کوئی complain نہیں کی ہے، میں نے خود دیکھا ہے while I was on tour اور اتفاق سے میرے ساتھ climate Minister بھی تھے حال کے مصدق ملک I don’t want to embarrass him مگر میں نے ان سے پوچھا کہ ایسا ہی ہے اب آپ بتائیں کہ ہم ان پیسوں کے ساتھ کیا کریں گے we will start depending more and more on International money پھر development partners آپ نے دیکھا ہے دنیا میں Climate کے پیسوں کی internationally funding aid کٹوتی ہوتی جا رہی ہے۔ سب نے کہہ دیا کہ ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں یا کم ہوتے جا رہے ہیں۔ ایک cut ہو گی تو یہ پیسہ پھر PSDP کا جو آپ نے کاٹا ہے یہ Ministry پھر کیا کر پائے گی، کس expert کو وہ سامنے لائی گی، آپ نے آدھا کر دیا ہے اور آپ کی ranking دنیا میں نمبر 1 ہو گئی ہے۔

اس میں جو زمین پر حقائق ہیں وہ already آپ کی عوام ہے جو سخت تکلیف میں ہے۔ کیا ہو رہا ہے 49 degrees ہو چکی ہے۔ باقی ممالک، میں جہاں سے میں آ رہی ہوں 30 degree پر جب 40 thermometer کے نزدیک بھی آنے لگتا ہے تو National emergency declare کی جاتی ہے، وہاں پر سارا کچھ رک جاتا ہے، ذرا سا 35 ہو گیا ایمرجنسی، we are at 49 degrees in the parts of Balochistan and Sindh. سندھ میں بھی، جیکب آباد میں ہو چکا ہے، پچھلے سال 50 ہوا تھا اور یہ پہنچے گا آگے، 53 degrees پر پاکستان تین سال سے اپنے south کے بلوچستان اور سندھ کے شہر register کر رہا ہے۔ جس کا مطلب ہے ہمارا دنیا کے سب سے گرم علاقہ ہے، 53 degrees is the hottest place in the planet, میں تین، چار، پانچ سال سے یہ بات کر رہی ہوں۔

پاکستان پانی کی قلّت میں آ چکا ہے۔ In 2025, we have become water scarce یہ figures میں نے ایجاد نہیں کیے یہ figures United Nations کے ہیں اور پانی پر بھی آپ اگر اجازت دیں تو میں بات کرنا چاہ رہی ہوں لیکن بہت باتیں ہو گئی لیکن ایک بات میں ضرور کہوں گی کہ ان حالات میں climate budget کو آدھا کرنا میں سمجھتی ہوں بڑی تنگ

نظری ہے اور اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ ہمیں دل سے یقین نہیں ہے کہ ہم اصل میں اس مسئلے کو حل کر سکتے ہیں۔ کیونکہ جب پیسے کم کیے جاتے ہیں کسی sector کے تو اس میں پتہ چل جاتا ہے کہ ترجیح کیا ہے۔ تو اس کو واپس سے کسی reallocation کرنا ہو گا اور سال کے دوران آپ کو ضرور کرنی پڑے گی کیونکہ یہ تو Ministry چل نہیں پائے گی اور اس کے کام چل نہیں پائیں گے۔

(جاری ہے۔۔۔۔T03)

T03–18June2025 Imran/ED: Waqas 11:30 am

سینیٹر شیری رحمان: (جاری۔۔۔۔) اور اس کے کام چل نہیں سکیں گے اور کہا جائے گا کہ صوبے کرتے ہیں۔ صوبے کو آپ نے national project دینا ہوتا ہیں اور internationally Ministry کو ستائیس معاہدوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ They have to face 27 international agreements. اس کے لیے وہ کسی کو junket کے لیے نہیں بھیج سکتے۔ اگر ایسا ہو رہا ہے تو غلط ہے۔ اُن experts کو بھیجیں جو آپ کے ملک کا مقدمہ لڑ سکیں اور جس طرح ہم نے مل کر، چیئرمین بلاول، Prime Minister شہباز شریف اور ہماری Ministry نے وہاں ایڑیاں رگڑ رگڑ کر Loss and Damage Fund حاصل کیا تھا، اُس وقت ہماری G77 کی Chairmanship تھی، اب پاکستان کی کوئی نمائندگی اور آواز بھی نہیں آتی۔

Loss and Damage Fund کا کیا ہوا، کیا کسی نے Caretaker حکومت سے اس کے متعلق کچھ سنا۔ اُس میں آپ کی جو بھی نمائندگی ہے، وہ ختم ہو گئی ہے صرف انہی وجوہات کی بنا پر کہ کسی کو وہاں بھیجنے کے لیے پیسے نہیں ہوتے۔ اسی طرح میں آپ سے کہوں گی کہ بہت ساری چیزیں ہیں جو اب lapse ہو رہی ہیں۔

چیئرمین صاحب! میں اب taxation measures پر بات کروں گی۔ سب نے اور اس House میں بھی solar panel کے tax پر گونج ہوگی۔ اب FBR کو ویسے ہی آپ نے arrest کرنے کی draconian power دے دی ہیں کہ آپ CEOs کو arrest کریں۔ یہ کہاں ہے۔ میں FBR سے یہ سوال کرتی ہوں کہ آپ 6 -8 trillion formal economy کو تو اپنے tax net میں لا نہیں پا رہے ہیں اور آپ CEOs کو arrest کرنے چلے ہیں۔ اس سے آپ کا private sector بڑھے گا؟ نوکریاں create ہوں گی؟ جناب، public sector تو shrink ہو رہا ہے۔ Public sector میں تو کٹوتیاں آ رہی ہیں کیونکہ ہمارا public sector بہت بڑا ہے لیکن private sector کو آپ نے کیا incentive دیا ہے؟ Super tax پر کچھ ہوا؟ بس ایسے ہی نشستن، برخاستن بات ہوئی ہے اور roadmap تو کوئی نہیں ہے۔ تو آپ کسی بھی private sector کے نمائندے سے

پوچھیں، میں اُن کی حمایت نہیں کرتی، میں تو minimum wage کی بات کرنے آئی ہوں۔ لیکن جناب، نوکریاں بھی تو اُنہی سے ملیں گی اور کہاں سے آئیں گی؟ تو ان پر بھی آپ نے ایک عجیب و غریب ہتھکڑی لگا دی ہے۔

Incentives بہت آئے ہیں لیکن میں اِسی زمرے میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ پاکستان میں minimum wage کیوں نہیں بڑھائی گئی۔ Salaries کی بات ہو رہی ہے، pensioners کی بات ہو رہی ہے، سب کی بات ہو رہی ہے۔ ہم نے اپنی تنخواہیں تو بڑھا لیں لیکن جو غریب ہے اُس کی minimum wage نہیں بڑھی۔ میرے اپوزیشن کے دوست ابھی نہیں ہیں، وہ living wage کی بات کرتے ہیں۔ دنیا میں اب living wage ہوتا ہے۔ ہم salaried کا اور government employees کا بھی ضرور خیال رکھ لیں گے اور رکھنا بھی چاہیے لیکن جناب، اُس کے باہر اور بھی غم ہیں زمانے میں۔ اپنی تنخواہوں کے علاوہ اور بھی غم ہیں زمانے میں۔

جو اس وقت تیل کی قیمتیں ہوتی جائیں گی، ایران اسرائیل کا تنازعہ آپ دیکھ رہے ہیں۔ اسرائیل نے وہی جنگ مسلط کی ہے جو ہندوستان نے پاکستان پر مسلط کرنے کی کوشش کی تھی۔ آپ ہماری قوت کو جانتے ہیں اور پوری کہانی آپ کے سامنے ہے۔ میں وہ سب کچھ بیان کرنے کے لیے تیار ہوں جو ہم نے باہر ڈٹ کر بیان کیں ہیں اور پاکستان کا مقدمہ لڑا ہے لیکن جو بھی ہے اب تیل کی قیمتیں already بڑھ چکی ہیں۔ Petrol اور تیل کی قیمتوں کا ہر چیز پر اثر ہوتا ہے۔ میں نہیں کہہ رہی کہ یہ آپ نے کیا ہے مگر ہمیں اپنے لوگوں کا دفاع کرنا ہوگا۔

This is our first line of defense. The economic prosperity of our country and the external factors don’t point towards that. We are doing a great deal and my compliments to the Finance Minister and Prime Minister Mian Shahbaz Sharif.

انہوں نے بہت سے ایسے اقدامات کیے ہیں جو economy کو بہت مشکل اور گہرے اندھیروں سے نکال لائے ہیں۔ میں یہ نہیں کہہ رہی کہ انہوں نے نہیں کیا لیکن اس وقت جو حالات ہیں تو جناب، آپ minimum wage کو review کروائیں اور National Assembly اِس پر اپنا زور ڈالے اور وہ کہتے ہیں کہ minimum wage پر تو implement نہیں ہوتا تو کیا فرق پڑتا ہے۔ نہیں جناب۔ بڑی بڑی کمپنیوں کو implement کرنا پڑتا ہے۔ جس طرح آپ کوئی قانون بناتے ہیں اور یہ کہہ دیتے ہیں یہ implement نہیں ہوگا، تو یہ کوئی بات نہیں ہوتی۔ وہ کمپنیاں جو taxation کی زد میں ہوتی ہیں انہیں Implement کرنا پڑتا ہے، یہ tag لگائیں۔

Climateکے حوالے سے بھی ایک اچھا کام کیا ہے کہ سارے بجٹ کی green tagging ہو رہی ہے۔ یعنی ہر departmentجو بھی spendingکرے گا،اُس کی green taggingہو گی۔ This is a very good step and a very important step. But coming back to the taxation.آپ نے solar panelsپر اٹھارہ فیصد taxلگا دیا۔ جناب ! پاکستان میں تو solar revolutionچل رہا تھا۔ Rooftop revolution چل رہا تھا۔ تو مودبانہ گزارش ہے کہ یا تو اُس کو کم کر دیں یا لوگوں کو imported panelsپر incentive دیں، کون سا یہاں manufactureکر رہے ہیں۔ کوشش یہاں ہو رہی ہے۔اس taxکو یا تو ختم کریں یا کم کریں اور میری اطلاع ہے کہ at the top levelاس بات پر گفت و شنید ہو رہی ہے تو اس کو reviewکریں۔

میں آپ کے توسط سے ایک اور taxationکے reviewپر گزارش کروں گی اور وہ electric and hybrid vehiclesکے taxationسے متعلق ہے۔ ان پر اٹھارہ فیصد taxationڈالی گئی ہے۔ کوئی South Asiaکا ایسا ملک نہیں ہے، آپ بنگلادیش لے لیں، بھوٹان لے لیں، کسی بھی ملک کو لے لیں، میں Westکی طرف pointنہیں کر رہی، کوئی بھی ایسا نہیں کر رہا۔ اُن کے Air Pollution Indicesآپ سے بہت نیچے ہیں۔ Pakistan is No.02 in the most air polluted countries in the world. No.04 in water and No.01 in climate vulnerable. What is the priority?لاہور میں بلکہ آپ کا شہر ملتان ایک دن World Health Organizationکی rankingسے چودہ پندرہ ڈگری زیادہ ہو گیا تھا۔ پاکستان کے بہت سے شہروں میں تو سانس لینا مشکل ہو گیا ہے۔

پچھلے سے پچھلے سال 128000لوگ صرف air pollutionسے دم توڑ چکے ہیں۔ یہ کم statistics ہیں۔ گیارہ ملین بچے impacted ہیں اور یہ World Bank نے کہا ہے کہ اس سے کہیں زیادہ آپ کی GDP air pollution کی وجہ سے impactedہے۔ Almost 7 percent of the GDPاور یہ سارا کھیل ہی GDPکا ہے جی۔آپ کی growthکیوں نیچے رہتی ہے؟ کیونکہ آپ climate impacts کو corelate نہیں کر پا رہے ہیں۔ آپ Electric vehicles and Hybrid vehicles کو tax کریں گے تو پھر کالی گیس والی گاڑیاں سڑکوں پر چلیں گی۔ Motor vehicles کا بہت high percentageہے کم از کم 48 percent ہو جاتا ہے.towards your air pollution issue آپ کتنی tunings کروائیں گے۔

آپ incentives دیں۔ ساری دنیا incentives دے چکی ہے۔ اس وقت کچھ European ممالک تو صرف Electric Vehicles کی طرف transition کر رہے ہیں اور پورا South Aisa transition کر رہا ہے لیکن جناب، پاکستان کیوں پیچھے جا رہا ہے؟ We are choking to death in the winter. خاص طور پر پنجاب والے، سندھ میں تو کراچی کی sea breeze نکال دیتی ہے۔

Mr. Chairman. Senator Sahiba, try to wind up please.

سینیٹر شیری رحمان: جی جناب۔ میں ختم کر رہی ہوں۔ تو میرا یہ ضرور کہنا ہے کہ Indus Waters Treaty آپ کے سر پر، جیسے کہ ہندوستان نے کوشش کی ہے اور یہ کوشش ہی ہے کیونکہ معطل کرنے کی کسی treaty میں کوئی بھی clause نہیں ہے۔ یہ بات ظاہر ہے ہمارے tour میں بہت زیادہ زیر بحث آئی تھی جس میں میں پھر سے Prime Minister شہباز شریف کا، Foreign office اور ڈار صاحب کا بھی شکریہ ادا کروں گی لیکن اس میں رُوحِ رَواں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری رہے ہیں۔ چیئرمین صاحب! صبح آٹھ بجے سے رات کے بارہ بجے تک وہ اپنے قدموں پر رہتے تھے۔ ہم سب کو بھی انہوں نے ہلکان کر دیا۔ اکثر و بیشتر ہم بمشکل ناشتہ کر کے نکلے ہیں تو پھر وہی ہوتا تھا یا کوئی formal عشائیہ، نہیں تو سونے کا بھی حال نہیں اور پینے کا بھی نہیں تھا لیکن سارے دوستوں نے مل کر جس طرح ملک کا مؤثر مقدمہ لڑا ہے، تو میں سمجھتی ہوں کہ وہ ستائش کا مستحق ہے۔ میں اپنی بات نہیں کر رہی لیکن Indus Waters Treaty پر خاص طور پر بہت باتیں ہوئیں اور سب نے، جس جس سے ہماری ملاقاتیں ہوئی ہیں، چاہے افریقہ میں ہوں، نیویارک میں ہوں، multilaterals سے ہوں، یورپ میں ہوں، لندن میں ہوں۔ کشمیر کا issue تو بار بار آیا۔ دہشت گردی پر بھی بہت مؤثر بات کی گئی کہ پاکستان تو تیار ہے اور امن کے لیے ہمیشہ ہمارے دروازے کھلے ہیں۔ ہم مستقل جنگ کی بات نہیں کرتے بلکہ ہم تو مستقل امن کی بات کرتے ہیں۔ But it has to be a just peace جس میں ہر چیز table پر ہو۔ دو nuclear ممالک کس نہج پر پہنچے یہ سب کو پتا ہے کہ ہم نے escalate بھی نہیں کیا اور نہ ہم نے جنگ مسلط کی لیکن پانی کا جو مسئلہ ہے وہ کبھی جیتی دنیا نے اس طرح نہیں دیکھا کہ کوئی ملک اس کو weapon of war کی طرح استعمال کرے۔ اس طرح ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا پاکستان یا دنیا کی تاریخ میں کسی نے نہیں دیکھا۔ Chairman Bilawal repeated in every meeting that it is a very dangerous precedent. اس پر سب کے سوال اور جواب ہوئے اور جہاں جہاں meetings ہوئیں، ہم نے اللہ کے فضل

سے سب کو satisfy کیا۔ ہر جگہ اور ہر کسی کے دل اور ذہن میں یہ بات ضرور بیٹھ گئی ہے کہ Pakistan is a responsible and mature nuclear power. جناب! ہندوستان کا جو delegation آیا تھا، اس کے پاس کوئی message نہیں تھا۔

Mr. Chairman: Thank You.

سینیٹر شیری رحمان: جی آپ کا بھی بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

Mr. Chairman: I have to make as announcement. (Continued on T04)

T04-18June2025 Abdul Ghafoor/Ed. Waqas 11: 40 AM

Mr.Chairman: Thank you. I have to make an announcement. This House welcomes the students and faculty members of the Quaid-e-Azam University, Islamabad, who are seated in the visitor's gallery.

***(The House recognized the presence of students and faculty members of the Quaid-e-Azam University, Islamabad)***

Mr. Chairman: Senator Manzoor Ahmed sahib, since you have to preside, if you want to make the speech earlier, you can.

**Senator Manzoor Ahmed**

سینیٹر منظور احمد: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! بجٹ کے حوالے سے تمام دوستوں نے، معزز ممبران نے بڑی تفصیلاً گفتگو کی ہے۔ شروع کرنے سے پہلے میں ایک چھوٹا سا واقعہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ محمد رمضان خان کاغان سے آٹھ کلومیٹر کے فاصلے پر یلغار منڈا کے مقام پر، اس کا تعلق بلوچستان سے ہے، پشین کے علاقے سے ہے، وہ وہاں پر ندی میں ڈوب گیا۔ ابھی تک اُس کی لاش نہیں ملی، نہ ہی نکالی گئی ہے اور نہ ہی D.C مانسہرہ نے کوئی کوشش کی ہے۔ میں یہاں پر درخواست کروں گا، حالانکہ یہاں پر کوئی وزیر بیٹھا بھی نہیں ہے، اور نہ ہی وہ اس اجلاس کو یا اس ایوان کو کوئی ترجیح دیتے ہیں کہ اگر یہاں کوئی ایک وزیر بیٹھا ہوتا تو ہم بات بھی کر سکتے تھے اور شاید ہمیں جواب بھی مل جاتا۔ اب ہم جواب کس سے مانگیں؟ ہمیں جواب دے گا کون؟ جو کچھ بھی چل رہا ہے، جو حالات چل رہے ہیں۔

اب گورنمنٹ ہے، کیا کہیں؟ میری ایک request تھی اگر ڈی سی مانسہرہ یا کمشنر سے جواب طلب کیا جائے کہ سات آٹھ دن گزر چکے ہیں اور بچے کی لاش ابھی تک نہیں ملی۔ ان کے گھر والے ماں، بہن، باپ، بھائی انتہائی پریشانی میں ہیں۔ وہ تو ان کو پتا ہے جہاں پر آگ جل رہی ہے۔ ڈی سی مانسہرہ صاحب شاید اپنے دفتر میں بیٹھے ہوں گے، کمشنر صاحب بھی اپنے دفتر میں موجود ہوں گے۔ اُنہیں اس سے کیا سروکار؟

جناب چیئرمین! یہاں پر 10 تاریخ سے ایک سلسلہ چل رہا ہے ایران پر جو attack ہوا ہے، تمام پاکستانیوں نے، تمام ممالک نے اس کی مذمت کی ہے، ہم بھی اس کی مذمت کرتے ہیں۔ پہلے انڈیا نے اپنے آپ کو آزمانے کی جو پاکستان پر انہوں نے حملہ کیا، ہماری پاکستان کی افواج اور عوام نے مل کر جو جواب انڈیا کو دیا، وہ پوری دنیا نے دیکھا۔ اس کے ساتھ جواب اسرائیل نے، پہلے انڈیا کو آگے کیا، اب اسرائیل کو آگے کیا کہ ایران پر attack کرے۔

جناب چیئرمین! یہ وہی پرانے زمانے میں جب ہم سنا کرتے تھے جب ایک قبیلہ دوسرے قبیلے پر یلغار کرکے قبضہ کرلیتا تھا۔ اب اس region میں یہی چل رہا ہے۔ کبھی انڈیا کو اٹھا لیتے ہیں تو اب اسرائیل کو اٹھایا گیا جنہوں نے ایران پر حملہ کیا اور negotiation چل بھی رہی تھی اور ایران negotiation کی حد تک جا بھی چکا تھا لیکن اُن کے عزائم کچھ اور ہیں۔ جو پردے کے پیچھے بیٹھا ہوا ہے جس نے script لکھ کر دیا ہوا ہے وہ یہ نہیں چاہتا کہ یہ negotiation ہوں۔

جناب والا! عراق ہمارے سامنے ہے، شام ہمارے سامنے ہے۔ میں نے پہلے بھی اس floor پر ایک speech کی تھی اس میں میں نے کہا تھا کہ ہر ملک اپنی باری کے انتظار میں ہے اور وہ بات سامنے آگئی ہے۔ اب ایران تک جب پہنچے ہیں تو دوسرا target جناب چیئرمین! میں اس floor پر کہوں گا کہ وہ پاکستان کو رکھیں گے۔ یہ باتیں کسی سے بھی ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ لیکن امت مسلمہ پتا نہیں کیوں خاموش بیٹھی ہے؟ اس کے اوپر کیوں سر نہیں جوڑتی؟ میں پھر کہوں گا باری کا اگر انتظار ہوگا تو پھر عراق بھی سامنے ہے اور شام بھی سامنے ہے۔

آئیے، ہم سب مل کر اسرائیل کو اور جو script لکھنے والے ہیں ان کو تو ہم جواب دیں۔ لیکن میں اس بات پر فخر کروں گا، چاہے وہ نون لیگ کی لیڈرشپ ہو، چاہے وہ پیپلز پارٹی کی لیڈرشپ ہو، چاہے باقی پارٹیوں کی لیڈرشپ ہو، جنہوں نے اقوام متحدہ میں یا یہاں پر اس بات کو اجاگر کیا کہ پاکستان کے بیانیے کو اتنا strong رکھا کہ اب نہ انڈیا کا بیانیہ کہیں چل رہا ہے اور نہ کسی اور کا بیانیہ چل رہا ہے۔ میں اس بات کی مبارک باد دیتا ہوں۔ اگر اسی طرح یہ پالیسی باہر کی جو خارجہ پالیسی ہے strong ہوگی تو انشاءاللہ ہم اپنے جو مقاصد ہیں اس میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین! ساتھ ساتھ بجٹ کے حوالے سے بہت سی چیزیں دوستوں نے discuss کیں میں اس کی repetition میں نہیں جانا چاہتا لیکن ایک بات ہے کہ جب کہ بھی بجٹ بنایا جاتا ہے تو پورے ملک کے عوام کی نگاہیں اسی بجٹ کی طرف ہوتی ہیں۔ بجٹ جب جون میں آتا ہے تو اس کے حوالے سے ان کی سوچ یا ان کی فکر کہ ہمارے لیے کیا رکھا جائے گا؟ ہمیں کیا relief دیا جائے گا؟ جناب! اس میں

پورے سال کا ہر شعبے کا ایک فنڈ ہوتا ہے اس کے متعلق بات ہوتی ہے، اس کے لیے فنڈ مختص کیا جاتا ہے۔ لیکن بد قسمتی کہوں، کیا کہوں، کبھی ہم نے اس چیز کی long term policy دی ہی نہیں ہے۔ جب آپ بجٹ بنانے جاتے ہیں چاہے وہ گھر کا ہو، چاہے وہ کسی business کا ہو، تو مل بیٹھ کر اس کے اوپر پورے سال کا ایک پلان رکھا جاتا ہے۔ یہ تو پورے ملک کا ہے۔ یہ تو پورے سسٹم کا ہے لیکن جب بھی جون قریب آ جاتا ہے اس سے دو تین مہینے پہلے بیٹھ کر سر جوڑ دیتے ہیں کہ کس کو کتنی اذیت دینا چاہتے ہیں یا ہم ان کو دے سکیں۔ جتنی تکلیف ہم دینا چاہیں ان کو دے سکیں۔

جناب چیئرمین! اسی بجٹ سے پورے ملک کا سسٹم چلتا ہے۔ ملک کو تو ہم نے قرض دار کر دیا ہے۔ ملک اس وقت قرضے پر چل رہا ہے۔ پچھتر سال ہو گئے ہیں ہم نے کوئی ایسی policy بنائی ہی نہیں ہے۔ جو ہماری صنعتیں تھیں یا جو ہمارے ادارے تھے ان کو تو ہم نے زمین بوس کر دیا ہے لیکن پھر بھی ہم اس سوچ میں نہیں ہیں کہ ہم دوبارہ کیسے کھڑے ہو پائیں گے اور اس ملک کو اس مشکل سے کیسے نکالیں گے۔ جناب چیئرمین، پھر بھی ہم وہاں جا کر اپنے لیے کشکول لے کر مانگتے ہیں پھر آ کر بیٹھتے ہیں اور اس کے اوپر ہم بجٹ بنا لیتے ہیں۔ کب تک یہ ہوگا؟ کب تک؟ آخر ہم نے سوچنا ہوگا کہ ہم نے اپنے بچوں کے لیے کیا کرنا ہے؟ ہم نے education میں کیا کرنا ہے؟ ہم نے health میں کیا کرنا ہے؟ ہم نے agriculture میں کیا کرنا ہے؟ ہم نے climate میں کیا کرنا ہے؟ باقی جتنے بھی ادارے ہیں ہم نے ان کے لیے کیا کرنا ہے؟

جناب چیئرمین! لیکن ایسی پالیسی کبھی سامنے آئی ہی نہیں ہے۔ صرف ایک جون، ایک تین مہینے اسی میں تمام چیزیں پکڑ کے کمروں میں بیٹھ جاتے ہیں نہ کسی intellectual کو بلایا جاتا ہے، نہ کسی معاشی جو معیشت کو سمجھنے والے لوگ ہیں نہ ان کو بلایا جاتا ہے، نہ ایسے لوگ جو ان چیزوں کو بخوبی جانتے ہیں نہ ان کو بلایا جاتا ہے۔ کچھ لوگ بیٹھتے ہیں اور بجٹ بنانا شروع کر کے پھر اس میں میٹنگز ہو جاتی ہیں میٹنگ میں آپ recommendations دے دیں وہ recommendations accept ہوتی ہیں کہ نہیں ہوتی ہیں۔ لیکن یہاں پر میں نواز شریف صاحب کو، شہباز شریف صاحب کو appreciate کروں گا کہ انہوں نے ابھی پانچ سال کا کوئی پلان دیا ہے۔ جس میں آئی ٹی ہے، energy ہے باقی کچھ اور departments ہیں شاید میں نے سنا ہے کہ ایک پلان ہے لیکن اگر وہ پلان دیا ہوا ہے پانچ سال کا تو اس میں انہوں نے کس حد تک achievement کی ہے۔ اس میں کس حد تک کوئی results سامنے آئے ہیں۔ کسی کو پتا ہے کیا؟ اگر ایسے ہے تو بہت خوشی کی بات ہے۔

جناب چیئرمین! 1955 سے 1960 تک پہلی مرتبہ ایک پانچ سالہ پلان رکھا گیا تھا۔ جس میں سب سے پہلے زراعت کو ترجیح دی تھی اور سیکنڈ پر صنعت کو ترجیح دی تھی۔ اس میں قومی آمدنی میں اضافہ بھی ہوا تھا اور پاکستان ایشین ٹائیگر بننے کی طرف جا بھی رہا تھا۔ اس کے بعد ایسی کوئی چیز ہمارے سامنے تو نہیں آئی، نہ معیشت رہی اور نہ صنعت رہی۔ جناب! اس کے کون لوگ ذمہ دار ہیں؟ کیا ہم جو قرضے لے رہے ہیں، ہمارے جو بچے ہیں، ہم سب ہیں، ہم سب تو قرض دار ہیں ہی لیکن جو آنے والے بچے ہیں ان کو بھی ہم نے قرض دار بنا دیا۔ اس کے بارے میں بھی اگر کچھ سوچیں۔ اس کے بارے میں بھی اگر ہم کوئی پالیسی بنائیں۔

جناب چیئرمین! آپ بے شک صوبے کی بات کریں۔ آپ اپنے علاقے کی بات کریں لیکن overall پاکستان اور 25 کروڑ 24 کروڑ عوام کے حوالے سے بھی ہمیں دیکھنا ہوگا، سوچنا ہوگا۔ پہلے تو ہم کہہ رہے تھے جب ہم بلوچستان کے لیے رونا روتے تھے تو یہاں پر کوئی دوست بول رہے تھے کہ ابھی تک بلوچستان پورا نہیں ہوا، یہ تو شکر ہے کہ آج سامنے آگیا کہ سندھ بھی رو رہا ہے، خیبر پختونخواہ بھی رو رہا ہے۔

(جاری ہے۔۔۔T-05)

T05-18June2025 Tariq/Ed: Khalid. 11:50 am

سینیٹر منظور احمد۔۔۔جاری۔۔۔ کوئی دوست کہہ رہا تھا کہ ابھی تک بلوچستان پورا نہیں ہوا، یہ تو شکر ہے کہ آج سامنے آگیا کہ سندھ بھی رو رہا ہے، خیبر پختونخوا بھی رو رہا ہے اور باقی صوبے بھی رو رہے ہیں، پھر تو ہم ٹھیک تھے جناب۔ آپ بالکل صوبے کی لڑائی لڑیں، جو صوبوں کے ساتھ وعدے کیے گئے ہیں انہیں پورا ہونا چاہیے تھا جو شاید پورے نہیں ہوئے ہیں۔

بلوچستان کے لیے Federation کی طرف سے جو پیسے رکھے گئے ہیں اس بابت میں ان کا شکر گزار ہوں، ہم ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں لیکن جناب چیئرمین، جس منصوبے کے لیے جتنے پیسے رکھے جاتے ہیں، مثلاً ایک منصوبہ سو ارب روپے کا ہے تو اگر آپ اس کے لیے دس ارب روپے مختص کریں گے تو وہ منصوبہ نہ ہی مکمل ہو گا، وہ منصوبہ on-going projects میں آتا رہے گا اور اسے بنتے بنتے بیس سال لگیں گے، جس سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ اگر آپ نے منصوبے دیئے ہیں، میں تمام صوبوں کے حوالے سے بات کر رہا ہوں، ان منصوبوں کے لیے انہیں پورے پیسے دینے چاہییں تاکہ وہ جلد از جلد مکمل ہوں اور لوگ ان سے فائدہ اٹھائیں۔

جناب چیئرمین! یہاں اوپر گیلری میں بیٹھے ہوئے لوگوں کے لیے ہم نے کیا سوچا ہے، ان کے لیے ہم نے کیا کیا ہے؟ جو مزدور طبقہ ہے اس کے لیے ہم نے کچھ سوچا ہے؟ یہاں پر solar taxation کی بات ہوئی تو سولر پر جو ٹیکس لگا ہے تو آپ نے غریب کے منہ سے نوالہ چھینا ہے اور آپ نے کوئی کام نہیں کیا ہے۔ آپ نے یہ بھی کیا ہے کہ جس گھر میں دو بجلی کے میٹر لگے ہوں گے ان کے خلاف قانونی

کارروائی ہو گی۔ مجھے پتا نہیں ہے کہ ایسی پالیسیاں کون بناتے ہیں؟ ہمیں تو کچھ سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ اگر ایک گھر میں دو میٹر لگے ہوں گے تو ان کے خلاف کارروائی ہو گی۔ ماشاءاللہ جس کی سوچ ہے اسے سلام۔ اگر یہی سوچ رہی تو پاکستان پھر بہت اچھے سے ترقی کرے گا اگر ہمارے policy maker اس طرح رہے۔

جناب چیئرمین! یہاں پر سکھر موٹروے کی بات ہو رہی تھی تو وہ کیوں نہیں بننے جا رہی ہے؟ باقی جن علاقوں میں موٹرویز بن رہی ہیں، اس پر ہمیں اعتراض نہیں ہے کیونکہ وہ بھی ہمارے بھائی ہیں، وہاں بھی موٹرویز بنیں، ڈبل موٹرویز بنا کر دیں لیکن جہاں جس کا حق ہے اسے بھی بنا کر دیں۔ بلوچستان کے حوالے سے آپ کہتے ہیں کہ وہاں پر موٹروے کی ضرورت ہی نہیں ہے، ان کو تو ان چیزوں کی ضرورت ہی نہیں ہے، وہ ایسے ہی ٹھیک ہیں جیسے وہ اپنی زندگی گزار رہے ہیں۔ کیا بلوچستان نے کوئی گناہ کیا ہے جناب، اس لیے وہاں موٹروے نہیں بن رہا۔ چمن سے کراچی جو ایک dual carriage way ہے اسے تقریباً پندرہ سے بیس سال ہو گئے ہیں، ابھی تک وہ ویسے ہی پڑا ہوا ہے اور بننے کا نام ہی نہیں لے رہا ہے، ژوب والا ہے جس کے بیچ کے تمام علاقے رہ گئے ہیں، اس کے لیے کوئی فنڈ نہیں ہے، کیوں، اس کی کیا وجہ ہے؟ وہ لوگ نہیں ہیں، یا وہ یہ نہیں چاہتے ہیں یا ان کی خواہشات نہیں ہیں یا ان کی زندگی نہیں ہے۔ یہاں پر میرے ایک معزز سینیٹر بھائی نے Article 38 کی بات کی۔ Article 38 روٹی، کپڑا اور مکان کی بات کرتا ہے، ہم تو یہی کہتے ہیں کہ ہم عوام کو روٹی، کپڑا اور مکان دیں گے لیکن میں جو سوچ رہا ہوں کہ ہم یہ کرنے جا رہے ہیں کہ ہم ان سے روٹی، کپڑا اور مکان چھیننے جا رہے ہیں، ہم انہیں دے نہیں رہے ہیں۔ آپ دیکھیں کہ لوگ غربت کی وجہ سے یہاں پر خودکشیاں کر رہے ہیں، ایک ہفتے پہلے ہی کی بات ہے کہ باپ نے زہر دے کر اپنے پورے خاندان کو مار ڈالا۔ ایک بچی خودکشی کرنے کے لیے کھمبے پر چڑھی ہوئی تھی۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ اس کی وجہ یہی ہے کہ ہم اشرافیہ کو تو نواز رہے ہیں اور غریبوں کو کچل رہے ہیں، ہمیں ان چیزوں سے نکلنا چاہیے۔

آپ نے کبھی اس بات پر غور کیا ہے کہ کتنے بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ آپ نے Higher Education کو کتنا فنڈ دیا ہے اس پر کبھی آپ نے غور کیا ہے۔ حکومت، ریاست اور عوام کے بیچ ایک معاہدہ ہے، عوام ٹیکس دے گی لیکن ریاست پھر ان تمام چیزوں کی ذمہ دار ہو گی۔ آپ تو عوام کا خون چوس رہے ہیں۔ عوام تو آپ کا ساتھ دے رہی ہے لیکن ریاست کیا کر رہی ہے، ملک اس عوام کے ساتھ کیا کر رہی ہے، آپ تو عوام کا خون چوس رہے ہیں۔ آپ نے ان سے جو وعدے کیے وہ وفا ہی نہیں ہوئے۔ اب اگر Prado or Land Cruiser والا پٹرول 260 روپے کا ڈلوائے گا تو موٹر سائیکل والا بھی اسی قیمت میں پٹرول ڈلوائے گا۔ 40-35-30 ہزار روپے میں لوگ گزارہ کر رہے ہیں۔ میں یہاں پر بیٹھے ہوئے لوگوں کو 40 ہزار روپے ماہانہ دیتا ہوں، وہ مجھے پورے مہینے کا بجٹ بنا کر دیں کہ میں پورا مہینہ چلا سکتا

ہوں جو کہ ناممکن بات ہے لیکن پھر بھی ہم ان کے لیے نہیں سوچ رہے ہیں۔ پھر بھی ہم ان کے لیے اچھی رائے نہیں رکھتے ہیں۔ ہم بس یہی کرتے ہیں کہ قرض لے رہے ہیں، اس کے بعد وہ پیسہ تقسیم کر دیتے ہیں، اپنے منصوبے بنا لیتے ہیں لیکن کیا ہم نے کبھی یہ سوچا ہے کہ ہم کوئی ایسی پالیسی بنائیں کہ ہم اس مشکل سے کب اور کیسے نکلیں گے۔ آپ کا PIA اور ریلوے کہاں ہے۔ یہ تو ہمیں ان کا شکریہ ادا کرنا چاہیے جو ہمیں یہ بنا کر دے گئے ہیں، اس کے بعد کبھی کسی نے کوئی نئی چیز بنا کر دی ہے۔ جس ملک میں صنعت اور industry ہی نہ ہو تو وہ ملک کیسے چلے گا اور ترقی کرے گا۔ اگر ہم ایک دوسرے کو دھوکہ دیتے رہے اور یہاں پر اچھی تقاریر کرتے رہے، headlines بناتے رہے تو چلیں ٹھیک ہے یہ ملک 75 سالوں سے چلتا آ رہا ہے تو آگے بھی چلتا رہے گا۔ کوئی نہیں آئے گا جناب چیئرمین، جب تک ہم سب، تمام جماعتیں، تمام leadership اکٹھی ہو کر نہیں بیٹھے گی کہ آئیں مل کر اس ملک کی معیشت اور اس کا مستقبل بہتر بنائیں، اپنی عوام کا مستقبل بہتر کریں لیکن جناب ہماری ایسی سوچ ہی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! یہاں پر e-commerce کے حوالے سے یہاں بات ہوئی۔ E-Commerce تو ہمارے بچوں اور طلباء کے لیے کوئی چھوٹا موٹا business ہے۔ باتیں اور چیزیں تو بہت ہیں، خاص طور پر اب بجٹ میں کچھ اچھے initiatives بھی لیے ہیں جیسا کہ construction کے حوالے سے ایک اچھا فیصلہ ہوا ہے کہ real state کا کام آگے چلے گا، لوگوں کا پیسا آئے گا اور لوگوں کا business چلتا رہے گا لیکن میں پھر ایک بات کہوں گا کہ خدارا ہمیں غریبوں پر رحم کرنا چاہیے، ان کے حوالے سے ہمیں سوچنا چاہیے، ابھی بھی ہمارے پاس وقت ہے، ایسے لوگوں کے لیے جنہیں ایک وقت کا کھانا میسر نہیں ہے، ان کے لیے ہمیں سوچنا چاہیے کہ جو چیزیں آگے آنے والی ہیں تو ہمیں long term policy بنانی چاہیے۔ اپنی انا اور سیاست کو ایک طرف رکھنا چاہیے، اس ملک اور سسٹم کے لیے ہمیں آگے جانا ہوگا۔

جناب چیئرمین! یہاں پر defence کے حوالے سے بھی بات ہوئی تھی۔ Defence کا بجٹ اگر بڑھا ہے تو مجبوری کے تحت بڑھا ہوگا۔ ہمیں پتا ہے کہ ملک کے حالات بہت مشکل ہیں، حکومت کو funds کے حوالے سے مشکلات پیش ہیں لیکن ان حالات میں بھی انہوں نے جو بجٹ دیا ہے اس بابت میں یہی کہوں گا کہ یہ ایک بہتر بجٹ ہے۔ آئیں مل کر ہم مستقبل کے حوالے سے سوچیں۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. Now I give the floor to Senator Raja Nasir Abbas, Parliamentary Leader for *Majlis-e-Wahdat Al-Muslimeen.*

آپ بھی پریذائیڈنگ آفیسر ہیں، اس لیے میں نے آپ کو موقع دیا ہے کہ اگر آپ کو preside کرنا پڑا تو پھر time نہیں ہوگا۔

**Senator Raja Nasir Abbas**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: شکریہ جناب۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی)۔ اس سال جب یہاں بجٹ اجلاس میں بحث ہو رہی ہے، دنیا چونکہ global village کی شکل میں ڈھل چکی ہے، اس دنیا اور اس region میں بڑے بڑے تحولات آ رہے ہیں، مفکرین گزشتہ کئی سالوں سے یہ کہہ رہے تھے کہ جس دور میں ہم رہ رہے ہیں اسے shift of power from west to east کا دور کہتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں اس دنیا میں بڑی changes آئیں گی کیونکہ East deserve کرتا ہے کہ وہ دنیا کو ہر حوالے سے lead and rule کرے۔ تمام کا تمام potential East میں موجود ہے۔ عالمی قوتیں، بین الاقوامی قوتیں، West جس hegemony دنیا پر ہے وہ نہیں چاہتا کہ shift of power from West to East تعاقب پیدا کرے، وجود پائے وہ اسے slow کرنے کے لیے اور اسے روکنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔

پاکستان South Asia میں بہت اہم جگہ پر واقع ہے، strategically بہت اہمیت کا حامل ہے۔ پاکستان کو معاشی، سیاسی اور امن و امان کے حوالوں سے کمزور کرنا اور destabilize کرنا یہ اس خطے کے ساتھ بھی، East کے ساتھ بھی، ایشیا کے ساتھ بھی اور وطن کے ساتھ بھی خیانت ہے۔ اس ملک کا استحکام چاہے وہ سیاسی ہو، چاہے معاشی ہو، چاہے امن و امان کے حوالے سے ہو، یہ ضرورت ہے پاکستان کے لیے بھی، 26-25 کروڑ عوام کے لیے بھی۔ اس کے لیے پھر خدا تعالیٰ نے قرآن مجید میں بھی، جو میں نے سورۃ الرعد کی 17 ویں آیت پڑھی ہے، بہت خوب صورت اللہ تعالیٰ نے پیغام دیا ہے اور ہماری ہدایت فرمائی ہے۔ میں سارے کا ترجمہ تو نہیں کر سکتا ہوں لیکن آخری جو دو حصے ہیں اس میں خدا تعالیٰ نے کہا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ خدا آسمان سے پانی نازل کرتا ہے۔۔۔آگے جاری۔۔۔(T-06)

T06-18JUNE2025 Mariam Arshad/Ed:Mubashir 12:00 noon

سینیٹر راجہ ناصر عباس (جاری۔۔۔): میں سارے کا ترجمہ تو نہیں کر سکتا ہوں لیکن جو آخری دو حصے ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ: خدا آسمان سے پانی نازل کرتا ہے پھر وہ نالے، نہریں، وادیاں ان میں پانی چل نکلتا ہے۔ سیلاب آتا ہے، پانی جاتا ہے، پانی کے اوپر پھر جھاگ اٹھتی ہے، ابھری ہوئی جھاگ ہوتی ہے یا اپنے زیور بنانے یا کوئی اور چیز بنانے کے لیے سونا، چاندی، لوہا وغیرہ جو مٹی میں ڈالتے ہیں اس میں بھی جھاگ اٹھتی ہے۔ جو اصل چیز ہوتی ہے وہ بیٹھ جاتی ہے اور جھاگ اوپر آ جاتی ہے۔ خدا کہتا ہے کہ میں اسی طرح سے حق اور باطل کی مثال دیتا ہوں۔ جو جھاگ ہے (عربی)۔۔۔ وہ ضائع ہو جاتی ہے، جھاگ میں کچھ بھی نہیں ہے۔ (عربی)۔۔۔ جو انسانوں کو فائدہ دیتا ہے، جو نفع بخش ہے وہ زمین کے اوپر باقی رہ جاتا ہے۔

ہم اگر budget بناتے ہیں اور وہ عوام کے فائدے میں ہے تو اس کا اچھا اثر ہو گا۔ اگر عوام کے فائدے میں نہیں ہے تو یہ جھاگ کی طرح ہو گا جس کا کوئی اثر نہیں ہو گا۔ امام علی کا قول ہے: (عربی)۔۔۔فقر اور غربت انسان کو کفر کی طرف لے جاتی ہے۔ ایک راستے سے غربت داخل ہوتی ہے اور دوسرے راستے سے ایمان اور دین نکل جاتا ہے۔ اس وقت پاکستان کے اندر جو صورت حال ہے اس میں غربت بڑھ رہی ہے۔ آپ دیکھ لیں budget کے اندر جو جمع تفریق کی جاتی ہے کہ کتنا پیسا ہو گیا ہے۔ عام لوگوں کو دیکھیں کیا صورت حال ہے۔ ہم جب معاشرے میں عام لوگوں کو دیکھتے ہیں اصل میں پریشانیاں بڑھ رہی ہیں، غربت بڑھ رہی ہے۔

آپ خود دیکھیں کہ مزدور کو کیا مل رہا ہے۔ قران مجید میں ہے (عربی)۔۔۔بزرگ غفاری کو جو ایک ڈر تھا وہ یہی تھا کہ لوگوں کے کام کی اور ان کی چیزوں کی قدر و قیمت کو مت گھٹاؤ۔ یہ درست نہیں ہے، یہ غلط ہے لہٰذا اگر ہم ان کے کام کاج کی قیمت کم کرتے ہیں، مزدوری بہت کم رکھتے ہیں۔ ان کو کوئی economic support نہیں دیتے، education and health میں support نہیں دیتے۔ ان کے بچے نہیں پڑھ سکتے۔ آپ بھٹے کے مزدوروں کے بچوں کو دیکھیں کہ وہ کس حالت میں ہوتے ہیں۔ عام مزدور کے بچے کس حالت میں ہوتے ہیں، عام آدمی کے بچے کس حالت میں ہوتے ہیں۔ تعلیم کے لیے کچھ بھی نہیں ہے، تعلیم کے لیے سہولت بہتر نہیں ہو رہی، سکول بہتر نہیں ہو رہے ہیں کا educational system بہتر نہیں ہو رہا ہے۔ Higher education ملک کی ریڑھ کی ہڈی کی حثیت رکھتی ہے اس کے لیے بھی budget کاٹا جا رہا ہے۔

لوگوں کو solar کے ذریعے تھوڑی بہت سہولت تھی وہ بھی tax لگا کر چھینی جا رہی ہے۔ لوگ کہتے ہوں گے کہ بے رحم قسم کے لوگوں کی ہمارے اوپر توجہ ہے یا نادانی میں کر رہے ہیں یا جان بوجھ کر کر رہے ہیں۔ بل آخر اگر آپ اپنی عوام کی طاقت کو توڑ دیں گے ہر چیز کا pressure, چاہے جنگ ہو، مشکلات ہوں، مہنگائی ہو سب عوام اٹھاتی ہے۔ وہ بوجھ عوام کے کندھوں پر آتا ہے اگر ہم عوام کو توڑ دیں گے اور ان کے اوپر اتنا بوجھ ڈال دیں گے کہ وہ اس کو اٹھا نہیں سکیں گے تو پھر آپ خود دیکھ لیں کہ اس ملک کو عوام کی ضرورت ہے۔ جو آنے والے بحران ہیں ان میں عوام کی ضرورت ہے، عوام کے اعتماد کی ضرورت ہے، عوام کے trust کی ضرورت ہے۔ ہمیں اپنی Nation power کو بڑھانے کی ضرورت ہے، اپنی soft power کو بڑھانے کی ضرورت ہے اور یہ budget ان ضرورتوں کو پورا کرنے والا بالکل نہیں ہے۔

Textile کو دیکھ لیں، agriculture کو دیکھ لیں۔ میں کچھ عرصہ پہلے فیصل آباد گیا تھا میں وہاں textile کے لوگوں سے ملا وہ یقین کریں رو رہے ہیں۔ کسان رو رہا ہے۔ Food security ملک کے لیے بہت اہمیت کی حامل ہے جس طرح کے اس خطے کے

حالات ہیں، جس طرح اس خطے کے تحولات ہیں۔ ہم اگر اپنے ملک کے اندر گندم کو کمزور کر دیں گے، جو ہماری کھانے پینے کی چیزیں ہیں ان کی طرف توجہ نہیں دیں گے۔ ہمارا کسان روئے گا، تڑپے گا وہ پریشان ہو گا، اس کا خرچہ زیادہ ہو گا اور incomeاس کے مقابلے میں کچھ نہیں ہو گی تو پھر ہمارا ملک agriculturally بھی کمزور ہو جائے گا۔ ہمیں کھانے پینے کی چیزیں باہر سے منگوانی پڑیں گی۔

دنیا کے جو حالات بدل رہے ہیں خدانخواستہ وہ اس خطے پاکستان کے اندر بھی آجاتے ہیں۔ ہمارے دروازے پر دستک دے رہے ہیں ہم کدھر جائیں گے۔ اس budgetکے اندر آپ دیکھ لیں کہ کیا ہوا، پہلے بھی کیا ہوا پچھلے سال بھی اور اس سال بھی، اس ملک کے اندر کسان مارا گیا ہے۔ کسان کا بہت نقصان ہوا ہے۔ Textile industryکا بہت نقصان ہو گیا ہے۔

جناب چیئرمین! حالات بہت خطرناک شکل اختیار کر گئے ہیں، اسرائیل نے ایران پر بلا وجہ حملہ کیا ہے۔ تمام عالمی قوانین اور United Nations Charterکی مخالفت کی ہے۔ اس سے پہلے وہ غزہ میں بے گناہ انسانوں کو قتل کر رہا تھا، genocideکر رہا تھا۔ اس سے پہلے وہ شام کے اندر گھسا اور ان کی تمام military, intelligenceتباہ کر دی بلکہ encouragementدکھائی اور شام کے اندر چلا گیا ہے۔ اب وہی اسرائیل ایران پر چڑھ دوڑا ہے اس نے حملہ شروع کیا ہے اور عالمی قوت امریکہ کی supportسے ہوا ہے۔ برطانیہ، فرانس اور یورپ کی supportسے ہوا ہے۔ اسرائیل اس سے بہت حقیر ہے کہ وہ اکیلے حملہ کر سکے لہٰذا وہ چاہتا کیا ہے میں نے کچھ عرصہ پہلے ایک کتاب پڑھی تھی A Peace to End All Peace by David Fromkin, First World Warکے اوپر ہے اگر آپ وہ کتاب دیکھیں اس میں وہ لکھتا ہے کہ یہ جنگ جب شروع ہوئی ہے اس کا ہدف کیا تھا ایک نیا Middle Eastبنانا ہے۔ اس میں وہ لکھتے ہیں کہ Middle Eastسے مراد صرف یہ والا Middle Eastنہیں ہے بلکہ African Muslim Countriesسے لے کر Central Asiaتک کا علاقہ تھا، South Asiaبھی اسی کے اندر تھا۔

ایک نیا Middle Eastبنانا ہے اس کے بعد Second World Warمیں پورے جہاں اسلام، عثمانی خلافت کو توڑ کر ان کو تقسیم کر کے مسلمانوں کی طاقت کو توڑ کر ایک نیا Middle Eastبنائیں گے۔ جس میں چھوٹے چھوٹے مسلمان ممالک بنا دیے گئے، اسلامی طاقت کو توڑ کر اور اس کے بعد اسرائیل کو وہاں لایا گیا۔ اب اسرائیل کیا کہتا ہے کہ Greater Israelبنانا ہے، Netanyahu کہتا ہے کہ میں نے Middle Eastاور اس خطے کا face changeکر دینا ہے اور وہ حملہ آور ہے۔ ہم اگر ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھے رہے تو کبھی بھی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔

الحمداللہ پاکستان کا United Nations میں بہترین stand تھا جب اسرائیل نے حملہ شروع کیا، پاکستان کی حکومت کا stand بہترین ہے، وزارت دفاع کا stand بہترین ہے۔ Appreciatable ہے لیکن اب بات اس سے آگے بڑھنی چاہیے۔ آپ نے دیکھا ہے خبروں میں اسرائیل امریکہ کو کہہ رہا کہ میرے ساتھ شامل ہو جاو، آجاؤ براہ راست ملوث ہو جاو۔ امریکہ کی support کے بغیر اسرائیل یہ کام نہیں کر سکتا تھا اور اب ایران پر حملے ہو رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم ایران کو ایٹم بم نہیں بنانے دیں گے، ایران کے Ayatollah Khomeini and Imam Khomeini Quds سے لے کر ان تک یہ حرام سمجھتے ہیں ایٹم بم بنانے کو۔ یہ ایٹم بم بنانے کو جائز نہیں سمجھتے، وہ ایٹم بم نہیں بنانا چاہتے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر ہم ایٹم بم بنانا چاہتے تو دنیا کی کوئی طاقت ہمیں روک نہیں سکتی تھی۔ وہاں کے IA کی reports دیکھیں کتنے سالوں سے وہ وہاں visit کرتے ہیں کوئی ایٹم بم نہیں بنا رہے۔ لیکن اسرائیل کہہ رہا کہ ایٹم بم بنا رہے ہیں، کیوں؟

اسرائیل کے Greater Middle East and Greater Israel بننے میں ایران ایک رکاوٹ ہے۔ اس وقت وہاں ایران جو جنگ لڑ رہا ہے وہ پورے East کی جنگ ہے، پورے Asia کی جنگ ہے، جہان اسلام کی جنگ ہے۔ اگر خدانخواستہ وہ اس دیوار کو گرا دیتا ہے تو اس کو مکہ مدینہ پر قبضہ کرنے سے کون روکے گا۔ Return to Mecca by Denis Avi وہ کتاب پڑھنے والی ہے، وہ مکہ تک جائیں گے، وہ مدینہ تک جائیں گے، وہ خیبر تک جائیں گے۔ اس وقت جہان اسلام کو، مسلمانوں کو، East کو بہت بڑا threat ہے اور ہمیں اس threat کو seriously لینا چاہیے۔ اس پر خاموشی اختیار کرنا یا خالی بیان تک محدود نہیں رہنا ہو گا۔ یہ ہم سب کی جنگ ہے، پورے East کی جنگ ہے، جہان اسلام کی جنگ ہے۔ یہ امت مسلمہ کی لڑائی ہے۔

چھوٹا سا اسرائیل ہے جس کی نہ کوئی back ہے نہ کوئی depth ہے۔ اس میں اتنی جرات کہاں سے آئی ہے، اتنی طاقت کس نے دی ہے اس کو، امریکہ نے دی ہے، Europe نے، West نے وہ اس کو مسلمانوں کے دل میں اسی لیے لے کر آئے تھے۔ اب نقشہ اٹھا کر دیکھ لیں کہاں واقع ہے اسرائیل مسلمانوں کے دل کے اندر لہٰذا وہ اس کو اسی لیے لائے تھے کہ اس پورے خطے کو اپنے control میں رکھنا ہے۔ Greater Israel بنانا ہے اور ساری کی ساری سمندری شاہرائیں ہیں جو بابل مندر سے لے کر آبنائے ہرمز تک energy کے resources ہیں۔ سب پر قبضہ کرنا ہے اور ہمیشہ دنیا پر حکومت کرنی ہے، اپنی hegemony کو باقی رکھنا ہے، ملکوں کو مزید توڑنا ہے۔ کویت اور قطر کی طرح چھوٹے چھوٹے ملک بنانے ہیں۔ پاکستان توڑنا ہے، اران توڑنا ہے، عراق توڑنا ہے، ترکی توڑنا ہے، سب کو توڑنا ہے۔

اس لیے یہ خطرناک صورت حال ہے اور ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ اس کے مقابلے میں کھڑے ہوں۔ میں ایران میں رہا ہوں، میں نے وہاں 19years پڑھائی کی ہے۔ میں نے جنگ کو بھی قریب سے دیکھا ہے۔ وہ ہارنے والے نہیں ہیں۔ وہ امام حسینؑ کے ماننے والے ہیں۔ ہمارے پاس جو آخری چیز بچتی ہے وہ ہے کربلا تشکیل دینا۔ آج عاشورایوں کی طرح ظلم سے ٹکرانا اور اپنی جان اور خون دے دینا لیکن سر نہ جھکانا۔ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ pressure ڈال کر ان کا سر جھکا دیں گے، آٹھ سال ان پر حملہ کیا پوری دنیا ان پر حملہ آور تھی، کیا تم نے ان کو جھکا لیا تھا؟ ان پر sanctions لگے 46 years ہو گئے ہیں، کیا تم ان کو جھکا سکے ہو؟ روک سکے ہو؟ نہیں روک سکتے۔ اس لیے کہ ان کا اللہ پر ایمان ہے، اللہ پر توکل ہے اور اپنی عوام پر اعتماد ہے۔ عوام ان کے ساتھ کھڑی ہے اور جب تک عوام کھڑی ہو دنیا کی کوئی طاقت کسی ملک کو نہیں گرا سکتی۔ ویتنام کو امریکہ شکست نہیں دے سکا، عوام لڑ رہی تھی۔ افغانستان کو امریکہ شکست نہیں دے سکا کیونکہ عوام لڑ رہی تھی اور ان شاء اللہ اس جنگ میں بھی اسرائیل اور ان کے سرپرست سب کو شکست ہو گی کیونکہ عوام ان کے مقابلے میں کھڑی ہے۔ پاکستان کی عوام کو بھی، پاکستان کی حکومت کو بھی ہم سب کو اکھٹا ہونا پڑے گا۔ (جاری۔۔۔T07)

T07-18Jun2025 FAZAL/ED: Waqas 12:10 pm

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری ہے۔۔۔) ہم سب کو اکٹھا ہونا پڑے گا اور الحمد للہ پاکستان نے بہترین ماحول بنایا ہے فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر، مسالک سے بالاتر ہو کر، وطن اور اس خطے کے جو interests ہیں ان کے لئے کھڑے ہو گئے۔ الحمد للہ اور مجھے امید ہے کہ خالق کائنات مدد کرے گا ان کی۔ میرے کیا گلے ہیں۔ دیکھیں ضلع کرم کے راستے کئی مہینوں سے بند ہیں۔ آج تک نہیں کھلے۔ وہاں پر آج تک راستے نہیں کھلے ہیں۔ آٹھ نو ماہ ہونے والے ہیں۔ لوگ پریشان حال ہیں۔ مشکلات کا شکار ہیں۔ کیوں نہیں راستے کھلتے۔ GB کے اندر لوگوں کی مرضی کے خلاف وہاں پر لینڈ ریفارمز بل بنایا گیا اور منظور کیا گیا۔ وہاں کے لوگ سراپا احتجاج ہیں۔ وہاں کی جو ایکشن کمیٹی ہے ان کے لوگوں کو جیل میں ڈالا گیا۔ ناجائز طور پر بند کیا گیا۔ آپ اگر اپنے عوام کے ساتھ لڑیں گے۔ اپنے عوام کے حقوق کا خیال نہیں رکھیں گے۔ عوام آپ پر اعتبار نہیں کریں گے۔ تو آپ کمزور ہو جائیں گے۔ اسلحہ آپ کو نہیں بچائے گا۔ عوام کی طاقت آپ کو بچائے گی۔ عوام کا ساتھ آپ کو بچائے گا۔ اس لیے ضروری ہے کہ کرم کا مسئلہ حل کیا جائے اور GB کے جو مسائل ہیں۔ وہاں پر ابھی سنا ہے کہ جب ختم ہونے والی مدت ہے تو حکومت بنائی جا رہی ہے اور وہ اسی کے ذریعے چلایا جائے گا۔ وہاں کے عوام کو irrelevant نہ کریں پاکستان کے اپنے مسائل سے، عوام کو irrelevant کریں گے۔ election نہیں کریں گے، free and fair election نہیں کریں گے، وہاں عوام irrelevant

ہوئے تو یہ خطہ بہت حساس ہے۔ انڈیا آج بھی کہہ رہا ہے کہ ابھی تک سندور جو پتا نہیں سندور کیا تھا۔ جو ان کا plan تھا۔ جنگ کا، حملے کا نام دیا تھا۔ وہ ختم نہیں ہوا ہے۔ خالی رکھا ہے۔ وہ بند نہیں ہوا ہے۔ آج بھی میں نے سنا ہے کہ مودی نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے بات کی ہے۔

جناب چیئرمین: ناصر صاحب! windup کریں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: بس ختم کرتا ہوں۔ لہٰذا ضروری ہے کہ عوام کے ساتھ اپنی اولاد کی طرح خیال رکھا جائے۔ ریاست ماں ہوتی ہے۔ لوگوں کے دکھ درد ختم کیا جائیں۔ جو لوگ جیلوں میں ہیں اور سیاسی قائدین کو نکالا جائے۔ عمران خان کو نکالا جائے۔ اس وقت جو دنیا کے بدلتے ہوئے حالات ہیں۔ ہر ایک آدمی کا potential ہے۔ عمران خان کا بہت potential ہے۔ خدا کے لئے پاکستان کے اندر political harmony پیدا کریں۔ ان کو باہر لائیں۔ ان سیاسی قیدیوں کو سزائیں نہ دیں۔ ہزاروں لوگ جیلوں میں ہیں۔ نوجوان بچے جو ہماری قوم کا مستقبل ہیں۔ جن کی تعلیم تباہ و برباد ہو گئی ہے۔ خدا کے لئے ان کو باہر لائیں اور پاکستان کو بہترین راستے پر چلائیں۔ دشمن ہمارے دروازوں پر پہنچا ہوا ہے۔ ہمارے اطراف میں جنگ کے سائے منڈلا رہے ہیں۔ اگر ہم نے دیر کر دی تو ہم بڑا نقصان کریں گے۔ امید ہے عقل prevail کرے گی اور ہم اکٹھے ہو کر اس خطے کے اندر اور اس دنیا کے اندر وہ role play کریں گے جو قرآن و حدیث میں اور ہمارے آئین نے ہمارے لئے لکھا ہے۔ ہم فلسطینیوں کے ساتھ اور مظلوموں کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ ایران کے ساتھ کھڑے ہوں گے اور ہر اس ملک کے ساتھ کھڑے ہوں گے جس کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے اور انشاءاللہ ہمارا نام ان لوگوں میں ہوگا جو ظالموں کے مقابلے میں کھڑے ہوتے ہیں اور مظلوموں کے حامی ہوتے ہیں۔ السلام علیکم ورحمت اللہ وبرکاتہ۔

Mr. Chairman: I give the floor to Senator Qurat-ul-Ain Marri.

**Senator Qurat-ul-Ain Marri**

سینیٹر قراۃالعین مری: شکریہ، جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو یہ بات آپ کے نوٹس میں کل آئی بھی ہے۔ میں آج بھی دیکھ رہی ہوں کہ Government یہاں پر کوئی نہیں بیٹھی۔ تو اگر ہم بات کر رہے ہیں۔ اگر ہم بجٹ کے اوپر اپنی reservations کا اظہار کر رہے ہیں۔ Who is writing this down? Where is the cabinet?

Mr. Chairman: I will just explain. All the team is sitting and they are taking the notes and the Finance Committees of both the houses are meeting. That is the reason that they are all busy with that.

Senator Qurat-Ul-Ain Marri: With all due respect, Mr. Chairman, there is a whole army of Ministers, they could have spared a couple for the Senate. In keeping with the importance and the stature of the Upper House of Parliament.

Mr. Chairman: I agree with you.

سینیٹر قراۃ العین مری: جناب چیئرمین ! پچھلے دو ماہ سے ہمارا خطہ ایک عجیب کشمکش میں ہے۔ پہلے unilaterally انڈیا نے ہم پر حملہ کیا۔ ہماری strong defence نے انہیں منہ توڑ جواب دیا۔

Now, Israel, which is the bully of the region, after consistently attacking Gaza, flattening Gaza, has now attacked Iran. They are also learning what it is when you attack a nation without provocation.

ایران بھی انہیں منہ توڑ جواب دے رہا ہے۔

It is very unfortunate that America has now come out in support of Israel in this very overt way.

پہلے covert کے بارے میں تو ہمیں پتا تھا۔ پھر یہ overt way جو کل سے ہم سن رہے ہیں

this is very unfortunate. I thank God every day that Shaheed Zulfiqar Ali Bhutto initiated the nuclear program, so today, no one can look at Pakistan, no one can dare to raise its dirty head against us. I thank our armed forces, which showed India what to do with the aggressor. We should make them even stronger. So that in this region, everyone knows that we will stand for what is right and what is just.

ہمارے بے گناہ مارے گئے۔ ایران میں لوگ بے گناہ مارے گئے۔ ایک سال سے زیادہ ہو گیا غزہ میں روز بے گناہ مار رہے ہیں۔ یہ اندھیر نگری کب تک؟

We all have to come together and to answer this and end this once and for all.

Mr. Chairman, I thank also the delegation, the high-level delegation that went across the world to give our message of peace. Chairman Bilawal Bhutto Zardari who led the delegation did so with such brilliance that the entire nation, the entire world acknowledges his brilliance. Acknowledges that Pakistan stands for peace. Acknowledges that even though we could have done a lot more damage, we chose not to. We chose forbearance. We chose peace.

جناب چیئرمین! ہم آج بھی امن کا پیغام دیتے ہیں مگر ہماری شرافت کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے۔ ہم شرافت سے چل رہے ہیں۔ ہم کمزور نہیں ہیں۔ اگر ہم پر کوئی پہلا پتھر پھینکے گا تو ہم جوابی دس پھینکیں گے۔

They should be warned, the aggressors of the region should be warned that we will no longer stay silent.

Mr. Chairman, I want to come to the budget now. As you see there's no one here from the government but I'm taking your word for the fact that our reservations are being noted.

جناب چیئرمین! سب سے پہلے ہم بات کریں اگر provincial autonomy کی تو اس بجٹ میں اس کی تو دھجیاں اڑا دی گئی ہیں۔ پچھلے سال پرائم منسٹر صاحب نے PWD کا department ختم کیا اور پھر انہوں نے کہا کہ PWD کی جو بھی schemes تھیں وہ ہم transfer کر رہے ہیں to the provinces. وہ انہوں نے بالکل کیں سوائے ایک سندھ کے in complete contradiction to the constitution of Pakistan all the provinces were not treated equally, سندھ کی schemes وفاق نے اپنے پاس رکھیں باقی صوبوں کو ان کی schemes منتقل کیں۔ In the interest of provincial autonomy, it is mandatory کہ سارے صوبوں کو PWD کی schemes دی جائیں۔ سندھ کے ساتھ تفریق سندھ کی عوام کو منظور نہیں ہے۔ یہاں بیٹھے Senators کو منظور نہیں ہے۔

As the House of the Federation we have every province represented equally hence we must speak for every province, they deserve equal footing, Sindh deserves the schemes to be transferred to Sindh and there is no mandate of the Federal Government to keep it with the Federal Government.

Mr. Chairman, Pakistan is an Agricultural economy and it used to be

ہم تو بچپن سے یہی سنتے آئے ہیں کہ we are an agro based economy, Agriculture ہماری ریڑھ کی ہڈی ہے۔ Backbone ہے۔اس ریڑھ کی ہڈی کو اس بجٹ نے توڑ دیا ہے۔ ہم متواتر Agricultural outputs میں decline دیکھ رہے ہیں۔

We are seeing no incentives for farmers. We are seeing no long term plans to increase yields to keep our crops safe from pests and we are seeing no research on seeds.

ہمارے ہاں Agricultural Research Council ہے مگر اس کا trickledown effect farmers کے پاس زیرو پرسنٹ ہے۔

There is no farmer who I think maybe even two percent of the farmers have not heard of this Agricultural Research Council. There needs to be more research on seed, on seed that is pest resistant, on seed that has greater yield.

آپ ہمیں باقی ممالک سے compare کریں۔ ہمارے پڑوسی ملک کی wheat کی yield پچاس سے ساٹھ من ہے۔ ہماری اگر 30,35 بھی آتی ہے ہم خوشی مناتے ہیں۔

Why? Why do we have to tolerate this? Because we are not interested in this which used to be our backbone. The poor have yet again been targeted in this budget.

آپ نے چھوٹی گاڑیوں پر ٹیکس لگا دیا ہے۔ چھوٹی گاڑی کون afford کرتا ہے؟ غریب آدمی afford کرتا ہے۔اس پر آپ نے ٹیکس لگا دیا ہے۔آپ نے solar panels پر ٹیکس لگا دیا ہے۔ Solar کون لگا رہا ہے؟ Solar وہ لگا رہا ہے جو بجلی کے inflated بل نہیں دے سکتا۔ انسان کرے تو کیا کرے۔

I don't understand, I mean it's like you're throwing us you know the fire into the sea. This is not a pro poor budget. This is not a pro people budget.

باتیں تو یہاں بڑی بڑی ہوتی ہیں۔

Words are cheap but you have to walk the walk not just talk the talk. This government talks about climate change, alternate energy.

اس کے بعد solar tax 18% پر لگا کر وہ لوگوں کو dis-incentivize کرتے ہیں کہ جی آپ solar نہ لگائیں۔

Mr. Chairman, how then will we make the transition to clean energy, if we are penalizing people for going towards clean energy.

اس کے علاوہ انہوں نے پیٹرولیم پر لیوی لگائی۔ اس سے جو بھی پیسا آئے گا انہوں نے کہا جی climate change کے لیے ضروری ہے کہ ہم dis-incentivize کریں۔

(جاری ہے۔۔۔T08)

**T08-18Jun2025 Rafaqat Waheed/Ed: Khalid 12:20 noon**

سینیٹر قراۃالعین مری: (جاری) انہوں نے کہا کہ جی climate change کے لیے ضروری ہے کہ ہم dis-incentivize کریں۔ آپ solar بھی dis-incentivize کر رہے ہیں، آپ traditional fuels بھی dis-incentivize کر رہے ہیں تو کیا انسان dark ages میں چلا جائے۔ ?Should we light fires now یہ جو کچھ آپ ostensibly, climate change کی وجہ سے کر رہے ہیں، یہ پیسا کیا واقعی climate change کے لیے جائے گا؟

What are you doing for the climate? Trees are being cut without any compulsion. The sea intrusion has reached new heights but we have no long term plan to stop these climate intrusions.

چیئرمین صاحب! یہ حکومت بارہا ثابت کرتی ہے کہ انہیں شاید اتحادیوں کی ضرورت نہیں ہے۔ نہ ہماری reservations بجٹ کے اندر incorporate کی جاتی ہیں، نہ ہمارے ساتھ discussions کو بجٹ میں honour کیا جاتا ہے اور نہ ہی ہمارے جتنے خدشات ہیں، ان پر کوئی خاطر خواہ result آتا ہے۔

I urge the Government to look inside, to introspect and to understand that if they want to work with their allies, then they have to work whole heartedly. They have to work with honesty and not just giving lip service. Thank you Mr. Chairman.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: Shahzaib Durrani sahib, are you prepared or not? Do you want to speak? Ok.

**Senator Shahzaib Durrani**

سینیٹر شاہ زیب درانی: جناب چیئر مین! شکریہ، آپ نے آج بجٹ پر بات کرنے کا موقع دیا۔

جناب چیئر مین: میں نے تو کئی دفعہ موقع دیا۔

سینیٹر شاہ زیب درانی: جتنی دفعہ آپ نے موقع دیا، میں سینیٹ فنانس کمیٹی کی میٹنگ میں موجود ہوتا تھا۔ آج میں اس بجٹ پر بات کرتے ہوئے پہلے اعداد و شمار اور numbers پر بات نہیں کروں گا بلکہ میں پاکستان کی معاشی جدو جہد، اس کی قربانیوں اور موجودہ حکومت کی عہد کی بات کروں گا۔ یہ بجٹ ایک عہد ہے، پاکستان کو مستحکم بنانے کا، ملکی معیشت کو سنوارنے کا اور عوام کو relief دینے کا۔ یہ بجٹ پاکستان کو خود مختار اور مستحکم بنانے کی ایک کوشش ہے۔ اس عہد اور بجٹ پر بات کرنے سے پہلے ہمیں ماضی میں جھانکنا پڑے گا۔

جناب چیئر مین! یہ معاشی بحران ہمیں وراثت میں ملا۔ جب vote of no confidence میں خان صاحب کو یقین ہوا کہ ان کی حکومت جانے والی ہے تو انہوں نے جاتے جاتے petroleum prices پر cut لگا دیا اور یہاں پر land mines بچھا دیں تاکہ آنے والی حکومت ان کانٹوں اور landmines کا شکار ہو۔ اس کا خمیازہ پوری قوم کو بھگتنا پڑا۔ خمیازہ بھگتنے کے بعد معیشت کی بنیادیں لرز اٹھیں۔ یہ یہاں پر نہیں رکے۔ ان کے بعد ان کے منسٹرز نے IMF کو، جس کے ساتھ ان کا معاہدہ ٹوٹ چکا تھا، خطوط لکھنے شروع کر دیے کہ براہ مہربانی، آپ یہ فنڈنگ روک لیں یا پھر یہ پروگرام ختم کردیں۔ ان کے منسٹر صاحب کی کال ہے جو ریکارڈنگ پر کہتے ہیں کہ آپ IMF کو لیٹر لکھ دیں کہ ہم یہ پروگرام continue نہیں کر سکتے۔ We are not able to manage the receivables, please تو براہ مہربانی، آپ اس کو discontinue کر لیں۔ اس سے کیا ہوا؟ چار مہینوں یعنی اپریل سے اگست تک ہمارے SBP کے foreign reserves میں تین ارب ڈالر کی کمی ہو گئی۔ روپیہ 170 سے 300 روپے تک چلا گیا۔ Inflation جو کہ already highest level پر تھی، 28 فیصد پر تھی 38 پر چلی گئی۔ Overall ان چار مہینوں میں ساڑھے سات ارب ڈالرز کا نقصان ہوا۔ خدا کا قہر دیکھیے یہ یہاں پر بھی نہیں رکے۔ اس کے بعد یہ diaspora کو اور جو ہمارے باہر کے ملکوں میں پاکستانی نژاد ہیں، ان سب سے request کرنے لگے کہ آپ social boycott کر لیں اور remittances نہ بھیجیں۔ میں ان پاکستانیوں کو سلام اور خراج تحسین پیش کرتا ہوں جو اس سازش کا حصہ نہیں بنے اور اس سال انہوں نے ریکارڈ 20 ارب ڈالرز remittances بھیجیں۔

جناب چیئرمین! جب ہمیں یہ بحران ملا، ہم ڈرے نہیں، ہم جھکے نہیں۔ .We stepped in ہم نے سیاست نہیں، ہم نے ریاست بچائی۔ ہم نے اپنا political capital damage کیا لیکن ہم نے ریاست کو ترجیح دی۔ اب اگر ہم اس بجٹ کی طرف آئیں تو ان موجودہ حالت میں .this is the best possible budget that we could have یہاں پر لوگ چیختے رہے، چلاتے رہے، صف ماتم بچھتی رہی لیکن اس سے حقائق نہیں چھپ سکے۔ کیا آج آپ کے ہاں CPI یعنی مہنگائی 38 فیصد سے 05 فیصد پر نہیں آئی ہے؟ کیا آج ڈالر کے مقابلے میں روپیہ مستحکم نہیں ہوا ہے؟ کیا آج آپ کی exports نہیں بڑھ رہیں؟ کیا آپ کا interest rate جو کہ 22 فیصد پر تھا، جس کے بارے میں کوئی سوچ بھی نہیں سکتا کہ بینک سے یا کسی اور ادارے سے lending ہو گی، آج وہ 11 فیصد پر ہے۔ آج آپ کا farmer loan لے رہا ہے، آج آپ کے businessmen loan لے رہے ہیں، آج آپ کی economy کا پہیہ دوبارہ چلنے لگا ہے۔ آپ کا کرنٹ اکاؤنٹ surplus میں چلا گیا ہے۔ اس کی سب سے بڑی شہادت اسٹاک ایکسچینج دیتا ہے۔ اپریل 2022 میں آپ کا اسٹاک ایکسچینج 40,000 points پر تھا جبکہ آج 122,000 تک پہنچ گیا ہے۔ That is why we call it the best possible budget in the present circumstances.

جناب چیئرمین! اس بجٹ کے اندر ہم نے tax net کو wide کرنے کی کوشش کی ہے۔ There will be no privileged sector. یہاں پر ایک طرف ہم بات کرتے ہیں کہ آپ صرف ایک ہی کلاس کے اوپر taxes لگاتے جا رہے ہیں تو جب ہم broadening کی بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں آپ کیوں agriculture پر ٹیکس لگا رہے ہیں۔ اگر ہم نہیں لگائیں گے تو revenue کہاں سے generate ہو گا؟ اگر ایک ڈاکٹر، ایک وکیل اور ایک سپاہی ٹیکس دے سکتا ہے تو agriculturist کیوں نہیں دے سکتا۔ .There should be a parity ہم نے اس بجٹ میں agriculture پر ٹیکس لگایا، ہم نے اس میں retail sector پر ٹیکس لگایا تاکہ ہمارے ہاں tax broadening ہو۔

جناب چیئرمین! ہمیشہ ایک ہی سیکٹر یعنی salaried class پر ٹیکس لگتا رہا، تاریخ میں پہلی مرتبہ ہوا کہ ہم نے ایک direction set کی ہے۔ گو کہ وہ بہت کم ہے، ہم نے salaried class پر 5 فیصد ٹیکس reduce کر دیا لیکن ہم نے ایک direction set کر دی کہ اس ایک طبقے کو ہی بار بار نہیں پیسا جائے گا۔ اس طریقے سے ہم نے انہیں ایک relief دیا۔ اگر ہمیں ان کا خیال نہ ہوتا تو یہ direction کبھی set نہ ہوتی اور اس مرتبہ پھر ان پر ٹیکس لگتا۔

جناب چیئر مین! اس بجٹ میں taxation system کو بہتر کیا گیا۔ پچھلے صرف ایک سال میں sugar industry میں ہماری محصولات 40 فیصد بڑھ گئیں۔ ہم نے صرف sugar سے 42 ارب روپے کمائے۔ کہتے ہیں کہ کمشنر کو SHO کی powers دے دی ہیں۔ جناب! یہ powers تو پہلے سے موجود تھیں۔ دو سال میں کئی لوگ گرفتار ہوئے ہیں۔ ہم نے تو اس process کو refine کیا۔ ہم نے کہا کہ ایک 16 یا 17 گریڈ کا ملازم اس power کو misuse کر سکتا ہے۔ لہٰذا، یہ power ایک گریڈ 20 کے سرکاری ملازم کو دی جائے جو کہ زیادہ responsible ہوگا اور اس کا abuse and misuse سنبھال لے گا۔ جب ہمیں احساس ہوا کہ ہو سکتا ہے وہ بھی misuse of power کرے تو پھر ہم نے اسے اور refine کر لیا۔ پھر اس حوالے سے FBR کے چیئر مین کو ذمہ داری دے دی کہ وہ ایک تین رکنی کمیٹی بنائیں گے اور جب وہ کمیٹی satisfied ہو گی کہ yes, there is a tax fraud تب وہ جا کر arrest کر سکتے ہیں۔ Tax fraud is a crime اور جو ایسا کرے گا، اسے arrest ہونا چاہیے۔

جناب چیئر مین! یہاں پر solar panel کی بات ہوتی ہے کہ غریب پِس گیا، solar panel کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں۔ ایک طرف ہم exports کی بات کرتے ہیں، ایک طرف ہم local market کی protection کی بات کرتے ہیں، ایک طرف ہم کہتے ہیں کہ ہمارے ہاں FDI بڑھنا چاہیے، اب مجھے یہ بتائیں کہ ہمارے ہاں solar panels کی جو local manufacturing ہو رہی ہے، اس پر 18 فیصد GST لاگو ہے لیکن جو import ہو رہا ہے، اس پر کوئی GST نہیں ہے۔ وہ زیادہ سستا بھی ہے۔ تو local market سے کون جا کر خریدے گا، آپ کیسے اپنی local market کو protection دیں گے؟ آپ at least, parity پر لائیں۔ This was never a revenue measure. This was absolutely meant to protect the local market. آپ کی اپنی انڈسٹری flourish کرے گی، آپ کے ہاں indigenous production شروع ہو جائے گی۔ آپ local market میں بھی use کریں گے اور exports بھی کریں گے۔ اس طریقے سے آپ کے پاس revenue بھی generate ہوگا۔ لہٰذا، یہ ایک بڑا اختلاف ہے کہ ایک طرف ہم کہتے ہیں کہ ہمارے پاس ڈالرز کیوں نہیں آ رہے، ہم exports کیوں نہیں بڑھا رہے جبکہ دوسری طرف ہم کہہ رہے ہیں کہ ان پر ٹیکس کیوں لگ رہا ہے۔

Mr. Chairman, for the first time, revised tariff policy has been introduced just to promote the local market, local manufacturing and the exports.

اس کے ساتھ raw material پر intermediary goods اور مشینری پر اگلے پانچ سال میں ریگولیٹری ڈیوٹی اور additional کسٹم ڈیوٹی بالکل ہی ختم کی جائے گی تاکہ ہم بین الاقوامی مارکیٹ میں competitive ہو جائیں۔ جب ہم

competitive ہوں گے تو obviously ہماری production cheap ہو گی، ہم مارکیٹ میں compete کریں گے اور ہماری exports بڑھیں گی۔ لہٰذا، یہ بات بہتری کی طرف جا رہی ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے ایک بات سمجھ نہیں آتی کہ ہم کب تک قرضے لے کر subsidies دیں گے؟ قرضوں سے کوئی ملک نہیں چلتا۔ کب تک ہم قرضے لے کر relief دیں گے؟ We need to put an end to this and yes, we have put an end to this. یہاں پر بجلی کی بات ہوتی ہے۔ بجلی تو ابھی recently انہوں نے آٹھ روپے سستی کر دی ہے۔ یہ کوئی اتفاق نہیں تھا۔ یہ پرائم منسٹر شہباز شریف کی کاوش تھی۔ I really appreciate him. ان کی اور ان کی ٹیم کی انتھک محنت کے بعد ہم ایک direction set کر پائے ہیں۔ اس کا جیتا جاگتا ثبوت foreign visits ہیں۔ آپ دیکھیں کہ وہ کتنے visits کر رہے ہیں اور کتنے foreign delegates کتنے ممالک کے سربراہان آپ کے پاس آ رہے ہیں، MOUs sign ہو رہے ہیں اور آپ کے متعلق لوگوں کا confidence بحال ہو رہا ہے ورنہ وہ تو 124 دن تک بیٹھے تھے اور چینی premier آ رہے تو ان کا دورہ بھی انہوں نے cancel کروا دیا۔

جناب چیئرمین! پہلی مرتبہ crypto regularization ہو رہی ہے۔ اس حوالے سے Binance کا CEO جو کہ billionaire ہے، پاکستان آتا ہے۔ اس کے علاوہ American investors آتے ہیں۔ جب American investors یہاں پر آتے ہیں تو انڈیا میں آگ لگتی ہے۔ (جاری۔۔۔۔T09)

**T09-18June2025 A.Razique/Babar/Ed: Shakeel 12:30 p.m.**

سینیٹر شاہزیب درانی:--(جاری)--American investors آتے ہیں۔ جب وہ آتے ہیں تو انڈیا میں آگ لگتی ہے کہ American investors پاکستان کیوں آئے ہیں۔ یہ آپ کی diplomatic success and right direction ہے۔

جناب یہ کہتے ہیں کہ defence budget بڑھا دیا گیا ہے۔ Let me tell you that there is no compromise on our integrity and national security. بھارت اس خطے میں تھانے دار بن کر گھوم رہا تھا اور اس نے ایک false flag operation کے تحت پاکستان پر حملہ کیا لیکن under the battle hardened leadership of General Asim Munir ہم نے انہیں respond کیا اور انہیں منہ توڑ جواب دیا۔ Yes, we will spend on our defence and will not compromise on our defence, security and integrity. The geopolitical dynamics of the region are changing rapidly. آپ دیکھیں

Syria میں کیا ہوا۔ ایک false flag operation کے تحت انڈیا نے پاکستان پر حملہ کیا اور recently ایران اور اسرائیل آپس میں لڑ رہے ہیں۔ جب خطے میں اتنی غیر یقینی صورتحال ہو گی اور دشمن ہماری کمزوری تلاش کر رہا ہو گا تو یہ وقت قوم کو تقسیم کرنے اور اختلافات پیدا کرنے کا نہیں ہے۔ اپنے resources اور چادر کو دیکھتے ہوئے اپنے پیر پھیلانے کا وقت ہے۔ براہ مہربانی میں تمام ممبران سے یہ request کروں گا کہ this is not the time to divide the nation by misleading and creating rifts کیونکہ پاکستان ہے تو ہم ہیں، پاکستان نہیں تو ہم کچھ نہیں۔ پاکستان زندہ باد۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر دنیش کمار۔ آپ تیار ہیں؟

**Senator Danesh Kumar**

سینیٹر دنیش کمار: شکریہ، جناب چیئرمین! جی میں 24 گھنٹے ready رہتا ہوں۔ میری تقریر ضرور ہو گی کیونکہ سینیٹ میں تو تقریر ہی ہوتی ہے۔ باقی ہم جو سفارشات بھیجتے ہیں، ان پر تو کوئی عمل درآمد نہیں ہوتا اور عوام کو خوش کرنے کے لیے بس یہی speech ہوتی ہے۔ میں نے آج بجٹ کے حوالے سے speech کرنی ہے۔ ایک واقعہ سناتا ہوں۔ میں آج باہر سے آ رہا تھا تو صحافی کھڑے تھے۔ وہ کہہ رہے تھے کہ بجٹ کے موقع پر آپ کا اور آپ کی پارٹی کا کیا stance ہے۔ ہم نے تو سنا ہے کہ آپ لوگ مخالفت میں تقریر کر رہے ہیں اور دوسرے حکومت کے اتحادی بھی حکومت کے خلاف تقریریں کر رہے ہیں اور ایسا لگتا ہے کہ یہ بجٹ پاس نہیں ہوگا۔ میں نے انہیں categorically کہا کہ بجٹ پاس ہوگا اور یہ ہماری match fixing ہوتی ہے۔ عوام کو پاگل بنانے کے لیے یہ باتیں کرتے رہتے ہیں اور حکومت کی ٹانگیں کھینچے رہتے ہیں۔ یہ سچ ہے اور منافقت نہیں ہے۔ میں آپ کو سچ بتا رہا ہوں کہ ووٹ کے وقت ہم سب حکومت کو ووٹ دیں گے۔ چاہتے ہوئے اور نہ چاہتے ہوئے بھی حکومت کو ووٹ دینا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ آپ یہ لکھ لیں اور اس سے publication کا کوئی تعلق نہیں ہے تو میں کہتا ہوں کہ اگر میں مخالفت میں بھی speech کروں مگر پھر بھی ووٹ حکومت کا ہوگا لہٰذا منافقت نہیں ہونی چاہیے۔ بجٹ پر آتے ہیں۔ بجٹ سے پہلے ہمیں اتنی بڑی books دی جاتی ہیں اور کہتے ہیں کہ 12 ,10 دن میں آپ یہ پڑھ کر بتائیں کہ عوام دوست بجٹ ہے یا عوام دشمن۔ پتا نہیں میرے ساتھیوں نے یہ پڑھا ہوگا یا نہیں لیکن میں یہ حلفیہ کہتا ہوں کہ ان books کو میں ایک فیصد بھی پڑھ نہیں سکتا ہوں۔ اتنی لمبی چوڑی books کون پڑھے گا اور پھر ہم ادھر آ کر ارسطو بنتے ہیں کہ ہم budget پر speech کر رہے ہیں۔

جناب! جس طرح مولانا صاحب نے بھی پچھلی تقریر میں فرمایا تھا اور میں بھی اکثر کہتا ہوں لیکن پھر لوگ کہتے ہیں کہ یہ غیر مسلم ہو کر کہتا ہے۔ ہمارے بجٹ کا اس دفعہ بھی 50 فیصد سود کی ادائیگیوں میں جائے گا۔ قرآن شریف میں کہا گیا ہے کہ یہ اللہ اور اللہ کے رسول کے ساتھ جنگ ہے۔ ہمارا 50 فیصد بجٹ اللہ کے ساتھ جنگ میں جھونک دیا جاتا ہے اور پھر کہتے ہیں کہ پاکستان کیسے ترقی کرے گا۔ جب آپ 50 فیصد بجٹ سود کی ادائیگی میں دیں گے اور سود لیتے جائیں گے اور سود پر سود دیتے جائیں گے تو ہمارا ملک خاک ترقی کرے گا۔ ہم اسی طرح گرتے جائیں گے۔ اس دفعہ بھی کہا گیا اور ہمیشہ خوشخبری دی جاتی ہے کہ آئی ایم ایف نے loan منظور کرلیا۔ آئی ایم ایف نے کوئی مفت میں loan منظور نہیں کیا کیونکہ وہ اس سے سود لیتا ہے۔ سود کی دو، تین قسمیں ہوتی ہیں۔ ہمارے ہندو مذہب میں بھی ایک طبقہ ہوتا ہے جسے بنیا کہتے ہیں۔ اس کا کام سود لینا ہوتا ہے۔

Mr. Chairman: Just a minute, please. I have to make an announcement. This House welcomes the students and faculty members of Sharia and Law Department, International Islamic University, Islamabad, who are sitting in the visitor’s gallery.

اب انہیں پتا ہوگا کہ دنیش کمار بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب! اب آپ نے پھر نہیں ٹوکنا ہے کیونکہ تسلسل ٹوٹ جاتا ہے۔ اب ہم قرض چکانے کے لیے قرض لیتے ہیں۔ میں بات کر رہا تھا کہ ہندو مذہب میں ایک طبقہ بنیا ہوتا ہے۔ بنیے کا کام سود خوری ہوتا ہے جس کی وجہ سے ہم ہندو مذہب میں بھی اس کو بہت ہی نچلے درجے پر رکھتے ہیں کہ یہ سود خور ہے۔ یہ کہتے ہیں کہ صرف اسلام میں سود حرام ہے بلکہ تمام مذاہب اور ہمارے مذہب میں بھی سود حرام ہے۔ ہم بنیوں سے شادی کرنا بھی گناہ سمجھتے ہیں۔ بنیے کا کام ہوتا ہے کہ اگر کسی کو بھی برباد کرنا ہو تو اسے easily سود دے دیتا ہے پھر اس کی جائیدادیں گروی رکھ کر اس کو روڈ پر لے آتا ہے۔ یہی کام آئی ایم ایف ہمارے ساتھ کر رہا ہے۔ آئی ایم ایف سے easily پیسے لے کر ہمارے لوگ سمجھتے ہیں کہ اب مسئلے حل ہو جائیں گے۔ ایک طریقہ یہ ہے کہ سود لے کر آپ کاروبار کریں، اس سے انفراسٹرکچر اچھا بنائیں، اس سے ملک ترقی کرے تاکہ کوئی return آئے مگر ہم جو سود پر پیسے لیتے ہیں، وہ عیاشیوں میں اڑا دیتے اور ہماری آنے والی نسلوں کو اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔ آپ دیکھیں کہ اب بھی ہم اس کا خمیازہ بھگت رہے ہیں اور سود کی وجہ سے ہم کافی جگہوں پر blackmail ہوتے ہیں اور ہمیں کہا جاتا ہے کہ اگر یہ کام نہیں کریں گے تو ہم آپ کی امداد بند کر دیں گے اور آئی ایم ایف سے قرضہ بند کر دیں گے۔ اس لیے قرآن شریف میں سود کے خلاف جو بات کہی گئی ہے، میں بحیثیت غیر مسلم بھی اس پر یقین رکھتا ہوں کہ یہ تباہی کا راستہ ہے۔ اب ہم ترقیاتی بجٹ

پر آتے ہیں۔ میں اس دفعہ حکومت پاکستان کا شکر گزار ہوں کہ بلوچستان میں جو خونی شاہراہ N-25 ہے جس کا نام میں نے 2021 میں سینیٹ میں آ کر خونی شاہراہ رکھا کیونکہ وہاں پر آئے روز حادثات ہوتے تھے، کافی معصوم بچے یتیم ہو گئے تھے مگر جب بھی ہم یہاں بات کرتے تھے تو کہتے تھے کہ وہ viable نہیں ہے۔ اس خونی شاہراہ نے کتنی جانیں ہم سے لے لی تھیں۔

جناب! یہ نوٹ کرنے کی بات ہے کہ یہ خونی شاہراہ N-25 جو کراچی سے کوئٹہ اور پھر کوئٹہ سے چمن تک جاتی ہے، اگر ہم گزشتہ 10 سالوں کے figures دیکھیں تو اس شاہراہ پر جتنے لوگ شہید ہوئے ہیں، اتنے دہشت گردی میں بھی شہید نہیں ہوئے ہیں۔ یہ ایک بہت خونی اور دہشتگرد شاہراہ بھی ہے۔ اس سے پہلے ہماری آواز سنی نہیں جاتی تھی لیکن میں اس دفعہ شکر گزار ہوں کہ ہماری آواز سنی گئی اور اس خونی شاہراہ کے لیے تقریباً 35 سے 40 فیصد بجٹ مختص کیا گیا ہے تاکہ یہ دو سال میں مکمل ہو۔ مجھے امید ہے اور میری خواہش ہے کہ پروردگار کرے کہ یہ خونی شاہراہ مکمل ہو جائے تاکہ بلوچستان کے عوام کو اس خونی شاہراہ کی دہشت انگیزی سے نجات مل سکے۔ اب ہم National Highway Authority کی طرف آتے ہیں۔ اس میں بلوچستان کے ایسے کئی منصوبے ہیں جو 2016 یا 2017 میں شروع ہوئے ہیں۔ آج تک انہیں نو سال ہوئے ہیں مگر ابھی تک 10 فیصد بھی complete نہیں ہوئے ہیں۔ یہ میں نہیں کہہ رہا بلکہ اس کتاب میں ہے۔ آپ بلوچستان کے حوالے سے کتاب میں منصوبے تو ڈال دیتے ہیں مگر ان کی completion کے لیے کوئی فنڈ نہیں رکھتے ہیں۔ اگر آپ کوئی منصوبہ رکھتے ہیں تو اس کے لیے صرف پانچ فیصد budget allocation رکھتے ہیں۔ میں آپ کو مزے کی بات بتاؤں۔ مزے کی بات یہ ہے کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے ترقیاتی routes کے لیے اس سال 220 ارب رکھے گئے ہیں اور throw forward 2200 ارب روپے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اگر اسی رفتار سے ہم یہ رقم مختص کرتے رہیں تو اس کتاب کے مطابق جو پرانے منصوبے ہیں، انہیں complete ہونے کے لیے مزید 10 سال لگیں گے مگر ہم اور بھی نئے منصوبے لا رہے ہیں۔ یہ شیطانی چکر کہاں رکے گا؟ آپ PSDP book دیکھیں۔ ہم کہتے ہیں کہ اس میں ایک ہزار ارب رکھا گیا ہے۔ آپ کو پچھلے تمام منصوبے complete کرنے کے لیے بھی کوئی 10 سے 12 سال لگیں گے اور نئی اسکیم کے لیے جگہ نہیں ملے گی۔ ہمیشہ throw forward ہوتا ہے۔۔ (جاری T10)

**T10-18June2025 Naeem Bhatti/ED; Mubashir 12:40 pm**

سینیٹر دنیش کمار: (جاری۔۔۔) آپ کو سابق تمام منصوبوں کو complete کرنے کے لیے دس، بارہ سال لگ جائیں گے اور new schemes کے لیے آپ کو جگہ نہیں ملے گی، ہمیشہ throw forward ہوتا ہے، اس طرح رہا تو کوئی بھی منصوبہ مکمل نہیں ہو سکے گا۔ یہاں ہمیں کہا جاتا ہے کہ آپ Standing Committee میں recommendations دیں، آپ کی

recommendations پر عمل ہو گا۔ آپ custodian of the House ہیں، اس کا آپ کو notice لینا چاہیے۔ میں سینیٹر قراۃ العین صاحبہ کی ,Standing Committee on Planning and Development میں گزشتہ چار سالوں سے recommendations دے رہا ہوں، میری ایک بھی recommendation قبول نہیں ہوئی، یہ ہمارے ساتھ سنگین مذاق ہے، یہ تمام سینیٹرز کے ساتھ سنگین مذاق ہے، اس سنگین مذاق کو بند کیا جائے۔ ہم سینیٹ کے پیسے بھی برباد کر رہے ہیں اور اپنا وقت بھی برباد کر رہے ہیں لیکن ہماری ایک بھی recommendation پر عمل نہیں ہوتا۔ میں آپ کو دعوے کے ساتھ کہتا ہوں کہ آپ گزشتہ دس سالوں کا record منگوا لیں کہ ہم نے جتنی بھی recommendations Standing Committee on Planning and Development میں دیں، ان میں سے ایک پر بھی عملدرآمد ہوا ہے، یہ میرا challenge ہے۔

جناب والا! اسی طرح Standing Committee on Finance میں بھی ہم جاتے ہیں، وہاں ہماری تھوڑی بہت ناک اونچی ہوتی ہے، وہاں جو چیئرمین ہوتا ہے، وہ ہماری حالت پر رحم کھا کر recommendations پر عمل کرتا ہے۔ میں نے وہاں recommendation دی ہے کہ local and imported solar panel پر GST 18% ہے، اسے ختم کیا جائے۔ آپ petroleum پر carbon levy لگا رہے ہیں، آپ کہہ رہے ہیں کہ ہم نے carbon کو ختم کرنا ہے، ہم نے green energy متعارف کروانی ہے اور solar system تو green energy میں آتا ہے۔ آپ ایک طرف carbon levy لگا کر کہتے ہیں کہ ہم carbon کو کم کر رہے ہیں اور دوسری طرف solar پر GST 18% لگا کر اس کی قیمت کو بڑھانے کا کام کر رہے ہیں، یہ متضاد چیزیں ہیں۔ جناب والا! میں نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر carbon کو کم کرنے کے لیے carbon levy لی جاتی ہے، green energy کو فروغ دینے کے لیے، environment کو صحیح کرنے کے لیے تو یہ carbon levy صوبوں کو دینی چاہیے کیونکہ صوبوں کے پاس ہی environment کا department ہے جو صوبوں میں environment کے حوالے سے یہ رقم خرچ کرے تاکہ carbon کم ہو اور دنیا میں ہمارا نام ہو۔ جس طرح شیری رحمٰن صاحبہ نے کہا کہ ہم پہلے نمبر پر ہیں۔ بہت ساری چیزیں ایسی ہوتی ہیں جو متضاد ہوتی ہیں۔

جناب چیئرمین! یہ سالانہ گوشوارہ ہے، اگر آپ اس میں دیکھیں تو اس میں لکھا ہوا ہے کہ صدر کا عملہ خانہ داری personal allowances جو ایک ارب چھہتر کروڑ روپے ہے۔ اس میں Supreme Court کے لیے ساڑھے چھ ارب روپے سے زیادہ کی رقم رکھی گئی ہے۔ یہ چیزیں قومی اسمبلی میں voting کے لیے نہیں آئیں گی، یہ voting کے بغیر ہے، ہم اس پر صرف کچھ کہہ ہی سکتے ہیں

لیکن اس پر ہمیں voteکا حق حاصل نہیں ہے۔ Election Commission of Pakistanکے لیے دس ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ مجھے نہیں لگتا کہ اس پر بھی voteکا حق حاصل ہو گا۔ اسی طرح Prime Minister Houseکے اتنے اخراجات۔ ہم یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ ہم کفایت شعاری کر رہے ہیں، یہ کس طرح کی کفایت شعاری ہے؟ قومی اسمبلی کے لیے ساڑھے سولہ ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ سینیٹ کے لیے نو ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ ان میں سے چھ ارب روپے ایسے ہیں جو voteکے بغیر ہوں گے۔ قومی اسمبلی کے لیے چھ ارب، اسی کروڑ روپے بغیر voteکے ہوں گے۔ ہم عوام کو اپنا منہ کس طرح دکھائیں گے کہ ہم یہاں اربوں روپے خرچ کر رہے ہیں اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

جناب والا! اس بجٹ میں اقلیتوں کے حوالے سے کچھ نہیں رکھا گیا۔ میں شکر گزار ہوں پیپلز پارٹی کی حکومت کا کہ انہوں نے سندھ میں اور میں پیپلز پارٹی کے وزیر اعلیٰ سر فراز بگٹی صاحب کا جنہوں نے بلوچستان کی اقلیتوں کے لیے بہت زیادہ fundsرکھے ہیں، میں حقیقت میں ان کا شکر گزار ہوں۔ میں سر فراز بگٹی صاحب کا اس بات پر بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہنگلاج ماتا مندر جو پانچ ہزار سالہ قدیم مندر ہے، اس کو religious tourismکے حوالے سے promote کرنے کا اعلان کیا اور اس کے لیے ایک ارب روپے کا fund مختص کیا۔ یہاں Religious Affairs and Interfaith Harmony Departmentہے، ہمیں بحیثیت اقلیت ہمیشہ سے اس department پر اعتراض تھا کہ یہ Interfaith کے لیے کوئی کام نہیں کر رہا۔ اس Religious Affairs Departmentکا غیر ترقیاتی بجٹ دو ارب روپے ہے۔

(اس موقع پر ایوان میں ظہر کی اذان سنائی دی)

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین! اقلیتوں کو Religious Affairs Departmentپر تحفظات ہیں۔ اس مرتبہ ایک حیران کن بات ہوئی، ہم اقلیتیں تو کہتے ہیں کہ Interfaith Harmonyکو دو سو کروڑ روپے دیے گئے ہیں، اس کا mainکام، حج انتظامات اور Interfaith harmony کرنا ہے۔ بد قسمتی سے میں Standing Committee on Religious Affairsکا بھی ممبر ہوں، جناب والا! میری روح کانپ گئی، میں لرز اٹھا کہ اس سال ستر ہزار کے قریب لوگ حج کی سعادت سے محروم رہ گئے، میرے لیے بحیثیت غیر مسلم ڈوب مرنے کا مقام ہے۔ میں تو کہتا ہوں کہ میں چلو بھر پانی میں ڈوب مرتا لیکن انہیں شرم نہیں آتی ہے، ہم غیر مسلموں کو کہتے ہیں کہ آپ کے لیے جہنم کا دروازہ ہے تو مجھے خوشی ہے کہ ایسے لوگ بھی ہمارے ساتھ جہنم میں ہوں گے۔ مجھے بہت سارے لوگوں نے فون کیے جو حج پر جانا چاہتے تھے، ان میں بہت ساری بیوہ عورتیں تھیں جنہوں نے کہا کہ ہم اپنا زیور بیچ کر حج پر جانا چاہتی

تھیں لیکن ان کی اقربا پروری، ضد اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے ستر ہزار پاکستانی حج کی سعادت سے محروم ہو گئے، ان کی بد دعائیں انہیں نہیں لگیں گی؟

(جاری--------T/11)

T11-18June2025 Taj/Ed. Waqas 12:50 p.m.

سینیٹر دنیش کمار: --جاری--اس سال ستر ہزار پاکستانی حج کی سعادت سے محروم ہو گئے۔ کیا ان کی بد دعائیں انہیں نہیں لگیں گی؟ ان کے بچوں کی بد دعائیں نہیں لگیں گی؟ مگر ہم یہاں پر اس طرح سے آنکھیں چھپا کر بیٹھے ہوتے ہیں۔ یہ میں آپ کو ابھی بھی بتاتا ہوں کہ ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو گی۔ وزیراعظم صاحب نے کمیٹی بنا دی، اس کمیٹی کا بھی کوئی اثر نہیں ہوگا۔ جناب! میں اس چیز کا گواہ ہوں کہ 31 دسمبر کو ہماری قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کا اجلاس ہوتا ہے، Tour Operators, Officers ہوتے ہیں، Tour Agencies اور حکومت کو ایک جگہ بٹھاتے ہیں مگر دونوں طرف سے ضد بازی، اقرباء پروری ہوتی ہے۔ جناب! ایک چیز کا انکشاف کر رہا ہوں، 77,000 کے قریب حجاج جو جانے والے تھے، انہیں payments نہیں ہوئی ہیں۔ ان Tour Operators کو payments نہیں ہوئی ہیں۔ ان کو ابھی تک پیسے واپس نہیں ملے ہیں۔ میری یہ پیش گوئی یاد رکھ لیں کہ وہ اپنے پیسے واپس لینے کے لیے بھی رل جائیں گے اور جب ان کو پیسے ملیں گے تو اس میں کئی کٹوتیاں ہوں گی۔

جناب! آپ اس کرسی پر بیٹھے ہیں، اگر آپ نے بھی اس کا نوٹس نہیں لیا تو میں سمجھتا ہوں کہ اللہ کے حضور آپ کی بھی پیشی ہو گی۔ اس کا نوٹس لینا چاہیے۔ یہ کیوں غریبوں کے ساتھ حق تلفی ہو رہی ہے۔ بس میں ختم کر رہا ہوں---

جناب چیئرمین: آپ ساڑھے انیس منٹ بولے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب! انیس منٹ بولا ہوں مگر ایک اہم موضوع پر بات کر رہا ہوں۔ اگر آپ کہتے ہیں تو میں چپ کر کے بیٹھ بیٹھتا ہوں---

(مداخلت)

سینیٹر دنیش کمار: آپ بیچ میں کیوں بول رہی ہیں؟ محترمہ! آپ کو کیا تکلیف ہو رہی ہے؟ پتا نہیں اس محترمہ کو کیا تکلیف ہے۔ یہ ہمیشہ دس دس گھنٹے بولتی ہے، کیا ہم نے بولا ہے---

Mr. Chairman: No cross talk.

سینیٹر دنیش کمار: تو کیوں بول رہی ہے۔ آپ انہیں بھی روکیں نا۔

جناب چیئرمین: بھائی! غلطی ہو گئی۔

سینیٹر دنیش کمار: ٹھیک ہے۔ جناب! میں ایک تجویز کی طرف آتا ہوں۔ بلوچستان کے حوالے سے صرف ایک تجویز دوں گا، پھر اس کے بعد ختم کروں گا۔ میں شکر گزار ہوں محترمہ مریم نواز صاحبہ کا، ابھی مجھے بھائی نے بتایا ہے کہ انہوں نے چار ارب روپے اقلیتی برادری کے لیے رکھے ہیں۔ میری وزیر علیٰ پنجاب سے ایک درخواست ہے کہ پنجاب کا پانچ ہزار ارب کا بجٹ ہے، اگر پانچ ہزار ارب کے بجٹ میں سے آدھا فیصد بلوچستان کے عوام کے لیے مختص کریں تو بلوچستان میں پنجاب کی ایک نیک نامی جائے گی، پنجاب اور اور بلوچستان کے لوگ ان کے شکر گزار ہوں گے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: یہ آپ نے سینیٹ اور قومی اسمبلی کے بجٹ کی بات کی۔ اس پر فنانس کمیٹی نے اپنی ڈیمانڈ دی تھی that was 8 billion 91 crore اور اس پر ہم نے اس لیے دی تھی کہ تمام اراکین کی تنخواہیں بڑھی ہیں۔ تنخواہیں بڑھنے کی وجہ سے ہم نے کیا مگر اس سے بھی ہم نے saving کر کے 8.9 billion ہم نے لیا۔ باقی ہم نے کہا کہ یہ اوپر والا آپ رکھ لیں۔ شکریہ۔

دوسرا جو آپ نے حج کی بات کی ہے، وہ بہت اہم ہے اور پورے delegation کو میں نے یہاں پر بلایا تھا۔ I sent the letter to the Prime Minister. I talked to the relevant officers مگر ان کو relief نہیں ملا۔ یہ واقعی ایک بد قسمتی ہے۔ سینیٹر پرویز رشید صاحب۔ اس کے بعد سینیٹر پلوشہ آپ نے بات کرنی ہے۔ جی۔

**Senator Pervaiz Rashid**

سینیٹر پرویز رشید: شکریہ، جناب چیئرمین! پہلے تو یہ میرے لیے بہت اعزاز کی بات ہے کہ حضرت مولانا دنیش صاحب کے بعد میں آپ کے سامنے کچھ اپنی معروضات پیش کروں گا۔ ان کے فتوے بھی سنے جو جنت اور جہنم تک ہمیں لے جانے کے حوالے سے پیش کیے۔ پھر خوش قسمتی یہ کہ شریعہ کالج کے، یونیورسٹی کے طالب علم بھی اتفاق سے نہیں بلکہ حسن اتفاق سے ان کی گفتگو سے مستفید ہوئے۔

بجٹ سے پہلے پاکستان میں ایک ماحول بن جاتا تھا جیسے کوئی سونامی آ رہا ہو۔ لوگ سرگوشیوں میں قیمتوں کے بڑھنے کی باتیں کرتے تھے۔ مارکیٹ سے چیزیں غائب ہو جاتی تھیں اور ہر آدمی پریشانی کا شکار رہتا تھا کہ بجٹ تجاویز میں کون کون سا عذاب ہو گا جو اسے جھیلنا پڑے گا۔ اس مرتبہ بجٹ میں اچھی بات یہ ہے کہ اس طرح کا کوئی خوف پیش نہیں آیا۔ چیزوں کی فراوانی رہی، کوئی چیز مارکیٹ سے غائب نہیں ہوئی اور بجٹ کے بعد عام آدمی جب اپنی خریداری کے لیے بازار میں نکلا تو کسی چیز کی قیمت میں اضافہ نہیں تھا۔ ایسے بجٹ کو اچھا بجٹ ہی کہا جائے گا۔ اس بجٹ کو financial market نے بھی سراہا اور stock exchange کی طرف سے روزانہ shares کی قیمت میں جو اضافہ ہوتا رہا، سٹاک مارکیٹ کی جو value add ہوتی رہی، وہ بذات خود اس بجٹ کو financial market کی طرف

سےsalute کے طور پر سمجھا جا سکتا ہے۔ یہ بجٹ جس پس منظر میں آیا وہ مئی میں پاکستان کو جو خطرات لاحق ہوئے تھے اور جس میں پاکستان کو کامیابی حاصل ہوئی،اس حوالے سے بھی دیکھا جائے تو اس بجٹ کی تعریف ہی کی جا سکتی ہے۔

جناب چیئرمین! مئی کا مہینہ پاکستان کے لیے اہمیت کا حامل رہا ہے۔ 28 مئی 1998 میں پاکستان کی قیادت نے جو فیصلے کیے اور آپ کو یاد ہوگا کہ اس زمانے میں وزیراعظم نواز شریف کو ایک پاکستان کے بہت بڑے معتبر اخبار کے لیڈر نے کہا تھا کہ نواز شریف! اگر آپ دھماکہ کروگے تو امریکہ آپ کا دھماکہ کر دے گا۔ امریکہ کی طرف سے کلنٹن صاحب کی پیشکش بھی موجود تھی، دھمکی بھی موجود تھی جس کا ذکر میں نے کیا اور کلنٹن صاحب کی ایک پیشکش بھی موجود تھی کہ پانچ ملین ڈالر لے لیں اور آپ ایٹمی دھماکہ نہ کریں۔ اگر اس وقت دھمکی قبول کر لی جاتی اپنی ذات کو بچانے کے لیے کیونکہ دھمکی وزیراعظم کی ذات کے لیے تھی۔ یا کلنٹن صاحب کی پیشکش کو قبول کر لیا جاتا تھا تو اس مئی میں جو کامیابی پاکستان کو ملی،اس بارے میں آپ خود فیصلہ کر سکتے ہیں کہ ہمیں کتنی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا لیکن جناب والا! اسی مئی کے مہینے میں ایک دن ایسا بھی ہے جسے پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ مذمت کی نظر سے دیکھا جائے گا اور وہ نو مئی کا دن تھا۔ وہ نو مئی جس کے تخلیق کار آج اپنی تخلیق کو تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہیں۔ ہمارے ایک شاعر تھے احمد فراز،آپ سب ان سے واقف ہیں۔ آپ کا اپنا ماشاء اللہ ادبی ذوق بہت اچھا ہے۔آپ بھی ان سے بہت اچھے طریقے سے واقف ہیں۔ ان کی کچھ نظمیں ایسی تھیں جو پسندیدہ نہیں تھیں۔ ان نظموں کی وجہ سے انہیں عذاب بھی جھیلنے پڑے۔ لیکن فراز صاحب نے کبھی اپنی نظموں سے انکار نہیں کیا تھا۔ وہ سمجھتے تھے کہ یہ ان کی تخلیق ہے۔ جالب صاحب کو ہم سب جانتے ہیں۔ انہیں اپنی نظموں کی وجہ سے قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنی پڑتی تھیں۔

(جاری---T12)

T12-18June2025 Ali/Ed: Waqas 01:00 pm

سینیٹر پرویز رشید: (جاری ہے----) انہیں اپنی نظموں کی وجہ سے قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنی پڑتی تھیں، ان کی کتابوں پر پابندی بھی لگ جاتی تھی لیکن وہ اپنی نظموں کو own کرتے تھے۔ یہ ہمارے دوست جو نو مئی کی اپنی تخلیق کو own نہیں کرتے، آج کہتے ہیں کہ یہ ہم نے نہیں کیا تھا، کسی اور نے کیا تھا۔ جب کوئی اپنی تخلیق سے انکاری ہو تو اس کے خالق کے بارے میں کیا رائے قائم کی جا سکتی ہے۔ اور اپنی تخلیق سے عاری لوگ آج یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ان کے جو جرم ہیں، ان کے جو گناہ ہیں ان کو نہ صرف بھول جایا جائے بلکہ انہیں قومی دھارے میں دوبارہ شامل ہونے کے لیے ایسے مواقع فراہم کیے جائیں کہ جس میں وہ اپنے تمام مخالفین کو نیست و نابود کریں اور دوبارہ پاکستان کو اس زمانے میں لے جائیں جس زمانے کے ان کے پسندیدہ افراد یہ کہتے تھے کہ ہمارے تو ٹینکوں میں پیٹرول نہیں، ہم

ہندوستان کا کیا مقابلہ کریں گے۔ جو خود یہ کہتے تھے کہ کیا میں بھارت سے جنگ شروع کر دوں۔ تو جو پاکستان کے دفاع کو پاکستان کی سلامتی کا جو فریضہ ان کے ذمے تھا، اس کو ادا کرنے سے بھی کتراتے تھے۔ آج وہ ان افراد پر تنقید کرتے ہیں، ان کے خلاف مظاہرے کرتے ہیں، ان کے خلاف بین الاقوامی اخبارات میں اشتہارات چھپواتے ہیں جنہوں نے پاکستان کی سلامتی کو ممکن بنایا۔ اس لیے جناب والا! میری گزارش یہ ہے، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب تک یہ اپنے گناہوں کی معافی نہیں مانگیں گے اور جب تک یہ عہد نہیں کریں گے کہ یہ پاکستان۔۔

*(At this stage, Mr. Deputy Chairman, Senator Syedaal Kahn presided over the proceeding of the House)*

جناب ڈپٹی چیئرمین: Please سینیٹر پرویز رشید صاحب آپ continue کریں۔

سینیٹر پرویز رشید: بہت شکریہ! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ پاکستان کی قومی سلامتی کے لیے اور پاکستان کی سلامتی کے اداروں کے لیے جو لوگ جرائم کے مرتکب ہوئے، جب تک وہ اپنے گناہوں کی معافی نہ مانگے، جب تک وہ یہ عہد نہ کریں کہ وہ اس طرح کے گناہ میں دوبارہ ملوث نہیں ہوں گے، ان لوگوں کے لیے کوئی بھی معافی کا دروازہ نہیں کھولنا چاہیے کیونکہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان کے چاروں طرف آگ کا کھیل جاری ہے۔ ہماری تو بدقسمتی رہی کہ کبھی ہماری ایک سرحد گرم ہوتی ہے، کبھی دوسری سرحد گرم ہوتی ہے اور کبھی تیسری سرحد کی طرف سے گرم ہوائیں چلتی ہیں اور پاکستان کو ان تمام گرم ہواؤں کی تپش کے نتائج بھگتنے پڑتے ہیں۔ پچھلے 40 سال سے تقریباً پاکستان حالت جنگ میں ہے اور اس کی وجہ سے پاکستان کی ترقی کے راستے محدود ہوتے چلے گئے۔ ہم اپنے بچوں کی تعلیم مکمل نہ کرا سکے، ہم اپنے نوجوان لوگوں کے لیے روزگار کے مواقع فراہم نہ کر سکے، ہماری جو خواہشات تھیں معاشی ترقی حاصل کرنے کی اس کے ہدف ہم پورے نہ کر سکے۔ ایک کے بعد ایک دوسرے زلزلے کا سامنا ہمیں کرنا پڑتا ہے، ایک کے بعد ایک دوسرا سیلاب ہے جس کی ہمیں رکاوٹ کے لیے یا روک تھام کے لیے اپنے وسائل کو اس کا بندھ باندھنے کی تعمیر کرنے کے لیے صرف کرنا پڑتا ہے۔ اس حالت میں اگر ہمارے اپنے ملک کے اندر بھی ایسے لوگ موجود ہوں جو پاکستان میں سرکشی کے ذریعے، بغاوت کے ذریعے، سڑکوں پر اشتعال انگیز لوگوں کی نشونما کرکے اور تہذیب کے تمام دائرے عبور کرکے گفتگو کرنے کے عادی ہوں ان کو لگام ڈالنا بھی اس لیے ضروری ہے کہ اسی میں پاکستان کی بقا ہے، اسی میں پاکستان کی سلامتی ہے اور اسی میں پاکستان کی ترقی ہے۔

جناب چیئرمین بجٹ کے حوالے سے میں ایک اور گزارش بھی کرنا چاہوں گا، یہ بجٹ پاکستان کے تمام شہریوں کے لیے ہے لیکن بدقسمتی سے کچھ شہری اس سے زیادہ مستفید ہوتے ہیں اور زیادہ شہری جو کثیر تعداد ہے، جو عددی طور پر زیادہ ہیں وہ پاکستان کے پسماندہ طبقات ہیں اور پاکستان کی اقلیتیں ہیں۔ جب تک ہم پاکستان کے تمام شہریوں سے مساوی سلوک نہیں کریں گے، جب تک ریاست پاکستان

میں رہنے والے ہر شہری کو ایک آنکھ سے نہیں دیکھے گی اور ایک جیسی توجہ پاکستان کے ہر شہری کو نہیں دے گی تو یہ تفریق برقرار رہے گی اور اس تفریق کی انتہائی دردناک کہانیاں ہیں جو میرے علم میں بھی آتی ہیں اور آپ کے علم میں بھی آتی ہے۔ اس عید پر جو چند روز پیشتر پاکستان کے لوگوں نے منائی، ایک ویڈیو کلپ مجھے موصول ہوا جس میں سرکاری وردی میں ملبوس ایک پولیس مین جو ہے وہ ایک خاتون کے گھر میں داخل ہوتا ہے اور اس خاتون سے اس کے عقیدے کے بارے میں سوالات کرنے شروع کرتا ہے۔ جناب والا! کون سی ریاست میں یہ حق کسی کو دیا جاتا ہے کہ وہ اس چیز کے لیے جواب دہ ہو جائے کہ اس کے گھر میں جو قربانی کا گوشت آیا ہے، اس کا تعلق کس عقیدے سے تعلق رکھنے والوں سے ہے یا جو گوشت اس نے دوسروں میں تقسیم کیا ہے، وہ کس عقیدے کے لوگوں کے لیے تھے؟ ہمارے مذہب میں یعنی مسلمانوں کے مذہب میں تو اللہ تعالی نے فرمایا کہ قربانی کا گوشت تمہیں مسکینوں میں تقسیم کرنا ہے، تمہیں یتیموں میں تقسیم کرنا ہے، تمہیں بیواؤں میں تقسیم کرنا ہے، تمہیں ان غریبوں میں تقسیم کرنا ہے جو گوشت کھانے کی استطاعت نہیں رکھتے لیکن یہاں پر سوال و جواب یہ ہوتا ہے کہ یتیم مسکین غریب نہیں!

Mr. Deputy Chairman: Senator Sardar Umer Gorgaij Sahib, Order in the House, please.

سینیٹر پرویز رشید: اس کا عقیدہ کیا ہے؟ جس کو گوشت دیا جا سکتا ہے یا گوشت نہیں دیا جا سکتا کہ صرف ایک مثال میں آپ کے سامنے پیش کر رہا تھا لیکن اس طرح کے واقعات ہماری اقلیت جو ہے پاکستان میں رہنے والی اور جن کا عقیدہ اکثریت کے عقیدے سے مختلف ہے وہ تمام اس طرح کے امتحانوں سے گزرتے ہیں۔ ان کی عبادت گاہیں محفوظ نہیں رہتیں، ان کے گھر محفوظ نہیں رہتے، ان کے لیے خطرات پیدا ہوتے ہیں، کبھی کسی پر الزام لگتا ہے اور وہ سالہاسال تک جیل میں رہتا ہے، کبھی کسی کو زندگی سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ تو آیئے آج ہم اس چیز کا بھی عہد کریں کہ یہ پارلیمنٹ ان تمام قوانین کو ختم کریں جن قوانین کے تحفظ کی آڑ لے کر، جن قوانین کا بہانہ استعمال کر پاکستان کے شہریوں پر ان کی زندگیوں کو تنگ کیا جاتا ہے تاکہ ہم ایک ایسا پاکستان ترتیب دیں، ایک ایسا پاکستان بنائیں جس میں رہنے والا ہر شہری اس ملک کو اپنا ملک سمجھے، جس میں رہنے والا ہر شہری اپنی زبان، اپنے جغرافیے، اپنے عقیدے کی بنیاد پر نہ پہچانا جائے بلکہ اس کی پہچان صرف اور صرف یہ ہو کہ وہ پاکستان کا شہری ہے وہ پاکستان کا ہے اور پاکستان اس کا ہے بہت بہت شکریہ۔ (جاری ہے-----T13)

T13–18June2025 Imran/ED: Shakeel 01:10 pm

جناب ڈپٹی چیئرمین: (جاری-----) سینیٹر پلوشہ صاحبہ۔

**Senator Palwasha Mohammed Zai Khan**

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: شکریہ جناب چیئرمین۔ میں آپ کی اجازت سے بجٹ پر صرف چند منٹ بات کروں گی کیونکہ میں سمجھتی ہوں کہ ان حالات میں بجٹ irrelevant ہو گیا ہے اور بجٹ پر بات ضرور کریں گے لیکن جو حالات خطے کے ہیں اُن پر بھی نظر ڈالنا بھی بہت ضروری ہے۔ جناب چیئرمین! اگر اس بجٹ کو decode کیا جائے تو سترہ یا ساڑھے سترہ trillion کے اس بجٹ میں کچھ بھی قابل تعریف نہیں ملتا۔ تمام تر انحصار SOEs کو فروخت کرنا اور ملکی اثاثوں کو privatize کرنا اور اس امید پر ملک کو چلانا کہ فلانی چیز اتنے بلین کی بکے گی اور فلانی چیز اتنے بلین کی بکے گی۔ اس میں ہمیں کوئی فہم وفراست والا اور development oriented نظریہ نظر نہیں آتا۔

چیئرمین صاحب! اس بجٹ میں ستاسی بلین تو صرف PIA کو privatize کرکے حاصل کرنے کے خواب ہم دیکھ رہے ہیں۔ اس کے علاوہ مختلف اثاثوں کو فروخت کرنا، جس میں مشہور Roosevelt Hotel بھی شامل ہے مجھے آج یہ سب کو اور موجودہ حکومت کو یاد کروانا چاہیے کہ جس نے بھی Roosevelt Hotel کی طرف ہاتھ بڑھایا تو اُس حکومت کے دن کم ہی رہے۔ لہٰذا میری تو یہ ایک تجویز ہے کہ اس ہوٹل کو پاکستان کا اثاثہ رہنے دیا جائے اور اپنی بقا کے لیے اس کو فروخت کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔

جناب چیئرمین! Direct taxes پر اس حد تک انحصار، income taxes اور indirect taxes سے لے کر sales taxes تک، پچھلے بجٹ سے تقریباً انیس فیصد سے زیادہ بڑھانے پر انحصار ہے لیکن جب تنخواہیں بڑھانے کی بات آتی ہے تو سرکاری ملازمین کو صرف دس فیصد اور pensioners کو صرف سات فیصد، میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہ بہت ناانصافی ہے اور اگر ہم نہیں چاہتے کہ لوگ ہمیں بد دعائیں دیں تو اس پر نظر ثانی کیجئے۔

پھر petroleum levy کے نام پر ایک نئی پخ آ گئی ہے۔ کہا یہ جا رہا ہے کہ اس سے climate change کا کوئی بھلا ہوگا۔ لیکن اگر ہم صرف اسلام آباد کو ہی دیکھیں جو پاکستان کا سب سے سر سبز اور خوبصورت شہر تھا، تو جس حساب سے یہاں درخت کاٹے گئے ہیں، جس حساب سے اسلام آباد کو گنجا کیا گیا ہے اور جو گرمی اسلام آباد میں صدیوں میں نہیں پڑی تھی وہ ہم نے hottest day in the history of Islamabad چند دن پہلے دیکھا۔ تو اس کے ہوتے ہوئے اس کا ایک روپیہ اور ایک پیسا بھی climate change پر خرچ نہیں ہوگا۔

پھر آپ کہتے ہیں کہ چھوٹی گاڑیاں جو عام آدمی استعمال کرتا ہے، 800-850CC سے کم، اس پر اٹھارہ فیصد tax لگا دینا، اس پر کیا سمجھتے ہیں کہ ہمیں پھولوں کے ہار پڑیں گے۔ جناب چیئرمین! Solar panels پر میں یہ کہوں گی کہ سورج کسی کی ملکیت نہیں ہے۔ سورج نہ ہماری ملکیت ہے اور نہ اس دنیا میں کسی ملک کی ملکیت ہے۔ سورج اللہ کی دین ہے اور اگر کوئی اس سے سہولت حاصل کرتا ہے تو آپ اس پر بھی tax لگا رہے ہیں۔ پھر آپ کہتے ہیں کہ ہم Green Pakistan چاہتے ہیں، ہم climate change سے پریشان ہیں۔ پاکستان اس وقت سب سے تیزی کے ساتھ solarize ہوتا ہوا ملک ہے اور اس میں حکومت کا کوئی لینا دینا نہیں ہے، یہ لوگوں کی اپنی کاوش ہے۔ جو ہمیں ایک انعام مل رہا ہے اس کو تباہ کرنے کا کسی حکومت کے پاس کوئی chance نہیں ہے۔ لہٰذا ہم اللہ کی دی ہوئی عطیات پر جو ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں، وہ نہ کریں تو بہتر ہے۔

پھر e-commerce اور جو لوگ گھر میں بیٹھ کر کام چلاتے ہیں، اس پر آپ tax لگا رہے ہیں۔ اس میں گھریلو خواتین شامل ہیں جن کے پاس کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے۔ ان میں بیوائیں ہوں گی، اس میں وہ خواتین ہوں گی جن کا کوئی کمانے والا نہیں ہے۔ وہ لوگ ہوں گے جو باہر جا کر مزدوری نہیں کر سکتے، نوکری نہیں کر سکتے۔ اس سے آپ کو کیا حاصل ہوگا؟ آپ بیٹھے بٹھائے لوگوں کا گھروں میں کاروبار تباہ کر رہے ہیں۔

جناب! اگر non-filers کو filers بنانا ہے تو انہیں سمجھائیں، انہیں بتائیں۔ ہر شخص filer نہیں بن سکتا۔ میری والدہ ایک senior citizen ہیں۔ ان کو ان کے شوہر سے پیسے ملتے تھے۔ وہ فوت ہو گئے ہیں۔ میں انہیں اگر filer بنانے کی کوشش کرتی ہوں تو آپ مجھے بتائیں کہ کیا فائدہ ہوگا؟ اس سے آپ کو کیا حاصل ہوگا؟ آپ non-filers کو کہتے ہیں کہ وہ ملک سے باہر نہیں جا سکتے۔ کیوں نہیں جا سکتے۔ کیا وہ پاکستان کے شہری نہیں ہیں؟ آپ ایک ہی دفعہ انہیں را کا ایجنٹ declare کرکے اُن سے یہ citizenship چھین لیں تاکہ فارغ ہوں۔ اس طرح نہیں ہو سکتا کہ آپ کسی کو ملک سے باہر جانے سے روک سکیں۔ یہ بنیادی حق ہے۔ آپ بنیادی حقوق بھی چھین رہے ہیں۔ آپ ایک دفعہ FBR کے بڑے بڑے افسران سے کہیں کہ وہ اپنے اثاثے کیوں نہیں declare کرتے۔ پہلے اپنے اثاثے declare کریں اور اُس کے بعد ہمارے طرف انگلی اٹھائیں، پھر پاکستان کی عام عوام کی طرف انگلی بڑھائیں۔

جناب چیئرمین! اس کے ساتھ ساتھ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے نئے ضم شدہ اضلاع کو دینے والی چھوٹ بھی آپ ختم کر رہے ہیں۔ کیوں؟ کیا ان صوبوں میں پچھلے کئی سالوں میں کوئی سکون کا لمحہ گزرا ہے۔ کیا بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں اس وقت جنگ نہیں ہو رہی ہے۔ کیا بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں طالبان اور BLA بھارت اور اسرائیل کے ایما پر آپ کے لوگوں کو شہید نہیں کر رہے۔ آپ وہاں سے

بھی چھوٹ چھین رہے ہیں۔ کیوں؟ کیا یہ ایسا وقت ہے کہ آپ یہ چھوٹ چھین لیں۔ کس دل سے آپ وعدہ خلافی کرتے ہیں۔ تین صوبوں کو آپ effectively وفاق سے متنفر کر رہے ہیں اور اس موقع پر جب ہمیں اتحاد کی ضرورت ہے تو آپ بتائیں کہ یہ کہاں کی فہم و فراست ہے۔

جناب چیئرمین! میں نے آپ سے request کی تھی کہ میں بجٹ پر صرف اتنی ہی بات کروں گی کیونکہ آج بجٹ irrelevant ہے۔ مجھے اس کو کہنے میں کوئی دو رائے نہیں ہے۔ یہ تاریخی موقع ہے اور بجٹ پیش ہو رہا ہے لیکن یہ irrelevant ہو گیا ہے۔ ایسا کیوں ہے۔ اس لیے کہ اس وقت یہ خطہ آگ اگل رہا ہے اور آگ اس طرح اگل رہا ہے کہ اگر ہم اپنی طرف سے دیکھیں تو ہمارے دو دشمن اکٹھے ہیں اور اس وقت ہمارے ہمسایہ اسلامی ملک پر بد معاشی مسلط کر رہے ہیں اور صرف اس بنیاد پر کہ وہ nuclear power کیوں بن رہا ہے۔ اس بنیاد پر کہ دنیا کو اسرائیلی بم منظور ہے لیکن کسی اسلامی ملک کا بم منظور نہیں ہے۔ تو میں یہ کہتی ہوں کہ اگر دنیا کو اسرائیلی بم منظور ہے تو پاکستان کو ایرانی بم بھی منظور ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین! کل ایک بڑے ملک کے صدر نے کہا کہ ایران unconditional surrender کرے۔ کیوں؟ اس لیے کہ وہ لڑ رہا ہے۔ کیوں؟ اس لیے کہ پہلی دفعہ وہ جو غزہ میں کرتے رہے اس کی چھوٹا سا مزہ انہوں نے حائفہ میں، تل ابیب میں اور اپنے شہروں میں بھی چکھا اور ان کے چند لوگوں کو بھی پتا چلا کہ گھر گرنے کا دکھ کیا ہوتا ہے۔ ان کو پتا چلا کہ بنکر میں کیسے جایا جاتا ہے۔ ان کے چوبیس یا پچیس لوگ مر گئے تو دنیا اچھل پڑی اور unconditional surrender کا کیوں کہا جا رہا ہے۔ اس بات پر میں ایران کو سلام پیش کرتی ہوں کہ چاہے جیسے بھی ہو، وہ لڑ رہا ہے۔ وہ واحد اسلامی ملک ہے جو لڑ پڑا ہے۔ وہ ان کو وہ مزہ چکھا رہا ہے جو انہوں نے اس سے پہلے نہیں چکھا اور آپ ان کے چہروں پر خوف دیکھ سکتے ہیں۔ تمام مسلمان چاہے اُن کے حکمران اسرائیل کے پٹھو ہی کیوں نہ ہوں، وہ دل میں خوش ہیں اور وہ دل میں دعا کر رہے ہیں کہ ایران کامیاب ہو۔

جناب چیئرمین! ایک ملک کا صدر دوسرے ملک کے supreme leader کو کہتا ہے کہ ہم اُسے فی الحال قتل کرنے کا نہیں سوچ رہے۔ قتل کر سکتے ہیں لیکن فی الحال قتل کرنے کا نہیں سوچ رہے۔ ہم ان کو بم نہیں بنانے دیں گے۔ آپ کا کیا خیال ہے کہ ان کی ہمارے بارے میں کیا سوچ ہے۔ آپ کا کیا خیال ہے اسرائیل ہمارے بم پر نظر نہیں رکھے ہوئے ہے۔ کیا اسرائیل کو ہماری جوہری طاقت قبول ہے؟ ہر گز نہیں۔ اگر ایران یہ جنگ خدانخواستہ ہار گیا تو .we are next کیا ہم تیار ہیں؟ کیا ہم House میں debate نہیں کر سکتے۔

کیا اس بجٹ اجلاس کو، جو بیس یا اکیس کو ختم ہو جائے گا، اس کے بعد ہمیں فوری طور پر اس پر اجلاس نہیں بلانا چاہیے۔ کیا ہم خواب خرگوش میں رہیں گے۔

جناب چیئرمین! کہاں گئے انسانی حقوق؟ جب انسانی حقوق کا سب سے بڑا علم بردار یہ کہتا ہے کہ میں کسی بھی ملک کے سربراہ کو قتل کر سکتا ہوں۔ کہاں گئی international community, کہاں گئی آزادی اور خود مختاری۔ صرف اس لیے کہ اگر دنیا میں کسی کو دفاع کا حق ہے تو وہ صرف گوری چمڑی کو حاصل ہے اور کسی کو حاصل نہیں۔ اس لیے کہ ان کا مذہب کہتا ہے یہ امالیک ہے، ان کے بچے مار دو۔ اگر ہمارا مذہب کہتا ہے کہ جہاد کرو تو ان کو یہ قبول نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! اگر بد معاشی ہی new world order ہے تو یاد رکھیں کہ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آج کوئی ذوالفقار علی بھٹو ہم میں موجود نہیں ہے جو سب مسلمانوں کو اکٹھا کرے اور اب تک امام مہدی اور حضرت عیسیٰ کا ظہور نہیں ہوا ہے۔ لہٰذا اب اگر یہ جنگ آپ پر مسلط ہوئی تو خود ہی لڑنی پڑے گی۔ میں یہ ضرور کہنا چاہتی ہوں کہ ہمیں یہاں سے واضح پیغام دینا چاہیے۔ ہماری parliament سے، ہماری حکومت سے، ہماری فوج سے کہ اگر پاکستان کے ساتھ چھیڑ خانی کی گئی۔۔۔ (T14 پر جاری ہے)

T14-18June2025 Abdul Ghafoor/Ed. Mubashir 1:20 PM

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: (جاری۔۔۔) ہماری parliament سے، ہماری حکومت سے، ہماری فوج سے کہ اگر پاکستان کے ساتھ چھیڑ خانی کی گئی تو ہم آخری حد تک جانے میں ایک منٹ کا توقف نہیں کریں گے۔ جس دنیا میں پاکستان نہ ہو تو وہ دنیا ہماری طرف سے بے شک تباہ ہو جائے، ہمیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ برباد ہو جائے، ہمیں فرق نہیں پڑتا۔

جناب چیئرمین! ضرورت اب اس امر کی ہے کہ صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری، جو armed forces کے supreme commander ہیں، Chief of Army Staff جنرل آصف منیر کے زیر صدارت NATO کی طرز پر ایک اسلامی فوج کا نعم البدل، ایک platform ہو اور یہ دو شخصیات تمام اسلامی افواج کو جمع کریں اور وہ کوشش کریں جو اِن سے پہلے شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کامیابی سے کی اور سب کو اکٹھا کریں کیونکہ اب ایران کو بھی ادراک ہو چکا ہے کہ بھارت، جس نے ابھی تھوڑی دیر پہلے امریکی ثالثی قبول کرنے سے انکار کیا ہے کہ بھارت اُن کی پیٹھ میں بھی چھرا گھونپ رہا تھا اور ان کے اندر بیٹھ کر موساد کے cells بھارتی چلا رہے تھے۔ پاکستان میں بھی یہ را اور موساد کے cells موجود ہیں، ہر محکمے میں موجود ہیں اور ہر جگہ موجود ہیں۔ ان کو پکڑ کر سمندر برد کیا جائے اس سے پہلے کہ یہ ہمیں کوئی ایسا نقصان پہنچائیں۔

جناب چیئرمین! میری دوسری اور آخری گزارش یہ ہے کہ ایک war fund بنایا جائے۔ بجٹ کی بات ہو رہی ہے تو ایک war fund بنایا جائے۔ ہم زندہ ہیں تو ہم تنخواہ لیتے ہیں۔ ہم زندہ ہیں تو ہم کھاتے ہیں، پاکستان ہے تو ہم زندہ ہیں اور اس war fund میں جس سرکاری افسر کی تنخواہ پانچ لاکھ سے زیادہ ہے وہ ساری اس war fund میں ڈال دی جائے۔ اس وقت تک کہ جس وقت تک ہمارا خطہ مضبوط نہ ہو۔ کسی کو یہ حق نہیں کہ پچیس پچیس، تیس تیس، چالیس چالیس لاکھ تنخواہیں سمیٹ کر گھر جائیں اور ملک اپنی دفاع کے لیے پریشان رہے۔ لہٰذا اس war fund میں اتنا پیسا ہو کہ ہمیں کسی کی طرف دیکھنے کی کبھی ضرورت نہ ہو۔

جناب چیئرمین اس کے ساتھ، میں یہ سمجھتی ہوں کہ چونکہ یہ گزارشات میں اس floor پر کر رہی ہوں، تو آپ ان پر ضرور غور کیجیے اور ہمیں اپنی آنکھیں اور کان کھلے رکھنے چاہییں۔ اللہ پر ہمارا ایمان اور بھروسہ ہے، کیونکہ۔

میرِ عرب کو آئی ٹھنڈی ہوا جہاں سے
میرا وطن وہی ہے، میرا وطن وہی ہے

بہت شکریہ!

(اس موقع پر ایوان میں ڈیسک بجائے گئے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر کامل علی آغا صاحب۔

## Senator Kamil Ali Agha

سینیٹر کامل علی آغا: شکریہ، جناب چیئرمین! آج بجٹ پر سفارشات پیش کرنے کے لیے یہ اجلاس چل رہا ہے اور بڑی اچھی گفتگو ہوئی ہے۔ خاص طور پر ابھی سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان صاحبہ نے بڑی اچھی speech کی ہے اور بڑی اچھی recommendations دی ہیں۔ میرا بھی دل کر رہا ہے کہ میں اسی بات کو آگے بڑھانے کی کوشش کروں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم ایک اٹیمی قوت ہیں، الحمدللہ! اور اس اٹیمی قوت کو بنانے میں سب سے بڑا credit ذوالفقار علی بھٹو کو جاتا ہے۔ اس میں اور بھی بہت سے نام ہیں، لیکن ابتدا انہوں نے کی، اور بڑی سنجیدگی سے کی۔ اس کے بعد بہت سے سارے نام ہیں اس میں مجھے کوئی عار نہیں کہ میں ضیاء الحق کا بھی نام لوں، جنہوں نے اس پروگرام کو آگے بڑھانے میں کاوش کی اور تقریباً مکمل کیا۔ اس میں غلام اسحٰق خان کا نام نہ لینا بھی ایک منافقت ہو گی اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ہم تیار کر چکے تھے اور تیار ہی پڑا تھا، لیکن کسی نے اسے explore نہیں کیا۔ بھارت نے شاید ہماری خوش قسمتی تھی اس نے دھماکے کیے اور اس کے چار دھماکوں کے جواب میں ہم نے پانچ دھماکے کیے۔ اس کا credit نواز شریف کو جاتا ہے۔ الحمدللہ! ہم ایک اٹیمی قوت ہیں۔ لیکن اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ بھارت اور اسرائیل نے ضیاء الحق کے دور میں ہماری اس کاوش کو روکنے کے لیے

بڑی گھناؤنی سازش کی۔ میں بہت بڑی منافقت کروں گا اگر یہ بات نہ کہوں کہ ان ساری کاوشوں کے پس پشت سرپرستی جو تھی وہ امریکہ کی تھی کہ پاکستان اٹیمی قوت نہ بن سکے۔

آج بھی اگر ایران کے خلاف یہ سازش ہو رہی ہے کہ وہ آٹیمی قوت نہ بنے۔ آپ دیکھ لیں کہ اس ساری کوشش کے پیچھے، ساری سازش کے پیچھے Donald Trump بڑی حقانیت سے اپنے دو چہرے بڑے واضح دیکھ رہا ہے بلکہ اب تو دو دن سے کھل کر سامنے آ گیا ہے کہ اس نے ایران کو اٹیمی قوت نہیں بننے دینا۔ صاف الفاظ کے اندر اس نے یہ بات کہہ دی ہے اور ہمیں کسی غلط فہمی میں نہیں رہنا چاہیے اور ہمیں یہ کوشش ہمیشہ جاری رکھنی چاہیے کہ پاکستان کی ایٹمی قوت کی طرف کوئی میلی نظر سے نہ دیکھ سکے۔ اور ان شاء اللہ پاکستانی افواج اور قوم نے مل کر یہ بات ثابت کر دی ہے کہ ہم ملک کے دفاع میں یک جان ہیں، اور یک جان رہیں گے۔ اگر کسی نے یہ کوشش کی کہ پاکستان کو کسی طور پر ایٹمی اثاثوں کو نقصان پہنچایا جاسکے، یہ ان شاء اللہ ناممکن ہو گا، اور ہماری قوم ان شاء اللہ اس بات کو برداشت نہیں کرے گی اور میں یہ بات آپ سے ضرور کہوں گا کہ مسلمان ممالک بھی پاکستان کی ایٹمی قوت کو کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی کوئی کوشش کو برداشت نہیں کریں گے۔

میں آپ کو ایک واقعہ بتا دیتا ہوں کہ ہم ایک official visit پر الجزائر گئے تھے، جب سینیٹ کا وفد وہاں گیا۔ الجزائر کے صدر نے ہمارے ساتھ ملاقات کی اور اس ملاقات میں بڑے واضح الفاظ میں کہا کہ ہم پاکستان کے ایٹمی پروگرام کے ساتھ کھڑے ہیں، اور ہم سمجھتے ہیں کہ یہ صرف پاکستان کا نہیں بلکہ تمام مسلمان ممالک کا اثاثہ ہے۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ اس وقت بھی جتنے واضح الفاظ کے اندر ایران کی حمایت پاکستان نے کی کسی ملک نے نہیں کی۔ افسوس کے ساتھ میں کہتا ہوں کہ مسلمان ممالک بھی ایران کی حمایت کرنے میں جھجک رہے ہیں حالانکہ تمام مسلمان ممالک کے جو لوگ ہیں، شہری ہیں وہ اس بات کے حق میں ہیں کہ وہ ایران کے ساتھ کھڑے ہوں۔

(جاری۔۔15 -T)

**T15-18June2025 Tariq/Ed: Waqas. 01:30 pm**

سینیٹر کامل علی آغا۔۔۔ جاری۔۔۔ جو شہری ہیں وہ اس بات کے حق میں ہیں کہ وہ ایران کے ساتھ کھڑے ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ مسلم ممالک کے سربراہان کو ہوش کا دامن تھامنا چاہیے اور واضع الفاظ میں ایران کی حمایت کرنی چاہیے۔ اسرائیل اور امریکہ کسی طور پر بھی پاکستان ہی نہیں بلکہ مسلم ممالک کو دنیا میں پنپنے نہیں دینا چاہتے، ہمیں غلط فہمی نہیں رکھنی چاہیے اور ہر صورت میں ہمیں مل بیٹھ کر کوئی فیصلہ کرنا چاہیے۔ جیسا کہ ابھی سینیٹر پلوشہ نے بڑی اچھی بات کی کہ مسلم ممالک کو مل بیٹھ کر کوئی strategy بنانی چاہیے۔ اس بابت

ایک کاوش ہوئی کہ اسلامی ممالک کی فوج create کی گئی لیکن وہ کہاں گئی؟ وہ بالکل ایسے ہی ہوئی جیسے اسلامی ممالک کی ایک تنظیم OIC بنی ہوئی ہے وہ OIC ہی رہ گئی، وہ آگے نہیں بڑھ سکی اور کسی اقدام پر کوئی فیصلہ کرکے اسے implement نہیں کروا سکی۔ یہ ہمارے لیے باعث شرم ہے۔ اتنی بڑی قوم، طاقت اور دنیا بھر کی دولت ہونے کے باوجود ہم دنیا میں مفلوج سمجھے جاتے ہیں، ہمیں کسی طور پر بھی دنیا میں کوئی اہمیت نہیں ملتی، اس لیے نہیں ملتی کہ مسلمانوں کے اندر اتحاد نہیں ہے۔ تقسیم ہوئے ہوئے ہیں، یہ تقسیم ختم ہو گی تو ہماری دنیا میں کوئی وقت بنے گی اور ہماری آئندہ نسلوں کا مستقبل واضح ہو کر ابھر سکے گا۔

جناب چیئرمین! الحمدللہ یہ بات ضروری ہے۔ دیکھیں بھارت نے سراسر پاکستان پر جسارت کی اور حملہ کیا لیکن پاکستانی قوم اور پاکستانی فوج کے واضح جواب کے نتیجے میں پوری دنیا پاکستان کے ساتھ کھڑی ہو گئی۔ ہمیشہ لوگ power کے پیچھے جاتے ہیں اور جب تک مسلمان دنیا میں اپنی power کو ثابت نہیں کریں گے تو ان کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم OIC کو بھی فعال کریں اور ایسا فعال کریں کہ اس کے فیصلے implement ہو سکیں اور اس بات کی پابندی ہو کہ OIC جو فیصلہ کرتی ہے اسے واضح طور پر implement ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین! اب میں بجٹ کی طرف آتا ہوں۔ افسوس کی بات ہے کہ جو ٹیکس دے رہے ہیں ان ہی کو بجٹ میں بڑھ چڑھ کر دبایا جاتا ہے اور ان کے ذریعے ہی کوشش کی جاتی ہے کہ آئندہ سال کے اخراجات پورے کرنے کے لیے ان پر taxes لگا کر وہ اخراجات پورے کیے جائیں۔ اس مرتبہ تو ایک عجیب بات ہوئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی زیادتی اور ظلم ہے کہ FBR کو ایسی powers دی جا رہی ہیں کہ grade 16 کا آفیسر جا کر کسی کو arrest کر لے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ زیادتی ہے اور اسے کسی طور پر بھی اس ایوان سے recommend نہیں ہونا چاہیے اور اس کی شدید مخالفت کرنی چاہیے۔ اس اقدام پر میں اور میری جماعت کی پالیسی بڑی واضح ہے کہ یہ فیصلہ واپس لیا جائے اور جو ٹیکس دیتے ہیں انہیں عزت اور احترام دیا جائے تاکہ وہ ازخود taxes ادا کریں۔

جناب چیئرمین! ایک زمانہ تھا کہ جب ایوب خان کے دور میں tax payers کو عزت دی جاتی تھی اور حکومت کی واضح پالیسی تھی کہ جو ٹیکس دے گا اسے عزت اور احترام دیا جائے گا۔ یہ فیصلہ واپس لینا چاہیے اور ویسے بھی non-filer والا بڑا عجیب سا معاملہ ہے۔ پاکستان کا کوئی شہری ایسا نہیں ہے جو tax pay نہیں کرتا ہے۔ ایک چپس یا ایک toothpaste لینی ہو تو اس پر بھی ٹیکس ادا ہوتا ہے اور ہر کوئی ادا کرتا ہے۔ اگر تندور سے روٹی لینے جاتا ہے تو اسے بھی ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے، آٹے پر پہلے سے ٹیکس موجود ہے اور حکومت لے رہی ہے۔ گیس، جس پر روٹی پکائی جاتی ہے اس پر بے انتہا ٹیکس عائد ہے اور وہ بھی ultimately وہ consumer ادا کر رہا ہے۔ میں سمجھتا

ہوں کہ non-filer والے جھنجھٹ کو ختم ہونا چاہیے یا پھر کوئی ایسا نظام قائم کیا جائے کہ جن کو non-filer کہا جا رہا ہے ان سے ٹیکس نہ لیا جائے۔ ہر چیز پر جو 18% ٹیکس لگایا ہوا ہے وہ واپس لیا جائے۔ اب تو عجیب معاملات ہیں کہ ایک طرف تو بڑے بڑے taxes ہیں اور دوسری طرف عام آدمی کو کیا دیا ہے؟ ذرا دیکھیں کہ کسان کو کیا دیا ہے۔ یہ جو employees ہیں جن کی تنخواہ 10% بڑھائی گئی ہے ان پر taxes کتنے ہیں، کتنے taxes بڑھا دیئے ہیں۔ ان کی تنخواہوں میں 10% اضافہ کر کے 20% or 21% total ٹیکسوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اس کو تو مزید 12% or 11% ادا کرنا پڑے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ employees کی تنخواہ میں 10% اضافہ غیر منصفانہ فیصلہ ہے، اس کے اندر اگر اضافہ کرنا تھا تو کم از کم 25% اضافہ ہونا چاہیے تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کامل علی آغا صاحب، آپ کے پاس بس ایک منٹ اور ہے، آپ بات مکمل کر لیں کیونکہ آپ کے 15 منٹ ہو رہے ہیں۔ باقی ساتھی بھی بات کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: آپ مجھے اگر تھوڑا وقت دے دیں ویسے بھی یہاں پر کال ہی پڑا ہوا ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سب کی خواہش ہے کہ بجٹ پر بات کریں۔۔۔

سینیٹر کامل علی آغا: مجھے ایسا بے چین بندہ نظر نہیں آ رہا ہے جو اسے carry کرے گا، آپ کی مہربانی ہے۔ گزارش یہ ہے کہ عام آدمی پر ایک اور بوجھ ڈال دیا گیا ہے، یہ کس کے حق میں فیصلہ ہے کہ پہلے تو سولر سسٹم سے پیدا ہونے والی بجلی حکومت 29-28 روپے میں لے رہی تھی اسے 10 روپے میں لینا شروع کر دیا ہے۔ کیوں؟ اس لیے کہ IPPs کا نقصان ہوگا۔ یہ کون کروا رہا ہے۔ یہ IPPs کو ہمیشہ اتنی اہمیت کس کے ذریعے ملتی ہے۔ جو propaganda ہوتا رہا ہے اور سولر سسٹم پر مزید بوجھ ڈال دیا گیا ہے کہ سولر پلیٹ پر 18% ٹیکس لگا دیا ہے یعنی ناممکن بنا دیا ہے کہ ایک آدمی جو اپنی جیب سے لاکھوں روپیہ لگا کر اپنے لیے سستی بجلی حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اللہ کے نظام کے ذریعے، سورج کی شعاؤں کے ذریعے وہ اپنے گھر کی یا فیکٹری کی بجلی یا کسان اپنے کھیتوں کے لیے سستی بجلی حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس پر کون اور کیوں پابندی لگا رہا ہے؟ یہ بہت بڑا سوالیہ نشان ہے۔ کیا یہ بات درست ہے کہ حکومت میں بیٹھے ہوئے لوگ IPPs کو تحفظ دینے والے ہیں اس لیے کہ ان کی IPPs میں اپنی حصہ داریاں ہیں۔ یہ بات کسی شبہ سے بالاتر ہے کہ اس کو تحفظ دیا جا رہا ہے۔ کیوں دیا جا رہا ہے، اس لیے دیا جا رہا ہے کہ اس کا ultimate فائدہ حکومت میں بیٹھے ہوئے لوگوں کو مل رہا ہے۔ یہ سالہا سال لوگ اس بات پر چیختے رہے اور اب ثابت ہو رہا ہے کہ جو بجلی سستی کی گئی اور جو lollypop دیا گیا کہ جناب 08 روپے فی یونٹ بجلی سستی کر دی ہے تو 11 روپے نئے

surcharges لگادیے ہیں۔آپ دیکھیں نئے 11 surcharges روپے بنتے ہیں۔08روپے دے کر11روپے لے لیے ہیں، کس کے لیے؟ عام آدمی کے لیے اگر بجٹ نہیں ہے تو کوئی بجٹ نہیں ہے، یہ lollypop ہے۔۔۔آگے جاری۔۔۔(T-16)

T16-18JUNE2025 Mariam Arshad/Ed:Shakeel 01:40 p.m.

سینیٹر کامل علی آغا(جاری۔۔۔): عام آدمی کے لیے اگر budget نہیں ہے تو پھر یہ کوئی budget نہیں ہے۔ یہ lollipop ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ فی الفور جو نئے عذاب عام آدمی پر ڈالے گئے ہیں، ان کو واپس لیا جائے۔ اگر واپس نہیں لیا جائے گا تو یہ زیادتی ہو گی اور اس کے اوپر ہم حکومت کو budget میں vote نہیں دیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! آپ کی مہربانی کہ آپ نے مجھے برداشت کیا۔Budget کا مقصد صرف ایک ہونا چاہیے کہ اضافے کے لیے ان ذرائع کو استعمال کیا جائے جن ذرائع پر آج تک کسی حکومت نے ہاتھ نہیں ڈالا۔Tax نظام کو وسیع کیا جائے اس طرف جایا جائے، یہ جو nominal اضافہ کیا گیا ہے، جاگیرداروں، سرمایہ داروں ان کی جیبوں میں صحیح طریقے سے ہاتھ ڈالیں۔ وہ کما رہے ہیں اور ابھی جو taxes لگائے بھی ہیں تو وہ nominal سے ہیں۔ ان کا فائدہ کوئی نہیں ہے، اصل ٹھیک طریقے سے ان پر ہاتھ ڈالا جائے تاکہ budget بنانے میں آسانی ہو اور وسائل کو عام آدمی تک پہنچایا جاسکے، غریب آدمی تک پہنچایا جاسکے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بہت شکریہ۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب ڈپٹی چیئرمین! میں آخر میں عرض کروں گا کہ میری پوری دنیا کی مسلمان حکومتوں سے appeal ہو گی کہ وہ مل بیٹھیں اور آنے والے خطرات کا محاسبہ کرنے کے لیے اور ان سے مقابلہ کرنے کے لیے ایسے ذرائع پیدا کریں کہ دنیا کے اندر مسلمان ممالک جو ہیں ان کے اوپر اس قسم کا غاصبانہ حملہ اور اس قسم کا تشدد اور زیادتی نہ ہوسکے۔ میں ایران کی حکومت کو سلام پیش کرتا ہوں کہ اس نے اسرائیل کو ایک مستند جواب دے کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ ایمانی قوت بھی کوئی چیز ہے اور اس کے ذریعے جواب دیا جاسکتا ہے اور منہ توڑ جواب دیا جاسکتا ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر افنان اللہ خان۔

**Senator Afnan ullah Khan**

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: جناب ڈپٹی چیئرمین! بہت شکریہ۔آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا۔ میں اپنی تقریر کو تین حصوں میں divide کرنا چاہتا ہوں، ایک وفاقی بجٹ پر تھوڑی بات کروں گا پھر پنجاب بجٹ پر اور آخر میں اسرائیل اور ایران کا جو معاملہ چل رہا ہے اس کے اوپر بات کروں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! آپ کو معلوم ہے کہ آج سے تین سال پہلے جب PTI کی حکومت ختم کی گئی، ختم ہوئی تو اس وقت انہوں نے یہ فرمایا کہ ملک default ہو جائے گا۔ ان کے جو بانی ہیں انہوں نے فرمایا کہ تھوڑا وقت رہ گیا ہے بس کسی وقت بھی default ہو جائے گا۔ وہاں سے معمالات شروع ہوئے کہ ملکی خزانہ خالی تھا۔ Foreign exchange reserves almost ختم ہونے والے تھے۔ بائیس ارب ڈالر کی payment اس سال کرنی تھی اور ان حالات کے اندر PML (N) نے حکومت سنبھالی اور پھر ان مشکلات سے ملک کو نکالا۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے آج ملک ادھر آگیا ہے کہ ہمارا GDP 411 billion dollars کا ہو چکا ہے۔ ہمارے جو foreign exchange reserves ہیں وہ تقریباً 16.6 ارب ڈالر تک پہنچ چکے ہیں۔ ہمارے پاس کئی دہائیوں کے بعد یہ ہوا کہ پاکستان نے current account surplus show کیا ہے تقریباً 1.8 billion dollar کا یعنی جتنے پیسے، جتنے foreign exchange reserves ہم باہر بھیجتے ہیں اس سے زیادہ ملک میں آئے ہیں۔

یہ جو تمام achievements ہیں، remittances تقریباً 37 billion dollar تک پہنچ گئی ہیں۔ یہ بہت بڑی بڑی achievements ہیں حالانکہ آپ کو معلوم ہے کہ انہوں نے تو فرمایا تھا کہ پاکستان کے اندر remittances نہ بھیجے جائیں۔ جناب عمران خان صاحب اور PTI نے اس کی پوری تحریک چلائی تھی مگر اس کے باوجود اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے record remittances Pakistan کے اندر آئی ہیں۔ اس پورے کام میں حکومت کی بڑی بڑی قربانیاں ہیں، بڑی محنت ہے۔ اس کے علاوہ میں بات کرنا چاہوں گا جو ابھی FBR کا معاملہ discuss کیا جا رہا تھا اور FBR پر کہا جا رہا کہ 16 grade کے جو افسر ہیں انہیں arrest کرنے کا اختیار دے دیا جائے گا۔ میں یہ کہتا ہوں کہ آپ ضرور دیں 16 grade کے افسر کو یہ اختیار مگر آپ پہلے FBR کے افسران سے کہیں کہ وہ اپنے assets تو declare کریں۔ آپ کو معلوم ہے کہ کم از کم تین ہزار ارب روپے کی FBR corruption میں سالانہ ہوتی ہے۔ نہ Chairman FBR اپنے assets declare کرتا ہے، نہ ان کی senior management اپنے assets declare کرتے ہیں اور یہ پوری قوم سے کہتے ہیں کہ tax دو۔ کیوں tax دیں؟ آپ پہلے اپنا تو بتائیں، ان کے بچوں کی آپ عیاشیاں دیکھیں۔ آپ ان کی ساری حرکتیں دیکھیں اور وہ ختم نہیں ہوتیں اور اس کے بعد یہ چھپ جاتے کہ ہمارے assets declare نہ کیا جائیں۔ میں خود اس سال recommendation ڈالوں گا کہ ان کے assets ساری قوم کے سامنے رکھے جائیں تاکہ معلوم تو ہو کہ ان کے پاس اتنے سارے پیسے آئے کہاں سے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے مہنگائی پچھلے سال تقریباً26% تھی اور اس سال تقریباً4.7% پر آچکی ہے اور یہ بہت بڑی accomplishment ہے۔ بہت زیادہ مہنگائی تھی کیونکہ اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ جاتے جاتے ماشا اللہ PTI حکومت نے ایسی بارودی سرنگیں بچھائیں۔ پڑولیم کی قیمت کم کی تاکہ import زیادہ ہو current account deficit بڑھ جائے اور اس کے بعد اگلے دو تین سال ملک کے اندر مہنگائی رہے۔ یہ کارنامہ انجام دے کر گئے تھے لیکن اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے 4.7% پر آچکی ہے اور ہماری کوشش ہے کہ ہم اس کو اس سال 5 or 6% پر maintain کریں۔

Stock market تقریباً120000 کا جو index ہے وہ cross کر چکی ہے جو کہ record ہے۔ اس سال وفاق کا development budget جو آیا ہے وہ تقریباً ایک ہزار ارب روپے کا ہو گا۔ اس کے اندر ہم جو notable کام کر رہے ہیں وہ infrastructure کے حوالے سے ہے۔ نئی motorways بنیں گی ان شاءاللہ، M-25 بلوچستان کی بہت اہم روڈ ہے اور اس کی بہت demand تھی کہ ادھر بہت زیادہ مسائل ہوتے ہیں اور وہاں لوگوں کی بہت جانیں گئی ہیں۔ اس کو upgrade کیا جائے گا اور ان شاءاللہ

اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ہمارا target ہے کہاس سال جو GDP ہے اس کی 4.2% growth rate ہو۔

اب میں آنا چاہتا ہوں پنجاب کے بجٹ کے اوپر، پنجاب کے بجٹ پر مختصر بات کروں گا تقریباً 5.3 trillion rupees کا budget ہے اور 1240 ارب روپے development کے لیے رکھے گئے ہیں جو کہ record ہے۔ پنجاب نے ایک اور record بھی بنایا ہے۔ جناب ڈپٹی چیئرمین! آپ کو یہ بات سن کر بہت خوشی ہو گی کہ ایک ہزار ارب روپے تقریباً پنجاب اپنا tax خود collect کرے گا جو کہ وہ بھی ایک record ہے۔ Tax collection اس صورت میں ہو گی جب tax free budget بھی ہے۔

Free solar panel schemes لائی جارہی ہیں 3.8 billion rupees کی۔ جو public offices ہیں ان پر تقریباً9.8 ارب روپے سے ان کی solarisation کی جارہی ہے۔ Road infrastructure پر پنجاب حکومت تقریباً پچاس ارب روپے لگائے گی۔ تین نئی metro lines بنائی جائیں گی ایک گوجرانوالہ میں بنے گی، ایک فیصل آباد میں بنے گی اور ایک yellow line Lahore میں شروع کی جائے گی۔ یہ تمام کام پنجاب حکومت اپنے وسائل سے خود کر رہی ہے اور یہ پنجاب حکومت اور مریم نواز باقی

تمام صوبوں کے لیے ایکbenchmark setکر رہے ہیں کہ کیسے اپنے وسائل کو بہتر طریقے سے بروئے کار لایا جائے۔ صوبوں کو پاس خود اتنے وسائل ہیں کہ وہ اتنے بڑے بڑےprojectsکر سکتے ہیں۔

Health budget 181ارب روپے کا رکھا گیا ہے اور اس کے اندر پورے پنجاب کی عوام کو health insurance provideکی جائے گی۔ Education budgetجو ہے بلکہ ابھی educationکے اوپر بات بھی ہو رہی تھی148ارب کا educationکاbudgetرکھا گیا ہے۔ جس میں سوا ارب روپے صرف سکولوں پر خرچ ہوں گے۔ 98% schools Punjabکے اندر ایسے ہیں جن کی چار دیواری بھی ہے۔ جن کے اندر بچوں کو free mealدیا جاتا ہے۔ جہاں پر سکول اور کلاس رومdevelopہو چکے ہیں اور یہ بہت بڑیaccomplishmentہے۔ 98% schoolsکو اسlevelپر لا چکے ہیں۔

پنجاب میں HEC, تقریباً40ارب روپے پنجاب کے بچوں کے لیے رکھا گیا ہے۔ Laptop schemesکے تحت تقریباً 15ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ وہUniversitiesمیں جو اہل studentsہوں گے ان کو دیے جائیں گے۔ (جاری۔۔۔T17)

T17-18Jun2025 FAZAL/ED: Shakeel 01:50 pm

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: (جاری ہے۔۔۔) جو اہل studentsہوں گے ان کو دیے جائیں گے۔ دو نئی یونیورسٹیاں ان شاء اللہ بنائی جا رہی ہیں۔ ایک گوجرانوالہ میں اور ایک سیالکوٹ میں۔ یہ بھی پنجاب گورنمنٹ اپنے وسائل سے بنا رہی ہے۔ پھر Agriculture کی بات کی گئی۔ تقریباً چونسٹھ ارب روپے کا Agricultureکا بجٹ رکھا گیا ہے۔ اس کے اندر سولرائیزیشن بھی ہے اس میں ٹریکٹر بھی دیے جا رہے ہیں۔ اس کے اندر کسان کارڈ بھی دیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ livestockکے لیے ایک بہت بڑیamount بھی رکھی گئی ہے۔ لوکل گورنمنٹ کے اوپر کافی بات کی گئی ہے اور میں آپ کو مثال دینا چاہتا ہوں کہ ابھی جو عید گزری ہے اس کے اوپر تمام لوگ اس بات کے گواہ ہیں جو لوگ پنجاب میں رہتے ہیں یا ادھر سے گزرے ہیں انہوں نے دیکھا ہے یہ والی بات کہ کتنی صفائی تھی۔ تقریباً تیس ارب روپے کا جو ہے وہ infrastructure developکیا گیا تاکہ یہ صفائی ممکن کی جا سکے۔ ایک آلائش جو ہے وہ کہیں آپ کو اس کی بدبو نہیں آئی، کہیں گری ہوئی نظر نہیں آئی۔ یہ بہت بڑی ایک accomplish ہے۔ تقریباً پینتیس ارب روپے جو ہے وہ ٹورازم کے بجٹ کے لیے رکھا گیا اور اس سے ان شاء اللہ ٹورازم کے اندر ایک revolutionآئے گی۔ تو یہ بہت زبردست کام مریم نواز شریف صاحبہ پنجاب میں کر رہی ہیں اور ان شاء اللہ اس کے اثرات پورے صوبے تک پہنچ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین ! میں اب جو اسرائیل اور ایران کا معاملہ چل رہا ہے اس کے اوپر بات کرنا چاہوں گا۔ جناب چیئرمین ! ہمیں یہ بات سمجھنی پڑے گی کہ یہ اسرائیل وہ ملک ہے جس نے لیبیا کو تباہ کیا، جس نے شام کو تباہ کیا، جس نے فلسطین کو تباہ کیا اور جس نے عراق کو تباہ کیا۔ جنہوں نے دو دفعہ indirectly افغانستان کے اندر جنگ مسلط کی۔ یہ وہ لوگ ہیں جو تمام مسلمان ممالک کے دشمن ہیں اور یہ میں نہیں کہتا آپ ان کی کتابیں اٹھا کے پڑھ لیں۔ ایک نہیں multiple literature کے اندر یہ بات موجود ہے کہ یہ گریٹر اسرائیل بنانا چاہتے ہیں۔ یہ ہر مسلمان ملک کا وہ حشر کرنا چاہتے ہیں جو انہوں نے Syria کے ساتھ کیا کہ نہ فوج ہو نہ حکومت ہو نہ کوئی سول گورنمنٹ ہو اور تباہ و بربادی ہو اور جتھے رہ جائیں اور کچھ نہ بچے۔ پھر یہ اس ملک میں گھس جائیں اور یہ جو مرضی کرتے پھریں۔ یہ ان گریٹر اسرائیل کا actual plan ہے۔ یہ پلان جو ہے یہ کئی سو سال سے اس کے اوپر مسلسل عمل چل رہا ہے۔ کئی سو سال سے یہ صیہونی قوتوں کے ساتھ مل کر اس کو وہ عملی جامہ پہنا رہے ہیں۔ 2011 کا اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کا ایک انٹرویو ہے۔ جس میں وہ یہ کہتا ہے کہ جو دو greatest achievements ہیں ہماری یا جو greatest tasks ہیں ہماری زندگی کے وہ دو ہیں۔ ایک ایران کا نیوکلیئر پروگرام ختم کرنا۔ اور دوسرا پاکستان کا نیوکلیئر پروگرام ختم کرنا۔ یہ recorded بات کی ہے اور پوری دنیا جانتی ہے کہ امریکہ کی خارجہ پالیسی یہی لوگ چلاتے ہیں۔ امریکہ جو ہے وہ ان کی سیٹیلائٹ سٹیٹ ہے۔ American President تک ان کو "no" نہیں کر سکتا کیونکہ ان کی اتنی زیادہ grip ہے ادھر کے سیاستدانوں کے اوپر، ادھر کے businesses کے اوپر، ادھر کے میڈیا کے اوپر، ہالی وڈ کے اوپر، ان کے افواج کے اوپر، ان کی ایسی زبردست grip ہے کہ کوئی ہو ہی نہیں سکتا کہ ان کو منع کر سکے۔

جناب چیئرمین ! میں تاریخ کی کچھ مزید چیزیں سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ 1971 میں ہمارا ملک ٹوٹا۔ آپ کو یہ معلوم ہے کہ جو Eastern Command تھی ہندوستان کی اس کا جو Head تھا اس کا نام جنرل جیکب تھا جو ایک یہودی تھا۔ اس نے ڈھاکہ کے اوپر حملہ کیا اور اس کا یونیفارم جو ہے وہ اسرائیل کے ملٹری کے میوزیم میں آج بھی پڑا ہوا ہے۔ یہ ساری صیہونی سازش تھی اس وقت کی۔ اور پھر یہ بات-----

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان صاحب ! time کا بھی تھوڑا خیال رکھیں۔

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: جناب ! 15 منٹ میں ختم کر دوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جلدی ختم کر دیں۔

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: جناب چیئرمین! اس کے بعد ضیاء الحق صاحب کے دور میں اور جب ہم ایٹمی دھماکے کر رہے تھے تب بھی دو مرتبہ انہوں نے کوشش کی کہ کہوٹہ کے اوپر یہ حملہ کرکے ہمارے ایٹمی پلانٹ اور infrastructure کو تباہ کر دیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اور ہماری فضائیہ نے اور ہمارے باقی افواج نے ان کو روکا۔ یہ ان کا ہمیشہ سے پلان رہا ہے۔ Even یہ جو آپریشن سندور جو انہوں نے بھی لانچ کیا تھا اس کے پیچھے بھی یہی صیہونی قوتیں تھیں۔ انہی کا پیسا تھا۔ انہی کا اسلحہ تھا۔ یہ اسرائیلی جو یہاں پہ آکے بیٹھے ہوئے تھے اور یہاں سے پورے کے پورے instructions دے رہے تھے۔ ان کے ڈرونز جہاں تک آئے ہیں۔ ان کے drones پنڈی تک آئے ہیں۔ جو Harop drones تھے وہ اسرائیلی drones تھے۔ تو ہمیں اس بات کو سمجھنے کے لیے اور کیا مثالیں چاہیں کہ یہ ہمارے دشمن ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ جس طرح انہوں نے باقی تمام مسلمان ممالک کو تباہ کیا اسی طرح یہ پاکستان کو بھی تباہ کرے۔ ایک غلطی ایران سے بہت بڑی ہوئی۔ ایران بہت اچھی لڑائی کر رہا ہے میں ان کو داد دینا چاہتا ہوں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ اور میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو کامیاب کرے مگر ایک غلطی ان سے یہ ہوئی کہ انہوں نے اپنی intelligence ایجنسیوں کے اندر جو ان کے ایجنٹ موجود تھے ان کو وقت پر نہیں پکڑا۔ ان کو اگر وقت پر پکڑ لیتے تو ان کو شاید اسرائیل کے خلاف بڑی کامیابیاں ملتیں۔ وہ ایجٹ جو وہاں پر موجود تھے آپ یقین رکھیں۔ جناب چیئرمین! ہمارے ملک میں بھی ان کے بہت ایجنٹ موجود ہیں۔ اگر ہم نے ان کو اب وقت پر نہیں پکڑا تو کل کو ہم بھی ایک بہت بڑی قیمت ادا کریں گے اس کی۔ تو اس لیے میں آپ کو دو مثالیں دینا چاہتا ہوں۔ میں Zionism کے اوپر ایک بل لے کے آیا۔ جس کو وزارت داخلہ کی کمیٹی نے متفقہ طور پر منظور کیا۔ آج تک وہ بل House میں lay نہیں ہو سکا۔ میں dual nationality پر اور bureaucrat کی dual nationality پر بل لے کے آیا کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ دو ملکوں کے وفادار ایک وقت میں ہوں۔ کیسے ہو سکتا ہے کہ اڑھائی ہزار bureaucrats ایسے ہیں جن کی dual nationality ہے۔ چار ایسے وفاقی سیکرٹریز ہیں جن کی dual nationality ہے۔ کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ کی loyalty دو ملکوں کے ساتھ ایک وقت میں ہو۔ آج تک وہ dual nationality والا بل جو Interior کی کمیٹی نے متفقہ طور پر منظور کیا آج تک وہ ہاؤس میں lay نہیں ہو سکا۔ یہ میں ریکارڈ پر کہنا چاہتا ہوں۔ اور یہ بات ثابت کرتا ہے کہ اس ملک کے اندر بھی بہت سارے غدار اور بہت سارے صیہونی ایجنٹ موجود ہیں۔ ہمیں یہ بات سمجھنی پڑے گی کہ ہم اپنے ایرانی بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہم ان کا بھرپور ساتھ دیں گے۔ وہ حق پر ہیں۔ انہوں نے فلسطین کے لئے آواز اٹھائی۔ انہوں نے فلسطین کے لئے جنگ کی۔ ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں اور یہ ہمارا فرض ہے۔ یہ آپ کسی بھی مفتی سے پوچھ لیں گے۔ اگر کسی مسلمان ملک پر حملہ ہو جائے اور وہ آپ کا پڑوسی ہو تو آپ پر فرض ہے کہ آپ اس کی مدد کریں۔ یہ کوئی واجب نہیں ہے۔ سنت نہیں

ہے۔ یہ فرض ہے کہ ہم نے ان کی مدد کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو بڑی نعمتوں سے نوازا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایک ایٹمی قوت بنایا ہے۔ ہمیں ایک بڑی زبردست فوج دی ہے۔ ہمارے لوگ بڑے زبردست ہیں۔ ہمارے سائنسدان بڑے زبردست ہیں۔ جو کام کوئی اور ملک نہیں کر سکا۔ پتا نہیں کتنے ملکوں نے کوشش کی

مگر وہ یہ نہیں کر سکے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ہم ایٹمی قوت بنے۔ تو ہمیں یہ چاہیے کہ ہم اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لیں اور تفرقے میں نہ پڑیں۔ ہم شیعہ اور سنی نہیں ہیں۔ ہم صرف مسلمان ہیں۔ ہم صرف مسلمان ہیں اور بطور مسلمان ہمیں ان مشکلات کا ان سے لڑنا پڑے گا۔ اور ان شاء اللہ دیکھیں کہ

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسا

مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

تو ہمیں لڑنا پڑا ہم لڑیں گے ان شاء اللہ۔ اور یہ حق کی جنگ ہے۔ اور ان شاء اللہ اللہ تعالیٰ ہمیں فتح یاب کریں گے۔ شکریہ۔ جناب چیئرمین۔

Mr. Deputy Chairman: Mohammad Ishaq Dar Sahib, Leader of the House, yes please.

**Statement by Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House regarding the Iran-Israel Conflict**

Senator Mohammad Ishaq Dar: Thank you, Mr. Deputy Chairman.

میں یہاں پر ایران کے حوالے سے پورا rundown ساتھ ساتھ دیتا جا رہا ہوں۔ ایک development کل ہوئی ہے۔ وہ share کرکے ریکارڈ پر رکھنا چاہتا ہوں۔ تقریباً دو درجن کے قریب ممالک نے ایک joint statement جو تمام OIC کے ممبرز ہیں ایران کے حوالے سے کل agree کرکے اس کی کافی negotiation ہوتی رہی۔ اس میں ظاہر ہے ہر ایک کی اپنی اپنی proposals ہوتی ہیں۔ تو جو formally final issue ہوئی ہے وہ ہم نے اپنی Ministry of Foreign Affairs کی website پر بھی ڈال دی ہے۔ میں یہاں ریکارڈ پر رکھنے کے لیے پڑھ دیتا ہوں۔ میں اس کی کاپی بھی reference کے لیے ریکارڈ پر رکھ دیتا ہوں۔

In light of the rapidly evolving regional developments…… (Continue…… T18)

T18-18Jun2025 Rafaqat Waheed/Ed: Mubashir 2:00 pm

Senator Mohammad Ishaq Dar: (Continued)

In light of the rapidly evolving regional developments and the unprecedented escalation of tensions in the Middle East, particularly owing to

the on-going military aggression of Israel against Iran, the Foreign Ministers of the People's Democratic Republic of Algeria, the Kingdom of Bahrain, Brunei Darussalam, the Republic of Chad, the Union of the Comoros, the Republic of Djibouti, the Arab Republic of Egypt, the Republic of Iraq, the Hashemite Kingdom of Jordan, the State of Kuwait, the State of Libya, the Islamic Republic of Mauritania, the Islamic Republic of Pakistan, the State of Qatar, the Kingdom of Saudi Arabia, the Federal Republic of Somalia, the Republic of the Sudan, the Republic of Türkiye, the Sultanate of Oman, and the United Arab Emirates hereby affirm the following:

- The categorical rejection and condemnation of Israel's recent attacks on the Islamic Republic of Iran since the 13th of June 2025, and any actions that contravene international law and the purposes and principles of the Charter of the United Nations, while emphasizing the necessity of respecting the sovereignty and territorial integrity of states, adhering to the principles of good neighbourliness, and the peaceful settlement of disputes.
- The imperative need to halt Israeli hostilities against Iran, which come during a time of increasing tension in the Middle East, and to work towards de-escalation, to achieve a comprehensive ceasefire and restoration of calm, while expressing great concern regarding this dangerous escalation, which threatens to have serious consequences on the peace and stability of the entire region.
- The urgent necessity of establishing a Middle East Zone Free of Nuclear Weapons and other Weapons of Mass Destruction, which shall apply to all States in the region without exception in line with relevant international resolutions, as well as the urgent need for all countries of the Middle East to join the Treaty on the Non-Proliferation of Nuclear Weapons (NPT).
- The paramount importance of refraining from targeting nuclear facilities that are under International Atomic Energy Agency (IAEA) safeguards,

in accordance with relevant IAEA resolutions and United Nations Security Council decisions, as such acts constitute a violation of international law and international humanitarian law, including the 1949 Geneva Conventions.

• The urgency of a swift return to the path of negotiations as the only viable means to reach a sustainable agreement regarding the Iranian nuclear program.

• The importance of safeguarding the freedom of navigation in international waterways per the relevant rules of international law, and refraining from undermining maritime security.

• That diplomacy, dialogue, and adherence to the principles of good neighbourliness, in accordance with international law and the UN Charter, remain the only viable path to resolving crises in the region, and that military means cannot bring about a lasting resolution to the on-going crisis.

Mr. Chairman, so, this is the statement which has been jointly passed by all the countries including Pakistan yesterday. I am just putting this resolution on record of the Senate.

جناب ڈپٹی چیئرمین: وزیر خارجہ جناب محمد اسحاق ڈار صاحب! بہت شکریہ کہ آپ ہاؤس کو update اور باخبر رکھ رہے ہیں۔ ہم ہاؤس کی طرف سے آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ سینیٹر زرقا سہروردی صاحبہ۔

**Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur**

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے بجٹ پر اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا۔ جیسے میری بہن پلوشہ اور دوسرے معزز سینیٹرز نے بھی کہا کہ اس وقت حالات بجٹ سے بہت بڑھ کر ہیں۔ اس وقت ہمارے خطے کے ساتھ جو ہو رہا ہے، اسرائیل کی جو جارحانہ پالیسی ہے اور انہوں نے مسلمان ملکوں پر جو ایک ظلم کی بارش کی ہوئی ہے، غزہ سے لے کر ایران تک اور اس سے پہلے جو انہوں نے مڈل ایسٹ کا پورا نقشہ تباہ کرنے کے لیے ہر جگہ regime change ہر جگہ جھوٹے الزام لگا کر انہوں نے جس طرح ملکوں کو تباہ کیا ہے، جس طرح انہوں نے عراق پر weapons of mass destruction کے جھوٹے الزام لگا کر حملہ کیا اور اسے تباہ کیا، اسی طرح اب ایران پر بھی اسی قسم کے جھوٹے الزامات لگا کر کہ ان کے پاس nuclear capability

ہے، حملہ آور ہیں۔ حالانکہ IAEA کے لوگ وہاں پر باقاعدہ ہر سال جاتے ہیں اور ان کے پاس کسی قسم کا کوئی evidence نہیں ہے۔ ایران نے خود کہا ہے کہ ہماری اس قسم کی کوئی intention نہیں ہے لیکن اسرائیل کے خیال میں ایران کی سب سے بڑی غلطی فلسطینیوں کی حمایت ہے۔ ہم مسلمان بہت فخر کرتے ہیں ایران کی حکومت اور ایران کے لوگوں پر جس طرح سے انہوں نے فلسطینیوں کے لیے آواز اٹھائی، جس طرح سے انہوں نے فلسطینیوں کو support کیا۔ ہمارے ننھے بھائی، بہنیں اور بچے جو وہاں پر کٹ رہے ہیں، جن کو جلایا جا رہا ہے، جن کو کھانے کے لیے روٹی نہیں مل رہی، جن کو پینے کے لیے پانی نہیں مل رہا۔ وہاں پر جو کام کرنے جاتے ہیں خواہ وہ journalists ہوں، خواہ وہ ڈاکٹرز ہوں، ان کے ساتھ جس قسم کا ظلم اور بربریت اسرائیل کر رہا ہے، اس کو ہم ہر طرح سے condemn کرتے ہیں۔ اب وقت آگیا ہے کہ اسلامی ملک اکٹھے ہوں اور امن کے لیے آواز اٹھائیں۔

اس موقع پر میں حکومت پاکستان کو خراج تحسین بھی پیش کرنا چاہوں گی جس طرح سے ابھی سفارت کاری کا ایک بہت بڑا initiative لیا گیا ہے۔ اس سے پہلے بھی جب عمران خان صاحب کی 2018 سے 2021 تک حکومت تھی، ان اڑھائی سالوں میں Covid کے باوجود دو OIC conferences کروائی گئیں۔ عمران خان صاحب نے اقوام متحدہ کے فلور پر جا کر Islamophobia کا ذکر کیا۔ انہوں نے کشمیر کی بات کی۔ انہوں نے پہلی مرتبہ 15 مارچ کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے Islamophobia کا دن قرار دلوایا۔ یہ پاکستان کی بہت بڑی کاوش ہے۔ یہ صرف تب ہی نہیں ہوا، پاکستان جب سے معرض وجود میں آیا ہے، پاکستان ہمیشہ مسلمان ملکوں کے ساتھ اور ان سب ممالک کے ساتھ جن پر ظلم ہوتا ہے، اپنی حیثیت میں ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑا رہا ہے۔ اسرائیل کو ہم سے ایک اور بڑی تکلیف بھی ہے کیونکہ وہ اپنے آپ کو بھی ایک ideological ملک سمجھتے ہیں اور پاکستان پوری دنیا میں دوسرا ideological ملک ہے جو مذہب کے نام پر بنا ہے۔ برصغیر پاک و ہند کا جو علاقہ تھا، اس میں ہندوؤں نے مسلمانوں کو بات کرنے کی جگہ نہیں دی اور اس کے مقابلے میں تنگ نظری دکھائی۔ ہم اس کی پوری طرح مذمت کرتے ہیں۔ اب وقت آگیا ہے کہ پاکستان ہر طرح سے اکٹھے ہو کر اس کا مقابلہ کرے۔ دیکھیے جب کوئی بھی بات آتی ہے، مسائل کچھ بھی ہوں، جماعتیں کوئی بھی ہوں، جب ملک ہے تو ملک کے پیچھے سب پاکستانی اکٹھے ہیں۔ ہم رنگ، نسل، مذہب کی تفریق سے بالاتر ہو کر سوچتے ہیں۔ ہمارے اندر کوئی سیاسی تفریق نہیں ہے۔ ہم سب پاکستان کے جھنڈے کے نیچے کھڑے ہیں۔ اسی میں ہماری بقا ہے اور اسی میں ہماری سالمیت ہے۔

میں اب بجٹ پر بات کرنا چاہوں گی۔ مجھے بہت افسوس ہے اور تکلیف بھی کہ یہ بجٹ وہ ہے جس میں امیر کو چھوٹ جبکہ غریب کے ساتھ سراسر جھوٹ بولا گیا ہے۔ یہ بجٹ امیروں کے لیے بنایا گیا ہے۔ اس بات پر بہت افسوس ہے۔ پاکستان کا 0.1 فیصد جو اشرافیہ ہیں، جو

کسی بھی شعبے سے تعلق رکھتے ہوں، خواہ وہ professionals ہوں، خواہ وہ traders ہوں، خواہ وہ بیورو کریسی میں ہوں، خواہ وہ سیاست میں ہوں، وہ لوگ جن کا طاقت پر تسلط ہے، جن کا حکومت پر تسلط ہے، کوئی بھی حکومت آ جائے، انہی کا تسلط رہتا ہے، انہوں نے اس بجٹ میں اپنے لیے وہ وہ مراعات لے لی ہیں جن کا میں ابھی آپ سے ذکر کروں گی۔ غریب کو کیا دیا گیا؟ دیکھیے، 25 کروڑ عوام ہیں، ان عوام کے بل پر یہ ملک کھڑا ہے۔ ان لوگوں کی آواز سے یہ ملک بنا تھا تو ان کے ساتھ اتنا ظلم روا رکھا جا رہا ہے؟ کچھ سمجھ نہیں آتی کہ ہمارے حکمران کیا آخری مرتبہ حکومت میں آئے ہیں جو انہوں نے کہا ہے کہ جتنی چھینا جھپٹی ہو جائے، کر لو۔ ان کی امیروں کے لیے جو محبت ہے، میں یہ نہیں کہتی کہ امیر بُرے ہیں، امیر لوگ ہر ملک کو چاہیے ہوتے ہیں۔ امارت ہو گی تو ملک چلے گا لیکن آپ پاکستان کے غریب عوام کو بھی موقع دیں کہ وہ بھی امیر بنیں۔ صرف جو پہلے سے امیر چلے آ رہے ہیں، جن کی طاقت پر اجارہ داری ہے، انہی کو آپ امیر بننے دیتے ہیں۔

آپ نے اس بجٹ میں کیا کیا؟ میں آپ کو پڑھ کر بتا دیتی ہوں۔ آپ نے بڑی جائدادوں پر stamp duty کم کر دی۔ کیوں؟ وہ پچاس کروڑ والے لوگ جن کو آپ نے NAB سے بھی مستثنیٰ قرار دے دیا کہ ان پر کیس ہی نہیں ہو سکتے، ان کے مہنگے گھروں پر mortgage کی سہولت بھی دے دی۔ صنعتی خام مال جو کہ بڑے بڑے industrialists اپنی فیکٹریوں کے لیے منگواتے ہیں، ان کو آپ نے چھوٹ دے دی۔ بھئی، کیوں؟ یہ اسی طرح کی چھوٹ ہے جیسے آج تک ہم سوئی گیس جو کہ ہم عام صارفین کو نہیں دے رہے، ان سے ہم مہنگے نرخ charge کر رہے ہیں لیکن ابھی تک ہم subsidy دے رہے ہیں fertilizer بنانے والی فیکٹریوں کو۔

(جاری-----T19)

T19-18June2025 A.Razique/Babar/Ed: Shakeel 02:10 p.m.

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: --(جاری) ــــ لیکن ہم ابھی تک fertilizer بنانے والی factories کو subsidy دے رہے ہیں۔ یہ ایک، دو یا تین لوگ ہوں یا corporations ہوں، یہ پاکستان کی عوام کے ساتھ ظلم ہے۔ آپ ان غریبوں کا خون چوس کر امیروں کو دے رہے ہیں۔ دوسرا یہ بتائیے کہ real estate تو چل نہیں رہی تھی۔ اب ایک دم کیا ہوا کہ real estate میں آپ نے خریدار کو ہر قسم کی چھوٹ دے دی اور بیچنے والے کا ٹیکس بڑھا دیا۔ اب اگر اس کے بارے میں سوچیں تو یہ سمجھ آتی ہے کہ پاکستان میں جن لوگوں کے پاس فالتو پیسہ اکٹھا ہو جاتا ہے، خواہ وہ حکومت میں ہو یا کسی اور طریقے سے تو پھر وہ real estate میں پیسا لگاتے ہیں، وہ زمین خریدتے ہیں اور زمین خریدنے والوں کے لیے یہ آسانی دی گئی ہے کہ ان کی stamp duty and tax کم کی گئی ہے۔ یہ سراسر زیادتی اور vested interests کی support ہے جس کے ہم خلاف ہیں۔ عام آدمی کو جینے کا موقع دیجئے۔ عام آدمی کی آواز سنیں۔ یہ ظلم

بس کردیں۔ حکومت کو اس وقت چاہیے کہ عوام پر ایک دست شفقت رکھے۔ عوام بہت پس رہی ہے۔ غریب، عورت، بچے، disabled and minorities کے لیے کون آواز اٹھائے گا۔ میں یہاں صرف یہ سنتی ہوں کہ ہمارا sales tax and GST لیکن غریب آدمی کے لیے کوئی آواز نہیں اٹھاتا۔ یہ بتایئے کہ آپ نے دودھ، صابن، چینی اور ہر چیز پر GST بڑھا دیا، یہ آپ نے کیوں بڑھایا؟ آپ کہتے ہیں کہ یہ آئی ایم ایف کا بجٹ ہے۔ آئی ایم ایف نے تو آپ سے دو چیزیں مانگی تھیں۔ انہوں نے fiscal discipline اور حکومتی اخراجات کم کرنے کا کہا تھا۔ Fiscal discipline کہاں ہے؟ آپ نے hawk watch جیسی دو، تین باتیں کرلیں کہ ہم نے چار، پانچ autonomous departments کم کیے ہیں اور دو، تین یا پانچ منسٹریوں کا سوچ رہے ہیں کہ ان کو downsize کیا جائے۔ میں Devolution Committee کی Chairperson ہوں۔ اٹھارویں ترمیم کے بعد Federation سے 17 منسٹریاں ختم ہونی چاہیے تھیں لیکن اس وقت Federation میں آپ کی 42 منسٹریاں ہیں۔ آپ نے education and health devolve کیا۔ آپ کو Power بھی devolve کرنی چاہیے۔ اسی طرح جو باقی مختلف departments تھے جیسے religious affairs وغیرہ، آپ نے صرف آدھا devolve کیا اور پھر انہی Ministries کو دوبارہ Federation میں کسی اور نام سے بنا دیا اور سب کے پاس بڑے، بڑے بجٹ ہیں۔ جب ہم ان سے پوچھتے ہیں کہ آپ کی کارکردگی کیا ہے تو وہ کچھ بھی نہیں ہے۔ حکومتی departments میں جو لوگ ہیں، وہ بھی ہمارے بھائی، بہن ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ان کی بھی نوکریاں چلیں لیکن جو لوگ اس وقت نوکریوں میں ہیں اور جن کی مدت ملازمت ہے، انہیں golden handshake دیں، جو ان کی financial مراعات بنتی ہیں، وہ ان کو دیں لیکن ان کو گھر پر بٹھائیں، ان کو گھر پہ تنخواہ دیں اور نئے لوگوں کو بھرتی کرنا بند کریں کیونکہ اس وقت حکومت کے جو اخراجات ہیں، وہی ملک کو نیچے لے کر جا رہے ہیں اور جیسے میرے بھائی افنان نے ابھی بات کی۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ ڈاکٹر صاحبہ۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب ابھی تو بہت کچھ رہتا ہے۔ مجھے تو کئی دن کی تگ و دو کے بعد موقع ملتا ہے۔ جو ہمارے bureaucrat بھائی ہیں، میں ان سے کہتی ہوں کہ یہ جو ظلم کرتے ہیں اور FBR کا جو انہوں نے ذکر کیا، ہمارے ملک میں اس کا بھی بہت بڑا مسئلہ ہے۔ بالکل ان کو اپنے assets declare کرنے چاہیے اور یہ جو انہوں نے جی ایس ٹی لگایا ہے، اس سے ان کا کیا مطلب ہے۔ اس سے یہ informal economy کو بڑھاوا دیتے ہیں۔ جب informal economy کو بڑھاوا دیتے ہیں تو آپ کو پتا ہے کہ پچھلے تین سالوں میں، پاکستان سے 20 ارب US dollar باہر گیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک منٹ باقی رہ گیا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب 15 منٹ باقی ہیں۔ باقی سب لوگوں کو آپ نے 15 اور 20 منٹ کا وقت دیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں صرف پارلیمانی لیڈر 15 منٹ بات کر سکتے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب! خواتین کا تھوڑا سا خیال رکھیں۔ آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلیں ٹھیک ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب! آپ نے میرا تسلسل توڑ دیا۔ اچھا اب filers کی بات کرتے ہیں۔ Again, FBR کے ایسے طریقے ہیں کہ وہ informal economy کو promote کریں کیونکہ اس نے filers پر ٹیکس لگایا۔ مجھے بتائیے کہ جو pensioners ہیں، جن کے بینک میں پیسے ہوتے ہیں، آپ نے پہلے ان کے profit پر ٹیکس کو 10 فیصد سے 15 فیصد کیا اور اب اسے 15 سے 20 فیصد کر دیا ہے۔ اس کا کیا مطلب ہے؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ چاہتے ہیں کہ لوگ informal economy میں آئیں یعنی formal economy سے نکل جائیں۔ آپ filers کو سزا دے رہے ہیں۔ جو non-filers ہیں، بجائے اس کے کہ آپ ان سے ٹیکس لیں، آپ filers پر سارا ظلم کر رہے ہیں۔ بالکل جس طرح ہم جیسے لوگ جو اپنے ٹیکسز دیتے ہیں، ہم پر ظلم ہوتا ہے یا salaried class پر ظلم ہوتا ہے تو یہ بند ہونا چاہیے۔ میں اسی حوالے سے ایک چھوٹی سی کہانی آپ کو بتانا چاہوں گی کہ ہم بڑے فخر سے کہتے ہیں کہ پاکستان سب سے زیادہ charity دینا والا ملک ہے۔ یہ بالکل صحیح بات ہے لیکن اندر کی کہانی یہ ہے کہ وہ لوگ جو اسپتالوں میں مفت کھانا دیتے ہیں، جنہوں نے لنگر لگائے ہوتے ہیں، میرے ایک دو جاننے والے ہیں، یہ ایسے لوگ ہیں جنہوں نے شاملات اور حکومت کی زمینوں پر قبضہ کیا ہوتا ہے۔ یہ ایسے لوگ ہیں جن کے کسٹمز والوں کے ساتھ خوانچے ہوتے ہیں جو وہاں سے اپنی چیزیں نکال لیتے ہیں۔ اسی طرح ان کے ایف بی آر کے ساتھ خوانچے ہوتے ہیں تو وہاں سے بھی پیسے نکال لیتے ہیں۔ حکومت کو غریب کرکے آپ charity دیتے ہیں یہ کہہ کے کہ ہم تو بڑے اچھے ہیں۔ اللہ معاف کرے۔ ہم خود کسی قابل نہیں ہیں لیکن یہ چیزیں سوچنے کی ہیں۔ Finance Ministry جب اس قسم کی بجٹ لے کر آئے گی تو یہ انہی چیزوں کو promote کرتے ہیں۔ یہ بس کر دیں کیونکہ ہم سے یہ further برداشت نہیں ہوگا۔ کل میں نے Finance Committee میں اپنی کچھ recommendations دی تھیں۔ اس میں پہلی سفارش یہ ہے کہ جو pensioners filer ہیں، ان کے profits پر آپ نے 15 سے 20 فیصد جو ٹیکس لگایا ہے، اسے واپس کیا جائے۔

دوسری سفارش یہ کہ آپ نے agricultural and small scale farmers جن کی 25 ایکڑ سے کم زمین ہے، انہیں agricultural tax سے exempt قرار دیا ہے۔ میں نے Pakistan Bureau of Statistics کے نمبر دیکھے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House, please.

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: Pakistan Bureau of Statistics یہ کہتا ہے کہ پاکستان کے جو 8 million farmers ہیں، ان میں سے زیادہ تر کی زمین 12 ایکڑ سے کم ہے تو اسے آپ 25 ایکڑ سے 12 ایکڑ پر لے آئیں تاکہ غریب آدمی کو ریلیف ملے اور باقیوں کو نہیں۔ تیسری سفارش یہ ہے کہ آپ بالکل GST کو roll back کریں کیونکہ یہ غریب آدمی پر بہت بڑا ظلم ہے۔ چوتھی سفارش یہ ہے کہ آپ minimum wage کو 35 ہزار سے بڑھا کے 40 ہزار کریں۔ آپ مجھے بتائیں کہ 35 یا 40 ہزار میں کون سا دیانت دار آدمی اپنے گھر کا بجٹ چلا سکتا ہے۔ یہ possible نہیں ہے۔ ابھی شہری رحمان صاحبہ نے climate change کی بات کی۔ Carbon levy and digital transaction taxation کا کیا مقصد ہے۔ ہم کس قسم کا confused ملک ہیں۔ ہماری کسی پالیسی پر کوئی سوچ نہیں ہے۔ پاکستان fastest solarised ہوتا ہوا ملک ہے۔ لوگوں نے اپنے گھروں کے roof tops پر solar plates لگوائیں کیونکہ بجلی کے بل قاتلانہ تھے اور وہ اس لیے قاتلانہ تھے کیونکہ حکومت کے اندر جو بڑے، بڑے لوگ ہیں، سب کے IPPs ہیں۔ وہ circular debt سے ہزار ہا ارب روپے پاکستان کی عوام کا خون چوس کر لیتے ہیں تو اس کو بند کریں۔ Solar پر آپ نے جو ٹیکس لگایا ہے، یہ واپس لیں۔ یہ بہت بڑا ظلم ہے۔ آپ نے پیٹرول پر بھی جو levy لگائی ہے، اس کی بھی کوئی منطق نہیں بنتی۔ If you want to go towards renewable energy تو آپ electric power and electric vehicles کو subsidize اور incentivize کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ڈاکٹر صاحبہ، آپ کا شکریہ۔ 15 منٹ ہو گئے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب دو باتیں اور رہ گئی ہیں۔ ہم جو debt کے لیے پیسے دیتے ہیں، اس کا audit ہونا چاہیے۔ ہمارا جو budget 50 per cent ہے، اسے ہم debt servicing میں دیتے ہیں۔ اس کا audit ہونا چاہیے کہ یہ پیسے کس طرح سے دیے جا رہے ہیں اور کہاں جا رہے ہیں۔ دوسری بات یہ کہ آپ نے luxury goods پر جو industrial duty exemptions دی ہیں، یہ کیوں دی ہیں۔ آپ نے امیر لوگوں کو ان کی عمارات کی luxury پر exemptions دی ہیں اور غریب آدمی کے دودھ اور پانی کے اوپر ٹیکس لگا دیا تو یہ سب بند کیجیے اور اپنے بجٹ کو review کیجئے کیونکہ یہ ایک انتہائی ظالمانہ بجٹ ہے۔ آخری بات

یہ کہ CCI کی meetings کیوں نہیں ہوتیں۔ Constitution کا Article 153 کہتا ہے کہ meetings ہونی چاہیے۔ NFC Award review کیوں نہیں ہوتی۔ Article 161 جو net hydel profits کے بارے میں کہتا ہے، KP کے خاص طور پر due ہیں اور وہاں پر اس قدر مسائل ہیں اور فاٹا کے بھی مسائل ہیں۔ یہ AGN Kazi method کے تحت دینے چاہیے اور یہ بہت ضروری ہے، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر احمد خان۔ (جاری T20)

T20-18June2025 Naeem Bhatti/ED; Khalid 2:20 pm

جناب ڈپٹی چیئرمین! شکریہ، سینیٹر احمد خان صاحب۔

**Senator Ahmed Khan**

سینیٹر احمد خان: اعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّیطانِ الرَّجِیم۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔ اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ۔ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انۡحَرۡ۔ اِنَّ شَانِئَکَ ہُوَ الۡاَبۡتَرُ۔ جناب چیئرمین! بجٹ پر بحث کرنے سے پہلے میں ایران پر اسرائیل کی جارحیت کی پرزور مذمت کرتا ہوں اور اس بات کا اعادہ کرتا ہوں کہ اس مشکل گھڑی میں پوری پاکستانی قوم برادر ملک ایران اور ایرانی عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔ اس بجٹ پر میری آواز صرف ایک سیاسی کارکن کی نہیں ہے بلکہ کروڑوں پاکستانیوں کی بھی آواز ہے۔ دس مئی کی تاریخی کامیابی پر میں ساری قوم اور بالخصوص Pakistan Air Force, Army, Navy اور فیلڈ مارشل عاصم منیر صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہ صرف ایک جنگی فتح نہیں ہے بلکہ پاکستان کی غیرت اور قربانی کی عملی علامت ہے۔ ہماری افواج صرف سرحدوں کی محافظ نہیں ہیں بلکہ قوم کی امید، وقار اور سلامتی کی ترجمان ہیں۔ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتے ہیں کہ تَبٰرَکَ الَّذِیۡ بِیَدِہِ الۡمُلۡکُ ۫ وَ ہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرُۨ۔ بڑی بابرکت ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں بادشاہی ہے اور ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے بے شک۔ میں اس معزز ایوان میں مطالبہ پیش کرتا ہوں کہ افواج پاکستان، پولیس، para-military force officers and civil society کے شہداء کے تمام خاندانوں کے لیے مستقل بنیادوں پر خصوصی package منظور کیا جائے تاکہ ان کے خاندان مستقل طور پر مستفید ہو سکیں۔

جناب والا! جہاں motorways اور دوسرے بڑے ترقیاتی منصوبوں پر کام ہو رہا ہے، وہاں پانی کے شعبے پر توجہ دینا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خاص طور پر بلوچستان میں کچھی کینال اور پٹ فیڈر کینال جیسے منصوبے نہایت اہم ہیں۔ میں کہنا چاہتا ہوں کہ کچھی کینال کا منصوبہ آج سے بیس، بائیس سال پہلے جنرل مشرف کے دور سے لے کر آج تک پایہ تکمیل کو نہیں پہنچ سکا۔ اس کی کُل لمبائی پانچ سو کلو

میٹر ہے جس میں سے چار سو کلو میٹر کا کام مکمل ہو چکا ہے، باقی سو کلو میٹر کا کام رہتا ہے، ہمیں اس پر خاص طور سے توجہ دینی چاہیے کیونکہ کچھی کینال اور پٹ فیڈر کی بروقت تکمیل سے نہ صرف بلوچستان کی زراعت کو نئی زندگی ملے گی بلکہ روزگار، خوراک اور معاشی خوشحالی کا ذریعہ بھی بنیں گی۔ اس کینال کے مکمل ہونے سے تقریباً سات لاکھ ایکڑ اراضی آباد ہو گی اور دس لاکھ خاندانوں کو روزگار ملے گا جس سے خوشحالی آئے گی لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ موجودہ بجٹ میں اس منصوبے کے لیے صرف دس کروڑ مختص کیے گئے ہیں۔ اب وقت کی ضرورت ہے کہ اس پر کام کی رفتار کو تیز کیا جائے اور بجٹ میں واضح funds رکھ کر اسے جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ green Balochistan کا خواب تکمیل تک پہنچ سکے۔

جناب چیئرمین! میں معیشت کی اصلاح پر بھی کچھ گزارشات پیش کرنا چاہتا ہوں اور یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمیں اسلامی مالی نظام کی طرف واپس جانا چاہیے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کا دور ایک زندہ مثال ہے جہاں بیت المال میں زکوۃ دینے والے تو موجود تھے لیکن لینے والا کوئی نہیں تھا کیونکہ نظام کی بنیاد شفافیت اور دیانت پر تھی۔ اگر ہم بھی آج سودی نظام کو ترک کر کے اسلامی اصولوں پر معیشت کھڑی کریں تو ہم نہ صرف معاشی ترقی حاصل کر لیں گے بلکہ corruption, ناانصافی اور بدعنوانی کا خاتمہ بھی کر سکیں گے۔ جناب والا! میں اس مقدس ایوان جو پاکستان کے ضمیر کی علامت ہے پوری شدت اور ایمان کے ساتھ یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ اسرائیل اب عالمی سطح پر دہشت گرد ملک بن چکا ہے، غزہ کے نہتے شہریوں پر مسلسل بمباری اور بچوں کے قتل، ہسپتالوں اور سکولوں پر حملے جیسے مظالم انسانی تاریخ کے سیاہ ترین ابواب ہیں، لہٰذا پاکستان اس ظلم کے خلاف عالمی forum پر مؤثر سفارت کاری کرے اور خاص طور پر بجٹ میں غزہ کے مظلوم عوام کے لیے، انسانی ہمدردی کے تحت امدادی package کا اعلان کیا جائے۔

جناب چیئرمین! میری گزارش ہے کہ اس بجٹ کو مزدور دوست، کسان دوست اور عوام دوست ہونا چاہیے تاکہ عام پاکستانی اس بجٹ سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہو سکے۔ میں معزز ایوان میں ایک شخص کا ذکر لازمی کروں گا جس کا نام میاں نواز شریف ہے، جنہوں نے 2013-2017 کے دوران جو منصوبے پاکستان کو دیے آج ہم سب ان سے مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے 1.3 trillion کا کام صرف تین سالوں میں کیا، اگر ہم آج ڈالر کے حساب سے دیکھیں تو یہ 3.2 trillion rupees بنتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ جس طرح بلوچستان کو schemes دی گئی ہیں، N-25 Karachi-Quetta-Chamman, اس پر خاص توجہ دینی چاہیے، صرف کتابوں میں numbers نہیں دکھانے چاہییں۔ میں اس کی ایک مثال اس معزز ایوان میں دینا چاہتا ہوں کہ 2021 میں کورونا کے بعد N-25 جو کوئٹہ سے ژوب تک ہے، اس کا tender کیا گیا جو چالیس سے بیالیس ارب روپے کا تھا، آج پانچ

سال گزرنے کے باوجود اس پر 12% تک کام نہیں ہو سکا اور اس بجٹ میں صرف 4500 million allocation دی گئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ منصوبہ 2040 میں کہیں جا کر مکمل ہو گا۔ لہٰذا کراچی، کوئٹہ، چمن منصوبے کے لیے پیسے مختص ہونے چاہیے اور موجودہ سال میں ہی ہونے چاہییں، یہ نہ ہو کہ جیسے N-25 کا منصوبہ پانچ سال پہلے چالیس ارب روپے کا تھا اور escalation کی وجہ سے اب یہ منصوبہ پچاسی ارب روپے تک پہنچ گیا ہے۔ اس کا کون قصور وار ہے یا کس نے delaying purposes use کیے ہیں۔ میرا اس معزز ایوان سے مطالبہ ہے کہ اس پر ایک کمیٹی بنائی جائے۔ شکریہ۔ پاکستان زندہ باد، افواج پاکستان، فخر پاکستان پائندہ باد۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سینیٹر سرمد علی صاحب۔

**Senator Sarmad Ali**

سینیٹر سرمد علی: شکریہ، جناب چیئرمین! کل ایک دوست نے مجھے ایک بہت interesting نظم بھیجی جو میں آپ کی اجازت سے یہاں پڑھنا چاہوں گا جو ہمارے بجٹ کی صحیح معنوں میں عکاسی کرتی ہے؛

ہر تل پہ ہر رخسار پہ بھی ٹیکس لگے گا

اب وصل کے اصرار پہ بھی ٹیکس لگے گا

محبوب کی گلی میں بھی اب جانا سنبھل کے

سنتے ہیں کہ دیدار پہ بھی ٹیکس لگے گا

اب ٹیکس اداؤں پہ بھی دینا ہی پڑے گا

بے وجہ کے انکار پہ بھی ٹیکس لگے گا

بھر جائے گا اب قومی خزانہ یہ ہے امکاں

ہر عشق کے بیمار پہ بھی ٹیکس لگے گا

اب باغ کی رونق کو بڑھائے گا بھلا کون

ہر پھول پہ ہر خار پہ بھی ٹیکس لگے گا

جس زلف پہ لکھتے ہیں صبح و شام سخن ور

اس زلف کی ہر تار پہ بھی ٹیکس لگے گا

دل بھر کے دیکھ لو جتنا بھی اب چاہو

ہر تل پہ ہر رخسار پہ بھی ٹیکس لگے گا

اٹھ جاؤ میاں دیوان کو اب اپنے سمیٹو

کہتے ہیں کہ اشعار پہ بھی ٹیکس لگے گا

گروپ میں کبھی آؤ تو یہ سوچ کے آنا

ہر پوسٹ پہ ہر سوچ پہ اب ٹیکس لگے گا

یہ نظم ہمارے بجٹ کی صحیح معنوں میں عکاسی کرتی ہے۔ ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ پچھلے ستتر سالوں سے جتنے بھی بجٹ پیش کیے گئے ہیں، وہ wrong priorities and mis-opportunities پر based رہے ہیں۔ یہ بجٹ بھی ایک misplaced priorities کی بنیاد پر بنایا گیا ہے جو یہ ایک اور mis-opportunity ہے۔ I do not know that how many more opportunities are there for us to be wasted. I think we have already exhausted most of our nine lives اور پتا نہیں آگے ہمارے پاس کوئی opportunity آئے گی یا نہیں آئے گی۔

جناب والا! یہ بجٹ اس assumptions پر بنایا گیا ہے کہ تیل کی قیمتیں برقرار رہیں گی اور تبدیل نہیں ہوں گی لیکن اب اسرائیل اور ایران کا جو تنازعہ شروع ہوا ہے، اس کی وجہ سے قیمتیں بڑھی ہیں۔ پچھلے ایک مہینے میں تیل کی قیمتیں تقریباً 17% بڑھ گئی ہیں اور پچھلے ایک ہفتے میں اس کی قیمتیں 60% بڑھی ہیں۔ ہماری جو assumption تھی کہ تیل کی قیمتیں static رہیں گی اور نہیں بڑھیں گی۔ that assumption has been thrown out of the window. میرے خیال میں پورا بجٹ گر جائے گا، اس کی چولیں ہل جائیں گی اور پتا نہیں آگے کیا ہوتا ہے اور کیا نہیں ہوتا۔ ہم نے GDP growth کی جو presumption کی ہے وہ 4.2% رکھی ہے لیکن اگر یہی حالات رہے تو مجھے یہ 4.2% achievable نظر نہیں آتا، جو نظر آرہا ہے اور جو دکھائی دیتا ہے، اس سے عوام کی تکالیف میں مزید اضافہ ہوگا اور especially غریبوں کی تکالیف بڑھیں گی۔ (جاری------T/21)

T21-18June2025 Taj/Ed. Shakeel 02:50 p.m.

سینیٹر سرمد علی:--جاری--اور جو نظر آرہا ہے اور جو دکھائی دیتا ہے وہ بنیادی طور پر یہ ہے کہ عوام کی تکالیف میں مزید اضافہ ہوگا اور عوام خاص طور پر غریبوں کی تکالیف بڑھیں گی۔ اس وقت اگر ہم بے روزگاری کا rate دیکھیں تو وہ تقریباً 6.3% ہے۔ معیشت کی بدحالی

کی وجہ سے پرائیویٹ سیکٹر میں ہر روز سینکڑوں کی تعداد میں ورکرز، ایمپلائیز کو فارغ کیا جا رہا ہے۔ کبھی downsizing کے نام پر، کبھی rightsizing کے نام پر اور کبھی whatever sizing کے نام پر ہم مزید لوگوں کو سرکاری اداروں سے بھی نکالنے کی بات کر رہے ہیں۔ کبھی پرائیویٹائزیشن کی بات کر رہے ہیں، کبھی یوٹیلیٹی سٹورز کی پرائیویٹائزیشن کی بات کرتے ہیں، کبھی ہم پی ائی اے اور دیگر اداروں کے پرائیویٹائزیشن کی بات کرتے ہیں۔ یہ ہزاروں کی تعداد میں بلکہ لاکھوں کی تعداد میں لوگوں کو بے روزگار کرنے کا فارمولا ہے۔ جب لوگ بے روزگار ہوں گے تو ان کے گھر میں کھانا دینے والا، کھلانے والا کوئی نہیں ہوگا۔ ان کے بچوں کو تعلیم دینے والا کوئی نہیں ہوگا اور ان کی صحت کو دیکھنے والا کوئی نہیں ہوگا۔ اس وقت بے روزگاری کا rate 6.3% ہے۔ یہ 6.3% سے بڑھ کر میرے خیال میں آٹھ یا نو فیصد پر پہنچ جائے گا۔ جیسے میں نے کہا کہ ہماری معیشت کی چولیں بالکل ہل جائیں گی۔

اس وقت minimum wage Rs.40,000 مقرر کیا گیا ہے۔ جیسا کہ شیری رحمان صاحبہ نے کہا کہ یہ minimum wage بہت کم ہے اور living wage ہونا چاہیے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق living wage کی average Rs.51,706 بنتا ہے، اس کے بارے میں وفاقی حکومت کو declare کرنا چاہیے اور announce کرنا چاہیے کہ پورے پاکستان میں یہ minimum wage ہوگا جو living wage ہے۔

جناب! معیشت کو اگر ہم ہر وقت نچوڑتے رہیں گے تو وہ weak milky گائے کی طرح ختم ہو جاتی ہے، ہم نے وہ حال کر دیا ہے اس ملک کی معیشت کا۔ ہم نے معیشت کو نچوڑ نچوڑ کر رکھ دیا ہے لیکن معیشت کو نچوڑ نچوڑ کر ہم ایک sustainable economic growth achieve نہیں کر سکتے۔ ہماری economic growth بہت بری طرح متاثر ہوگی۔ اس وقت ہم نے 623 ارب روپے کے نئے ٹیکس لگائے ہیں۔ میرے خیال میں کوئی شعبہ ایسا نہیں بچا جس پر ہم نے ٹیکس نہیں لگائے۔ اگر ہم اپنی معیشت کی اس وقت بات کریں تو ایک محتاط اندازے کے مطابق ہماری parallel economy کا size ہماری documented economy کا 30% ہے۔ اگر اسی طریقے سے ہم misplaced tax تک لگاتے رہے تو یہ balloon 30% ہو کر 50, 55% تک پہنچ جائے گا اور ہم documented economy کو parallel economy میں دھکیل دیں گے۔ جس طرح میں نے عرض کیا کہ شاید ہی کوئی شعبہ ہو جس پر ٹیکس نہیں لگا۔ ہر چیز پر ہم نے ٹیکس لگا دیا ہے۔ انگریزوں کے دور moustache tax ہوتا تھا یعنی اگر بڑی مونچھیں ہوتی تھیں تو ٹیکس لگا دیا جاتا تھا یا salt tax نمک پر ٹیکس لگا دیا جاتا تھا۔ اس بجٹ سے تو مجھے برطانوی راج کے لگائے ہوئے ٹیکسوں کی یاد آ رہی ہے اور اس کی بو آتی نظر آ رہی ہے۔

اگر ہم پٹرول کی قیمتوں کو دیکھیں۔اس وقت دنیا میں پٹرول کی قیمتیں ویسے ہی بڑھ رہی ہیں اور اس پر ہم نے دو روپے پچاس پیسے کی کاربن لیوی لگا دی ہے۔ جب قیمتیں ویسے بڑھ رہی ہیں۔ پچھلے ہفتے ہم نے on an average پٹرول کے پروڈکٹ کی قیمتیں تقریباً پانچ روپے بڑھائی ہیں۔ ہم نے پانچ روپے کے اوپر اڑھائی روپے کا کاربن لیوی ٹیکس لگا دیا ہے اور جو شاید اگلے سال یا اگلے سے اگلے سال پانچ روپے ہو جائے گا۔ یہ تیل کی قیمتیں، جس طرح میں نے عرض کیا کہ تیل کی قیمتیں بین الاقوامی مارکیٹ میں بڑھ رہی ہیں، ہم اس کو بڑھا رہے ہیں اور اس کا impact جو عوام پر پڑے گا وہ اتنا برا پڑے گا کہ ہمیں سمجھ نہیں آئے گی کیونکہ تیل کی قیمت سے ہر چیز کی قیمت ہمارے ملک میں بدقسمتی سے بڑھتی ہے، انڈیکس رہتی ہے، کرایہ بڑھ جاتا ہے، موٹر سائیکل کا خرچہ ہوتا ہے یا کوئی بھی چیز بازار میں آتی ہے تو اس کو پٹرول کے نام ڈال کر اس کو بڑھا دیا جاتا ہے۔

اسی طریقے سے ہم نے بجلی کی قیمتوں میں بھی اضافہ کر دیا ہے۔ تقریباً دس فیصد circular debt surcharge لگا دیا ہے، circular debt وہ قرضہ ہے جو حکومت نے ادا کرنا ہے آئی پی پیز کا، ان سے ہم بجلی لے رہے ہیں اور ان کو پیسے دے رہے ہیں، اب وہ ایک ballooned ہو کر رہ گیا ہے۔ اس کا خمیازہ ہم کہتے ہیں کہ حکومت نہیں بھگتے گی، عوام بھگتے اور وہ دس فیصد کا ہم نے اس پر سرچارج لگا کر عوام پر ڈال دیا تاکہ وہ جو پہلے ہی سے بل دینے کے قابل نہیں ہیں، وہ دس فیصد اور دے کر اور ان کی کمر ٹوٹ جائے۔ ایک محاورہ ہے کہ لکڑی کو اتنا مروڑو جتنی وہ مڑ سکے۔ ہم اس لکڑی کی لچک کو ختم کرتے جا رہے ہیں۔ مجھے لگتا ہے کہ یہ شاخ جلدی ٹوٹ جائے گی اگر اسی طریقے سے ہم یہ کرتے رہے۔ پٹرول اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ ایک overburden کو مزید strain کرے گا۔

جب ہم پالیسیوں کی بات کرتے ہیں تو ہم عجیب و غریب پالیسیاں بنا رہے ہیں۔ میرے خیال میں مجھ پہلے شاید شاہزیب درانی نے بات۔ انہوں نے کہا کہ macro-economic indicators میں stability آ گئی ہے۔ وزیر خزانہ نے بھی اپنی بجٹ تقریر میں یہ بات کی، سب یہ بات کر رہے ہیں۔ یقیناً macro-economic indicators میں stability آئی ہے لیکن ہم اگر اسی طریقے سے چلتے رہے اور ہمارا بجٹ اسی طریقے سے آیا اور عوام کے اوپر مزید بوجھ ڈالتے رہے تو یہ stability غائب ہو جائے گی۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر سرمد علی: جناب! آپ نے باقی لوگوں کو پندرہ پندرہ منٹ دیے ہیں، میں نے تو ابھی ساڑھے آٹھ منٹ لیے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، نو منٹ ہو گئے۔ باقی اراکین کے لیے نو منٹ ہیں اور پارلیمانی لیڈرز کے لیے پندرہ منٹ ہیں۔ باقی اراکین بھی بات کریں گے۔

سینیٹر سرمد علی: اگر آپ دیکھیں تو یہ macro-economic indicators بالکل negativity کی طرف جائیں گے مگر صرف مہنگائی کی بات کریں تو وہ مئی میں 3.2 ہو گئی ہے، 1.7 سے بڑھ گئی ہے جو اپریل میں تھی۔

شیری رحمان صاحبہ نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کا بجٹ ہم نے پچاس فیصد کم کیا ہے۔ درآمد شدہ سولر پینلز پر 18% کا ٹیکس لگا دیا گیا ہے۔ شاہزیب صاحب نے کہا کہ وہ اس لیے لگایا گیا ہے کہ local production کو balance کرنا تھا۔ تو local production پر بھی ٹیکس لگا دیتے بجائے balance کرنے کے۔ ابھی ابھی شیری رحمان صاحبہ نے مجھے بتایا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو صاحب کی کوششوں کی وجہ سے یہ جو 18 فیصد سولر پینلز پر GST لگایا گیا تھا، یہ آدھا ہو گیا ہے اور اب 18 فیصد سے 10 فیصد ہو گیا ہے۔ Very much thank you Chairman Bilawal Bhutto Zardari for getting this done. اس کے ساتھ ساتھ ایک اور چیز میں بتائی گئی ہے کہ جو 4.6 ارب روپے کی grant تھی جو Higher Education Commission کو دی جاتی تھی یونیورسٹیوں کی مد میں، اس کو بھی چیئرمین بلاول بھٹو نے restore کروا دیا ہے تو another thank you to Chairman Bilawal Bhutto Zardari کہ انہوں نے عوام کے issues کو raise کر کے اس بجٹ میں عوام کو کچھ relief دلوائی ہے۔

ہم نے electronic vehicles پر ٹیکس لگا دیا ہے۔ Electronic vehicles اور electronic motorcycles پر بھی ٹیکس لگا دیا ہے۔ تو ہم کیا بات کرتے ہیں، ہم بات کرتے ہیں کہ ہمارے Sustainable Development Goals ہیں، climate change کی بات کرتے ہیں۔ یہ تو جو سہیل وڑائچ نہیں کہتا کہ کھلا تضاد ہے۔ یقینی طور پر یہ ایک کھلا تضاد ہے کہ ایک طرف ہم اس پر ٹیکس لگا رہے ہیں جس سے renewable and clean energy بنے گی اور دوسری طرف ہم کہتے ہیں کہ یہ ہمارے goals ہیں۔ پتا نہیں کس طریقے سے ہم اس کو اقدامات کے ساتھ ملائیں گے۔ جہاں بات کرتے ہیں electronic vehicles کی تو اس کے ساتھ ساتھ چھوٹی گاڑیوں کی بھی بات کر لیں۔ ساڑھے آٹھ سو سی سی تک کی جو گاڑیوں پر 12.5% GST ہوتی تھی، اب اس کو بڑھا کر 18 فیصد کر دیا گیا ہے۔ ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ یہ کون لوگ ہیں جو یہ گاڑیاں خریدتے ہیں، یہ وہ لوگ تھے جو موٹر سائیکل سے graduate ہو کر چھوٹی گاڑی پر آئے تھے۔ یہ lower middle class, middle class کے لوگ تھے۔ ہم نے ان کے لیے بھی گاڑی کی قیمت مہنگی کر دی ہے۔ آلٹو گاڑی اس وقت 30 لاکھ یا 32 لاکھ کی پڑتی ہے۔ سوزوکی اور ہنڈا، اگر ہم دیکھ لیں تو وہ ایک ایک کروڑ کی ہو گئی ہیں۔ ہمارے حال پر اللہ رحم کرے۔

اس کے ساتھ ساتھ جو ہم نے automobile industry کے ساتھ کیا ہے، وہ یہ کیا ہے کہ مقامی automobile industry کو ہم تباہی کے دہانے پر لے آئے ہیں۔ ہم نے کہا ہے کہ used vehicles کی import تین سال سے بڑھا کر پانچ سال تک allow کر دیا یعنی پہلے تین سال پرانی کاریں آ سکتی تھیں، اب پانچ سال پرانی کاریں آ سکیں گی۔ ہم نے used commercial vehicles کی import بھی allow کر دی ہے تو local industry کیا بنے گی۔ ہم local manufacturing economy کو ایک trading economy بناتے جا رہے ہیں۔ (جاری۔۔۔T22)

**T22-18June2025 Ali/Ed: Mubashir 02:40 pm**

سینیٹر سرمد علی: ( جاری ہے۔۔۔) ہم ایک ٹریڈنگ اکانومی بناتے جا رہے ہیں۔ اچھا اس کے ساتھ ساتھ ہم نے گاڑیوں کے اوپر import duties وغیرہ بھی کہا ہے کہ ہم ختم کر دیں گے جو used commercial vehicles ہیں اس کے اوپر import duty بھی ختم کر دیں گے، gradually additional customs duty and regulatory duty بھی ختم کر دیں گے، تو local industry کا تو بھٹہ بٹھا دیں گے اللہ اللہ خیر سے اللہ پھر دیکھیں گے کہ کب گاڑی بنے گی یا بنتی بھی ہے یا نہیں بنتی۔

جناب چیئرمین! جہاں ہم نے salaried class کو تھوڑی بہت relief دی ہے وہاں ہم نے pensioners کے لیے مسئلہ create کر دیا ہے۔ Pensioners کو اگر آپ دیکھیں تو جس کی ایک کروڑ روپے سالانہ کی pension ہے اس کے اوپر پانچ فیصد ٹیکس لگا دیا ہے۔ چلیں ایک کروڑ کی pension والے پر لگایا ہے 5% لیکن ان کو دیکھیں جیسے بیوہ یا retired officer جس نے اپنی cumulative pension کی investment کی ہوئی تھی ہے کسی mutual fund میں یا کسی National savings میں۔ اس کی جو income ہے جو پہلے exempted تھی اس کے اوپر بھی ہم نے ٹیکس لگا دیا ہے، تو بیچاری جو بیوائیں ہیں یا جو ہمارے senior citizens ہیں یا جو retired ہیں جنہوں نے اس ملک کی خدمت کی، اپنے اداروں کی خدمت کی وہ کہاں جائیں گے، کس طریقے سے وہ اپنے اخراجات پورے کریں گے۔

کل وقار مہدی صاحب نے ذکر کیا تھا APP, PTV and Radio Pakistan کے لوگوں کی تنخواہوں کی کہ جی وہ 10 فیصد تنخواہ جو بڑھتی ہے ان کی تنخواہیں غالباً نہیں بڑھ رہی۔ تو اس میں ایک اور مسئلہ یہ ہے کہ ان کے جو retired employees ہیں ان کو سالوں سے pensions نہیں ملیں، ان کی pensions pending ہے سالوں سے اور وہ در بدر پھر رہے ہیں اپنی pensions کے لیے اور کوئی ان کی سنوائی نہیں ہو رہی۔ Pension ایک بہت بڑا مسئلہ ہے، ایک بہت بڑا بوجھ ہے حکومت کے اوپر

لیکن جو لوگ retired ہو گئے، جن کے اوپر آپ کی contractual, employment obligations ہیں تو آپ ان کی پوری کریں۔

دو چیزوں کی میں بات کروں گا especially ایک تو ہم نے PSDP کی مد میں تقریباً 40 فیصد کمی کی ہے، 2024, 2025 میں یہ 1400 ارب تھا ہم نے اس کو ایک ہزار ارب کر دیا ہے اور اس کے اندر دو projects ہیں، اس کی میں بات کرنا ضروری سمجھتا ہوں وہ ایک K-IV ہے جو میرے صوبے سے related ہے اور ایک حیدرآباد سکھر موٹروے ہے۔ K-IV کراچی کی جو آبادی ہے وہ تقریباً تین کروڑ ہے اور ہماری جو daily requirement ہے پانی کی کراچی کی وہ 1400million gallons daily ہے، جب کہ کراچی کو جو ملتا ہے وہ 400 million gallons daily ملتا ہے یعنی 1000 million gallons کی ہر روز کمی ہوتی ہے اور K-IV جس پر معاہدہ کیا گیا تھا کہ 2025 میں مکمل ہو جائے گا اور اس سے پانی آئے گا اس کے لیے تین ارب ہم نے رکھے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ سرمد علی صاحب۔ جی سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ۔ سرمد علی صاحب کا mic on کریں۔

سینیٹر سرمد علی: سرخی پاؤڈر لگا کے ہم نے تھوڑی سی improvement کر دی ہے، کوئی بھی دنیا کی port city نہیں ہے جس کی connectivity ملک کے دوسرے حصوں سے نہ ہو، پاکستان ایک واحد ملک ہے دنیا میں جس کا جو port city ہے کراچی اس کے connectivity ہے ہی نہیں۔ کراچی حیدرآباد تو ایک مذاق ہے اور حیدرآباد سکھر تو ہم نے مکمل ہی نہیں کی، وہ ٹوٹی ہوئی سڑک ہم نے چھوڑ دی ہے۔ اس پر سوچیں کہ یہ سندھ پر احسان نہیں ہے، کراچی پر احسان نہیں ہے بلکہ پاکستان پر احسان ہے کہ آپ کراچی کی connectivity پوری ملک سے کریں گے۔ اس پر کہا گیا ہے کہ اس وقت 399 ارب روپے کا project ہے جس کے اندر 15 ارب روپے اس سال رکھے گئے ہیں۔ وزیر خزانہ نے یہ کہا ہے کہ غالباً اس کے اوپر Islamic Development Bank کی کوئی funding ہے، تو میرے خیال میں اگر کوئی funding آئے گی ستمبر کی باتیں کر رہے ہیں۔ تو وزیر خزانہ کو چاہیے on the floor of House آ کر categorical statement دیں کہ وہ investment آئے گی اور اس سال کام شروع ہو جائے گا اور وہ ایک timeline دے کہ کتنے عرصے میں وہ مکمل ہو گی، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ سینیٹر سرمد علی صاحب۔ سینیٹر سرمد علی صاحب ان honorable members میں شامل ہیں جو تنقید کے ساتھ ساتھ تجاویز بھی دیتے ہیں اور بڑی مثبت اور تعمیری تجاویز دیتے ہیں۔ تو تنقید کے ساتھ ساتھ تجاویز بھی ضروری ہے، سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ، mic on کر دیں۔

**Senator Fawzia Arshad**

سینیٹر فوزیہ ارشد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ چیئرمین صاحب، بجٹ پر بات کرنے سے پہلے میں بھرپور مذمت کرتی ہوں ان حالات اور زیادتیوں کی جو مسلمان ممالک کے ساتھ ہو رہی ہیں اسرائیل کی طرف سے اور ہم نے دیکھا کہ اسرائیل نے ہمارے مختلف اسلامی ممالک میں جیسے Libya, Iraq, Palestine, Syria اور اب Iran میں جو تباہی مچائی ہوئی ہے، دہشت گردی کی ہوئی ہے اس کے لیے اب وقت ہے کہ جتنے بھی مسلمان ممالک ہیں وہ اکٹھے ہوں۔ OIC کا ایک اجلاس ہونا چاہیے، جس میں تمام ممالک جو ابھی Leader of the House نے ایک رپورٹ دی تھی کہ ان سب کا ایک معاہدہ ہوا ہے۔ مگر وہ معاہدے کے ساتھ ساتھ کوئی ایک implementation ہو، کوئی ایک مضبوط اور مثبت قسم کا ایک plan of action ہو۔ اسرائیل چھوٹی سی ایک state! تھی جو مختلف ممالک کی support کی وجہ سے اتنا مضبوط بن رہا ہے کہ وہ اپنے ناجائز پنجے گاڑنا چاہتا ہے تمام اسلامی ممالک پر۔ جو interview record ہوا تھا 2011 میں، اس میں ایران کے ساتھ ساتھ پاکستان کا نام لیا گیا تھا۔ ہم ایرانی بھائیوں کے ساتھ تو کھڑے ہیں مگر ہمیں یہ بھی سوچنا چاہیے کہ اگر ہمارے ملک پر کچھ ایسا حملہ ہوتا ہے یا ایسے ناجائز حملے جیسے کہ انڈیا نے ہمارے Indus Waters Treaty کو رد کرکے اور ہم پر جو حملہ کیا گیا اور اس طرح اگر ہم اس تباہی کی گرفت میں آ گئے تو یہ ہمارے لیے بہت ہی خطرناک اور ایک worrisome time ہے، that we should all collect together and we should come up with something. جیسے کہ یہ recorded ہے، یہ ایک تاریخ ہے کہ UN Assembly میں Prime Minister Imran Khan Sahib نے Islamophobia کو ایک مثبت قرار دے کر تمام ممالک نے 15 مارچ کو Islamophobia کا دن بنایا اور انہی کے حکومت میں OIC کے دو conferences بٹھائے گئے۔ یہ تو رہے جو ہمارے دنیا کے political حالات ہیں اور جس میں اسلام اور مسلمانوں پر جو تشدد ہو رہا ہے ہمیں چاہیے کہ ہم اس کو address کریں اور اس پر کچھ نہ کچھ ایک مثبت قسم کا consensus کے ساتھ اکٹھا ہو کر مضبوط لائحہ عمل لائیں۔

اب میں بجٹ پر آتی ہوں، میں economist نہیں ہوں۔ مگر جو figures لوگوں نے سب نے almost سارے ہی areas cover کر لیے ہیں but میں ایک generalized بات کرنا چاہوں گی، I just want to know that what is a good budget? میری جو سوچ کہتی ہیں وہ یہ کہتی ہیں کہ ایک بجٹ ایک ملک کے لیے ایسا ہونا چاہیے جو کہ promote کرے economic stability کو social equity کو اور sustainable growth کو۔ During all these requirements it should be transparent, inclusive and adaptable and moreover a budget for any country should be pro poor policies which prioritizes social protection such as health care, education, rural development, employment programs, gender responsive and water resources جو ہمارے ملک کی شدید پانی کی جو قلّت ہے، climate change میں ابھی سب نے ذکر بھی کیا ہے اس کو ہمیں بڑھانا چاہیے rather than building, underpasses and motorways and all that پانی سے ہی زندگی جنم لیتی ہے اور اگر پانی نہ ہو تو پھر بڑا مشکل ہے۔

میں چونکہ ICT کو represent کرتی ہوں، میں ICT سے Senate میں نمائندہ elect ہوئی ہوں۔ تو اسلام آباد میں پانی کا بڑا فقدان ہے، یہاں پر تین major resources ہیں سملی ڈیم، خانپور ڈیم اور ٹیوب ویلز اور روز کا جو CDA نے ہمیں پانی سپلائی کرنا ہوتا ہے وہ 240 MGD مگر ہو کتنا رہا ہے .70 جناب! 70 اور 240 میں بڑا فرق ہے اور یہ بھی پانی جو۔

(جاری ہے۔۔۔۔T23)

**T23–18June2025 Imran/ED: Khalid 02:50 pm**

سینیٹر فوزیہ ارشد: (جاری۔۔۔۔) جناب! ستر اور دو سو چالیس میں بڑا فرق ہے اور یہ پانی جو ڈیموں سے اسلام آباد تک آتا ہے اس میں سے چالیس فیصد چوری ہو جاتا ہے۔ اسلام آباد میں بارشیں ہوتی ہیں۔ یہاں پر rainwater نالے ہیں مگر 2015 سے، جب سے میں local government میں elect ہوئی تھی، میں تب سے شور مچا رہی ہوں اور کہہ رہی ہوں کہ بھائی، اسلام آباد کے لیے آپ reservoirs بنا دیں مگر اسلام آباد کے لیے reservoirs نہیں بنتے۔ یہ پانی مارگلہ کے پہاڑوں سے آتا ہے اور نیچے جا کر ضائع ہو جاتا ہے۔

پانی کی اتنی قلّت ہے کہ آپ حیران ہوں گے کہ کراچی کمپنی میں جو government کے flats ہیں، جن میں low income لوگ رہتے ہیں، وہاں پر پانی نہیں تھا اور میں خود اس کی گواہ ہوں اور میں نے خود دیکھا کہ وہاں ایک میت کو NESTLE کے پانی

سے غسل دیناپڑا۔ یہاں پر اتنا پانی کا فقدان ہے لیکن یہ ICT, federal capital of Pakistan ہے، لیکن یہ حالات ground reality کے ہیں۔ ہم جب ground realty کو دیکھتے ہیں تو پھر ہمیں پتا چلتا ہے کہ ہم کتنے پانی میں ہیں۔ تو جناب! میری آپ سے گزارش ہے کہ اس کو recommend کروایا جائے اور اس پانی کے مسئلے کو حل کیا جائے۔ اب جب ہم بجٹ پر آتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ بہت زیادہ۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ پانی کا مسئلہ کون دیکھے گا؟

سینیٹر فوزیہ ارشد: جناب، سی ڈی اے۔ جو بجٹ ہوتا ہے

it should be growth oriented. Meaning it should be well developed in energy, technology and human capital. In other words, invest in infrastructure. Taxation model is fundamentally very unjust.

اس بجٹ میں یہاں پر جو taxes لگائے گئے ہیں تو آپ دیکھیں کہ غریب کو غریب تر کرکے بالکل ختم کر دیا ہے اور اس کو دلدل میں دھکیل دیا گیا ہے۔

سب سے زیادہ اہم چیز جو میں سمجھتی ہوں اور جو میری سوچ کہتی ہے کہ ہمیں اپنے tax base کو بڑھانا چاہیے نہ کہ tax payer کا نمبر آپ بڑھائیں۔ We should broaden the tax base and increase the number of tax payers, avoid over taxation of low income groups. اگر ہم سویڈن کو دیکھتے ہیں تو it has a high social spending with a strong transparent tax system.

اگر ہم New Zealand کو compare کریں تو وہ mental health and child poverty reduction پر focus کرتا ہے۔ یہ سارے social issues ہیں۔ وہ ان کو دیکھتے ہیں چونکہ وہ فلاحی ممالک ہیں۔ اگر ہم چاہیں تو ہم بھی ایک فلاحی ملک بن سکتے ہیں۔ ایک خوشحال ملک کے بجٹ میں جو basic and key requirements ہونی چاہیں وہ یہی ہیں جو میں دوبارہ repeat کرتی ہوں کہ strong economy with high GDP per capita, low inflation and low unemployment.

بجٹ صرف ایک financial document ہی نہیں ہونا چاہیے بلکہ یہ ایک moral and political statement ہوتی ہے جس میں جتنی national priorities ہوتی ہیں، اُن پر ہمیں کام کرنا چاہیے۔ اس میں health ہے،

education ہے، economic dignity ہے، national security ہے۔ جب ہم اس بجٹ کو دیکھتے ہیں تو ہم سب نے، یہاں جتنی بھی مختلف پارٹیاں ہیں، اُن سب نے اعتراضات کیے ہیں اور افسوس کیا ہے کہ

this budget has not delivered the most fundamental promises of equity, welfare and human development. A national budget has to be a budget which serves the people and citizen. But it is not doing it.

ہمارا ملک inflation اور مہنگائی کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے۔ عام انسان کو یہ پتا نہیں ہے کہ اس کے گھر میں دو وقت چولہا بھی جلے گا یا نہیں۔ جب اس طرح لوگ مفلس ہوتے ہیں تو وہ پھر پیٹ بھرنے کے لیے کیا کرتے ہیں؟ وہ غلط اقدامات کرتے ہیں۔ چوری کرتے ہیں، ڈاکے ڈالتے ہیں، قتل کرتے ہیں، suicide کرتے ہیں۔ اس بحران کے ساتھ ساتھ ہم اپنی عوام کا بالکل بھی خیال نہیں کر رہے کہ ان پر کیا اثر ہوگا۔ ابھی تو ہم صرف مہنگائی کا رونا رو رہے ہیں، پھر جو ہمارے یہ social issues ہوں گے، جو ہمارے healthcare issues ہوں گے، جو ہمارے لوگوں میں خودکشی کی شرح بڑھے گی، تو ہم اس کو بھی تو دیکھیں نا۔ ہم لوگ short term چیزیں دیکھ کر کچھ لوگوں کو خوش کرنے کے لیے یہ کر رہے ہیں۔ جب regime change ہوتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بہت شکریہ فوزیہ صاحبہ۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: جناب مجھے دو منٹ اور دے دیں، میں اپنی باری کے انتظار میں چار دن سے یہاں بیٹھی ہوں۔ پلیز۔ ہماری inflation ایک شدید مسئلہ تو ہے ہی اور ہماری حکومت جو بھی claims کر رہی ہے، they are all hollow. They are hollow claims. They do not have anything substantial to offer and to say anything. جب ہماری حکومت تھی تو اس میں large scale manufacturing 10 percent سے زیادہ increase تھی، جس میں agriculture 5 percent increase ہوا تھا اور اب اُس کا graph 15 to 20 percent نیچے چلا گیا ہے۔ ہمارے دور میں آٹا بارہ سو کا تھا اور اب تین ہزار کا ہے، چینی سو پر تھی اور اب ایک سو پچاسی پر ہے۔ گھی تین سو کا تھا، اب پانچ سو ساٹھ کا ہے۔ پیاز ساٹھ کی تھی، اب سو کی ہے، دودھ ایک سو بیس پر تھا اور اب دو سو بیس پر ہے۔ جناب! یہ اشیا امیر اور غریب، دونوں کے کچن کو چلانے کے لیے basic چیزیں ہیں۔ ان کی قیمتوں میں اتنا increase ہوا ہے تو ہم نے ان غریبوں کو کیا relief دیا ہے۔ اُن کے لیے اس بجٹ میں کیا respite ہے۔

ہم لوگ زندگی اور انسان کو نہیں دیکھتے بلکہ یہ دیکھتے ہیں کہ اگر آج ہمارے پاس Corolla ہے تو پھر ہمارے پاس BMW آ جائے۔ یہاں everything is for اپنے لیے۔ ذاتی خواہشات اور ذاتی اقتدار کے لیے یہ سارا سلسلہ ہو رہا ہے۔ جناب! ہمیں survival budgets کی ضرورت نہیں ہے، ہمیں investment budgets کی ضرورت ہے۔ ہمیں ایک ایسا بجٹ بنانا ہے جس سے ہم عوام کو protection دے سکیں، ان کو uplift کر سکیں اور لوگوں کو empower کر سکیں۔ جناب! ساری باتیں تو ساری جگہ ہو چکی ہیں، بس ہم یہ چاہتے ہیں اور میں بالخصوص یہاں پر اپنی پارٹی کی نمائندگی کرتے ہوئے یہ گزارش کرنا چاہتی ہوں کہ ہمارے جتنے بھی ایسے سیاسی کارکن جو بغیر کسی مثبت case کے جیلوں میں بند ہیں اور جن پر false cases بنائے گئے ہیں، ان کو رہائی ملے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارے لیڈر اور Prime Minister جناب عمران خان صاحب ہیں، جن کو ناجائز طریقے سے پچھلے دو سالوں سے بند رکھا گیا ہے، ان کو ضرور release کیا جائے۔ ہمارا ملک بہت بحران میں ہے اور اس ملک کو بحران سے نکالنے کے لیے ہم سمجھتے ہیں کہ عمران خان کی کاوشیں اور اُن کی farsighted سوچ کی اس ملک کو شدید ضرورت ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ یہ list تمام جماعتوں کے پارلیمانی لیڈروں نے دیں ہیں اور ہم اُسی ترتیب سے چل رہے ہیں۔ جی، سینیٹر پونجو صاحب۔

**Senator Poonjo**

سینیٹر پونجو: چیئرمین صاحب! آپ کی بڑی مہربانی کہ آپ نے مجھے بجٹ پر تقریر کرنے کا موقع فراہم کیا۔ سب سے پہلے تو میں تمام political parties کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ موجودہ جنگی حالات میں جس طرح تمام political parties ایک page پر کھڑی ہوئیں اور ہمیں پاک افواج کے طاقت سے اس جنگ میں کامیابی حاصل ہوئی۔ اس کے بعد میں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور ان کے ساتھ وفد، جس نے خارجہ پالیسی کے تحت تمام ممالک کے دورے کیے اور تمام ملکی حقائق پیش کرنے کے لیے اُس مشن کو پیش کیا اور اس میں بہت ساری کامیابیاں حاصل کیں۔ اس کے لیے میں تمام political parties کو مبارک باد پیش کرتا ہوں جنہوں نے پاکستان کا مضبوط طریقے سے کیس پیش کیا۔

جناب چیئرمین! بجٹ کے حوالے سے میری چند گزارشات ہیں جو میں آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ پاکستان کی سرزمین جس میں بہت ساری نہریں ہیں، بہت خوبصورت اور حسین وادیاں ہیں، جس میں پانچ موسم ہیں۔ اس پاکستان میں موہنجوڈارو اور ہڑپہ کی پانچ ہزار سالہ تاریخ موجود ہے۔ اس پاکستان میں بہت سارے پھل موجود ہیں اور یہ ایک agricultural ملک ہے۔ تو ایسے ملک میں

رہتے ہوئے ہم 78 سالوں میں اس ملک کو کیا ترقی دے سکیں ہیں۔ اس حوالے سے میں چند گزارشات اور suggestions اس حکومت کو پیش کروں گا۔ (T24 پر جاری ہے)

T24-18June2025 Abdul Ghafoor/Ed. Waqas 3:00 PM

سینیٹر پونجو: (جاری۔۔۔) چند گزارشات ہیں، میں گورنمنٹ کو بھی پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ہمارے پاس 26-2025 کا بجٹ ہے، اس میں ہم نے تمام چیزیں ایک تخمینے کے طور پر بڑی books میں شامل کر کے رکھی ہوئی ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ اس پر implementation کیا ہو رہی ہے؟ پچھلے سال بھی تمام سینیٹرز صاحبان نے اپنی recommendations دیں، تقریر کی اور اپنے issues raise کیے۔ آیا اس میں سے کتنے issues پر ہماری recommendations قبول کی گئی۔ آپ سب اس کا بہتر طریقے سے اندازہ لگا سکتے ہیں۔

جناب والا! اس وقت جس ماحول میں ہم موجود ہیں، ملک میں بہت بے روزگاری ہے، نوجوان بے روزگار ہیں، روزگار کے لیے پریشان ہیں۔ کیا ہم نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے مواقع دے سکتے ہیں؟ کیا ہم نے ایسی کوئی policy بنائی ہے؟ مجھے اس تھوڑے سے عرصے میں بڑی books میں دیکھتے ہوئے نظر نہیں آئی۔ جناب چیئرمین! پاکستان جس کے ہم خوش نصیب لوگ ہیں، جس کا میں نے ذکر کیا کہ جس میں اتنی ساری مالا مال چیزیں ہوں، معدنیات ہوں، تمام صوبے ہوں، جس میں ہم تمام مکاتبِ فکر کے لوگ رہتے ہوں، اس کے لیے mechanism بنانا، suggestions دینا ہم سب کا فرض بنتا ہے۔

جناب والا! اس میں تمام وہ لوگ جو تنخواہ دار ہیں، ان کے لیے ہم نے budget میں کچھ نہیں رکھا۔ ہوتا تو یہ کہ 25 فیصد ہم ان کی تنخواہیں بڑھاتے، کیونکہ آج کے دور میں جو مہنگائی ہے، جو معاشی حالات ہیں، جو پریشانیاں ہیں اس میں ان کی تنخواہ کا تناسب کم از کم 25 فیصد بڑھنا چاہیے تھا۔ جناب! کافی دوستوں نے پہلے بھی یہاں ذکر کیا ہمارے کچھ دوست سینیٹرز صاحبان نے budget speech میں کہا کہ حکومت نے گزشتہ سال سے بجٹ کا حجم 18.8 trillion سے کم کر کے 17.5 trillion کیا ہے۔ جس سے حکومت کو 1.3 trillion rupees کا space ملا ہے اور تاریخ میں پہلی بار budget کو بڑھانے کے بجائے کم کر دیا گیا ہے۔ اس طرح سے گزشتہ سال حکومت نے قرضوں پر interest کی مد میں 9.7 trillion کی رقم ادا کی اور اس سال وہ کم ہونے کی وجہ سے یہ رقم 8.2 trillion ادا کرنی پڑی اور اسی پر rate چلے، budget رقم مختصر کرنے کے حوالے سے حکومت کو 2800 ارب یعنی 2.8 trillion کا financial space ملا ہے، جسے سے وفاقی حکومت کو عوام کی relief کے لیے استعمال کرنا چاہیے تھا۔ لیکن حکومت

نے کیا کیا؟ عوام کا Public Sector Development Programme 1400 ارب روپے سے کم کر کے 1000 ارب کر دیا، جو کہ ایک عوام دشمن پالیسی میں آتا ہے اور civil servants کی تنخواہوں میں صرف 25 فیصد اضافہ اگر کیا جاتا تو ان کو مزید فائدہ ہو جاتا۔

جناب والا! اگر petroleum levy کو 2600 billion سے 3000 billion کم کرتے ہوئے petrol کی قیمت 200 روپے سے نیچے آ جاتی تو عوام کو مناسب relief مل سکتا تھا۔ اگر زرعی کھاد، بیج اور دیگر وسائل مہیا کیے جاتے کیونکہ ہمارا پاکستان ایک agricultural ملک ہے تو اس کے اندر کافی دونوں سے آپ نے دیکھا کہ کنکی کا بھاؤ نہیں ہے۔ ہمارے ہاں جو لوگ فصلیں اگاتے ہیں وہ بہت پریشان ہیں۔ کسان اپنے بچوں کی کفالت کے لیے بہت پریشان ہیں، کیونکہ market میں ان کو بھاری اخراجات سے بیج لینا پڑتا ہے، مہنگے داموں پر کھاد لینی پڑتی ہے اور DAP یہاں 13 ہزار روپے فی بوری مل رہی ہے جبکہ ہمارے پڑوسی ملکوں میں 1100 روپے کی بوری مل رہی ہے۔ اس سے آپ اندازہ لگائیں کہ ہمارا کسان کتنا پریشان ہے اور یہاں کا جو grower ہے وہ اپنی زمین آباد کرنے کے لیے پریشان ہے۔ اس کے لیے حکومت کو agriculture sector میں تمام سہولتیں دینی تھیں جو وہ نہیں دے سکے۔

جناب چیئرمین! پاکستان کو 74 فیصد revenue سندھ دیتا ہے۔ بہت سارے لوگوں نے کل اظہار بھی کیا کہ کراچی، صرف کراچی نہیں دیتا ہے۔ جناب! پورے سندھ کے لوگ، وہاں سے جو اناج جاتا ہے اس پر ٹیکس لگتا ہے، جو grass جاتا ہے اس پر ٹیکس لگتا ہے اور جو ہماری کنکی بیج بہت ساری agricultural economy ہوتی ہیں sugar mills ان پر بہت سارا ٹیکس ملا کر سندھ کے تمام لوگ، تمام صوبے، مل کر 74 فیصد revenue دیتے ہیں، اور سب سے بڑا tax payer صوبہ سندھ ہے۔ لیکن اس کی مد میں سندھ کو کیا ملا ہے؟ آپ موجودہ وقت میں budget کو اٹھا کر دیکھیں جہاں سے main carriage, main road جو کراچی کو Steel Mills اور پاکستان سے connect کرتا ہے، اور بھاری carriage جہاں سے گزرتی ہے اسی motorways کے لیے انہوں نے صرف 15 ارب روپے رکھے ہیں۔ جب کہ 400 ارب میں سے کم از کم 200 ارب رکھنے چاہیے تھے تاکہ 2 instalments میں یہ motorway بن جاتا۔

جناب والا! آپ دیکھیں کہ پہلے بھی جو کراچی سے حیدرآباد تک جو راستہ بنا ہوا ہے، Super Highway، اس کی خستہ حالت دیکھیں کہ سندھ کے ساتھ یہ کیا ہے؟ سندھ کے ساتھ سوتیلی ماں والا سلوک کیا جا رہا ہے۔ سندھ کو کالونی سمجھا جا رہا ہے۔ سندھ کے لوگوں کے ساتھ، کسانوں کے ساتھ، مزدوروں کے ساتھ اور عورتوں کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ سندھ کو اپنے حقوق دینے چاہییں کیونکہ سندھ

وہ صوبہ ہے جس نے پاکستان کو بنایا اور سندھ کے وہ لوگ ہیں جو آج بھی پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ جب پاکستان پر برا وقت آیا، جب شہید محترمہ بینظیر بھٹو کو شہید کیا گیا تھا تب بھی ہمارے صدر پاکستان، آصف علی زرداری نے کہا تھا کہ ہمیں پاکستان چاہیے، پاکستان کھپے کا نعرہ لگایا تھا۔

جناب والا! ہم وہ لوگ ہیں جن کی قربانیاں اس پاکستان کے لیے ہیں۔ اس ملک میں بہت ساری پارٹیاں ہیں جن کا ایک پرندہ بھی نہیں مرا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی اس ملک کے لیے بہت سی شہادتیں موجود ہیں۔ آپ تاریخ اٹھا کر دیکھیں کہ پیپلز پارٹی نے مسلسل پاکستان کو مضبوط کرنے کے لیے جدوجہد کی ہے۔ آج کا دن آپ اُٹھا کر دیکھیں چیئرمین بلاول بھٹو صاحب اس وقت جب دورے پر نکلے، پاکستان کو جو position نظر آ رہی تھی، اور اس وقت جو خطرات کی علامات تھیں، ان کی بنیاد پر وہ پوری دنیا میں گئے اور بتایا کہ ہم پاکستان کو مضبوط کرنے کے لیے آئے ہیں، اور ہمارے ساتھ ناانصافی نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے تمام ممالک میں جا کر خارجہ وفد کے ساتھ اپنے issues کو raise کیا۔

جناب والا! ابھی یہ چیزیں جو بھی ہیں اس کو ہم ساتھ لے کر چلیں گے، تب ہی یہ معاملات بہتر ہو سکتے ہیں۔ ابھی مجھے recentlyایک message آیا کہ چیئرمین بلاول بھٹو صاحب نے جس طریقے سے بجٹ میں جو تمام چیزیں تھیں ان پر اعتراضات کیے اور اس پر بحث کی۔ اس کے بعد government نے assurance دی ہے کہ جو solar panels پر 18 فیصد tax لگنے جا رہا تھا، ہم تو چاہتے ہیں کہ اس پر tax نہ ہو، لیکن چیئرمین بلاول بھٹو صاحب کی بڑی مہربانی انہوں نے کوشش کر کے 18% سے 10% پر گورنمنٹ کو آمادہ کیا ہے۔ اس کے بعد انہوں نے جو ہمیں ٹیکس مل رہے ہیں ان کی بنیاد اس میں کمی کرنے کے لیے حکومت نے وعدہ کیا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو صاحب کی کوششوں کے ساتھ یہ بھی ہوا ہے کہ جو ہمیں وفاق سے funds ملتے تھے وہ تمام developmentsکے کام حکومت سے مل کر کیے جائیں گے۔

جناب چیئرمین! میرے علاقے کے کچھ issues ہیں، جن کو بجٹ اجلاس میں آپ کے سامنے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں۔ تھرپارکر وہ علاقہ ہے وہ ملک جس کو ہم اپنا دشمن ملک سمجھتے ہیں اس کے پڑوس میں ہے۔ ہمارے بڑوں نے، جب پاکستان بننے جا رہا تھا، جب separationہو رہی تھی تو ہمارے، scheduled caste دلت لوگوں نے۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ نے وعدہ کیا تھا کہ میں اس کو timeپر ختم کروں گا۔ صرف ایک منٹ بس۔

سینیٹر پونجو: جناب! پندرہ منٹ۔آپ نے بیس منٹ کا وعدہ کیا تھا۔ دو منٹ کم کر لیتے ہیں۔ میں آپ کے دور میں تقریر کرتا ہوں اور مجھے اچھا لگتا ہے جب آپ ادھر ہوتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی بات کریں۔

سینیٹر پونجو: جناب! ہم ان علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس زمانے میں بھی ہمارے بڑوں نے migration نہیں کی۔ انہوں نے یہ commitment کی کہ ہم قائد اعظم محمد علی جناح کے ملک میں رہیں گے اور ہم قائد اعظم محمد علی جناح کے ملک کے ساتھ وفادار رہیں گے۔ آج بھی آپ دیکھیں گے کہ تھرپارکر، عمر کوٹ کے لوگ، عمر کوٹ کی 54% population ہے اور تھرپار کی 46% ہے۔ وہاں کے scheduled caste دلت لوگ آج بھی پاکستان کے ساتھ ہیں۔ ابھی عمر کوٹ میں جب blackout ہوا تھا تو اس رات یہاں کے لوگ Pak Army کے نعرے لگا رہے تھے۔ وہ کھڑے ہوئے تھے، ان کے پاس جو بھی تھا، جو بھی حالات تھے وہ پاکستان کے ساتھ کھڑے تھے۔ ہمارے آباؤاجداد کا پاکستان کے بنانے میں بڑا کردار تھا۔آج بھی ہم اس پر کھڑے ہیں اور ہم وفاقی حکومت سے request کرنا چاہتے ہیں۔ (جاری ہے۔۔۔T-25)

T25-18June2025 Tariq/Ed: Shakeel. 03:10 pm

سینیٹر پونجو۔۔۔جاری۔۔۔ان کی commitment کے ساتھ وہ کھڑے تھے، ہمارے آباؤاجداد کا پاکستان کے بنانے میں بڑا کردار رہا ہے، آج بھی ہم اس کے ساتھ کھڑے ہیں۔ہم وفاقی حکومت سے request کرنا چاہتے ہیں جیسا کہ ہمارے ایک دوست جن کا تعلق minority کے ساتھ ہے انہوں نے بھی ذکر کیا کہ minorities کے لیے اس بجٹ میں کوئی فنڈ ہی نہیں رکھا گیا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی جب 2010 میں حکومت تھی، اسی زمانے میں NFC Award آیا تھا، آج تک اس کے بعد NFC Award نہیں آیا۔ اس وقت جو تنخواہ دار لوگ تھے ان کی تنخواہ 123% بڑھائی تھی اس کے بعد کسی بھی حکومت نے اتنی تنخواہ کبھی نہیں بڑھائی ہے۔

پیپلز پارٹی کا یہ وتیرہ رہا ہے کہ تمام مذاہب کے لوگوں کو ساتھ لے کر چلتی ہے۔ میں اسی حوالے سے ذکر کروں گا کہ تھرپارکر میں 2600 میگاواٹ بجلی تھر کول سے ہمیں ملتی ہے اور national grid میں جاتی ہے لیکن وہاں تھرپارکر کے لوگوں کو اس کی کوئی royalty نہیں ملتی ہے، ان کے لیے ایسا کوئی package نہیں ہے کہ ان کی بجلی کا بل کچھ کم کیا جائے تو جناب یہاں سے میرا مطالبہ، اور suggestion and recommendation یہ ہو گی کہ تھرپارکر کے وہ لوگ جن کی زمین تھر کول میں آئی تھی اور انہیں اپنی بہت سی زمینیں دینی پڑیں ان تمام لوگوں کے بجلی کے بل معاف کیے جائیں یا اس پر انہیں subsidy دی جائے۔

جناب چیئرمین! میری یہاں سے یہ گزارش ہو گی کہ وہاں کے لوگ جنہوں نے اپنی زمینیں دیں، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کا 'تھر بدلے گا پاکستان' کا جو نعرہ تھا اور آج آپ جا کر اسے دیکھیں کہ کتنے بڑے projects وہاں لگے ہوئے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ان منصوبوں میں مقامی لوگوں کو روزگار دیا جائے کیونکہ باہر کے بہت سے لوگ جو کہ ہمارے بھائی ہیں، وہ ضرور technical hand ہوں گے لیکن ہمارے تھر کے مقامی لوگوں کو بھی روزگار فراہم کیا جائے۔ جناب چیئرمین! آپ کی ایک مرتبہ پھر مہربانی کہ آپ نے مجھے وقت دیا، شکریہ، پاکستان پائندہ باد، جئے بھٹو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر فلک ناز صاحبہ۔ آپ نے بالکل بجٹ پر بات کرنی ہے، اپنی تجاویز دے دیں اور میٹھی میٹھی باتیں کریں۔

**Senator Falak Naz**

سینیٹر فلک ناز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! PDM کی حکومت نے جو بجٹ پیش کیا ہے، بجٹ کے نام پر پاکستان پر مہنگائی کا جو بم گرایا ہے یہ اشرافیہ کا بجٹ ہے۔ اس بجٹ میں عوام کو کوئی relief نہیں دیا گیا ہے لہٰذا ہم PTI والے اس بجٹ کو مسترد کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس بجٹ کے بارے میں آصف علی زرداری صاحب نے وزیراعظم شہباز شریف سے پوچھا کہ بجٹ پیش کرنے سے پہلے آپ نے ہمیں on board کیوں نہیں لیا تو شہباز شریف صاحب نے کہا کہ مجھے خود بھی پتا نہیں ہے اور مجھے بھی کسی نے on board نہیں لیا ہے، اس کے بعد ہم بجٹ پر کیا بات کر سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میرا تعلق چترال سے ہے، میں چترال لوئر اور چترال اپر کے بارے میں بات کروں گی۔ چترال کی پچھلے 75 سالوں سے جو حالت ہے اور وہاں کی عوام گلہ بھی کرتی ہے کہ آپ upper House میں ہیں اور چترال کے لیے آپ کچھ نہیں کر رہے ہیں۔ اس لیے میں چترال کے مسائل پر بات کرنا چاہوں گی۔ پچھلے سال چترال کی roads کے لیے جو فنڈز مختص کیے گئے تھے وہ اتنے تھے کہ اس سے ایک کنال کا گھر بھی نہیں بن سکتا ہے۔ چترال کے بارے میں آپ کو بھی معلوم ہے کہ چترال tourism کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے۔ اسے tourism hub بھی کہہ سکتے ہیں، چترال میں کوئی فیکٹری نہیں ہے۔ چترال کا ذریعہ معاش tourism سے وابستہ ہے۔

جیسا کہ میں نے کہا کہ چترال tourism کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے، وہاں کی سڑکوں کی حالت بہت خراب ہے۔ کوئی اچھا کام کرے تو اس کی تعریف بھی کرنی چاہیے، شہید ذوالفقار علی بھٹو کا ایک ایجنڈا تھا، انہوں نے لواری ٹنل کا منصوبہ پیش کیا تھا، اللہ پاک ان کی قبر میں نور عطا کریں۔ اس کے بعد جنرل مشرف صاحب نے اسے پایہ تکمیل تک پہنچایا تھا، ہم چترالیوں کے لیے انہوں نے ایک tunnel بنایا تھا۔ اس سے پہلے سردیوں میں جب نیچے چترال میں کوئی فوتگی ہوتی تھی تو لوگ جنازے چترال نہیں لے جا سکتے تھے اور وہ انہیں یہاں دفن کرتے تھے۔ مشرف صاحب کی وجہ سے 2017 میں وہ tunnel بن گیا۔ 2017 کے بعد ہماری سڑکیں بہت خستہ حال ہیں۔ لواری ٹاپ ٹنل کے اس طرف جو approach road ہے، چونکہ میں خیبر پختونخوا سے سینیٹر ہوں، میں نے مختلف کمیٹیوں میں بھی یہ آواز اٹھائی ہے، یہاں کے اجلاسوں میں بھی میں نے آواز اٹھائی ہے، ہمارا 04 کلومیٹر کا جو approach road ہے وہ ایک خونی روڈ ہے، وہاں آئے روز حادثات ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہاں جو کافرستان ہے جو پوری دنیا میں مشہور ہے وہاں پر Ayun to Bumburet road ہے، جب ایک مرتبہ tourists وہاں آتے ہیں تو دوبارہ وہاں جانے کا نام نہیں لیتے ہیں۔ اس کے بعد چترال تا بونی روڈ ہے، پھر بھونی تا شندور روڈ ہے۔ مستوش تا شندور روڈ ہے اور آپ کو پتا ہے کہ وہاں پر دنیا کے اونچے میدان میں پولو کھیلا جاتا ہے، اس کے لیے پوری دنیا سے tourists آتے ہیں لیکن NHA والوں نے وہ سڑکیں black toping کے لیے اکھاڑ کر رکھ دی ہیں، اس پر کام نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس کے علاوہ نواز شریف کی حکومت میں تور کو بھوزن روڑ کے لیے کچھ فنڈز مختص کیے تھے لیکن اب 2025 آ گیا ہے لیکن وہ روڈ جوں کا توں پڑا ہے۔ وہاں کے لوگ سراپا احتجاج ہیں۔ ابھی تک وہاں پر کوئی کام نہیں ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ چترال خود بجلی پیدا کرتا ہے، اس کے باوجود اپر اور لوئر چترال میں 18 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے۔ اپر چترال میں بجلی کا voltage اتنا کم ہے کہ اس سے آپ موبائل بھی charge نہیں کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ پوری دنیا میں internet 4G پر چل رہا ہے جبکہ ہمارے چترال میں 2G پر چل رہا ہے اور وہ 2G بھی سولر سے چلتا ہے، جیسے ہی شام ہوتی ہے تو internet بھی بند ہو جاتا ہے۔ Climate change بھی چترال کا ایک بڑا مسئلہ ہے۔ ابھی Climate Change Committee کی چیئرپرسن صاحبہ بھی بیٹھی ہوئی تھیں وہ بھی ابھی چلی گئی ہیں۔ چترال کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ climate change کی وجہ سے جیسے ہی تھوڑی بارش ہوتی ہے تو سیلاب آ جاتا ہے اور سیلاب کی وجہ سے جانی اور مالی نقصان ہوتا ہے۔ سارا سال چترال سیلاب کی زد میں رہتا ہے۔ اس کے باوجود بھی چترال میں climate change پر کوئی توجہ نہیں دی گئی ہے۔ چترال میں climate change کی سب سے بڑی وجہ جنگل کی کٹائی ہے کیونکہ چترال میں firewood کا دارومدار جنگل کی لکڑی پر ہے۔

PDM کی پہلی حکومت میں چترال میں gas plant لگانے کے لیے تین جگہوں پر زمین خریدی گئی تھی اور بیرونی ممالک سے مشینری بھی منگوائی گئی تھی، اب پتا نہیں ہے کہ وہ مشینری کہاں لگائی گئی ہے اور وہ زمین اسی طرح پڑی ہوئی ہے۔ چترال اسی حالت میں موجود ہے۔ چترال میں ترقیاتی کام صرف مشرف دور حکومت میں ہوئے ہیں، میں اس ایوان میں مشرف کو salute پیش کرتی ہوں اور میں انہیں دعا بھی دیتی ہوں کہ اللہ ان کی قبر کو جنت کے نور سے منور کرے۔ چترالیوں کے سب سے زیادہ کام مشرف نے کیے ہیں۔ اس کے علاوہ چترال میں جو کام ہوئے تھے وہ پاکستان کے وزیراعظم عمران خان کے دور حکومت میں ہوئے تھے، چترال میں سب سے زیادہ ترقیاتی کام عمران خان نے کروائے تھے لیکن بدقسمتی سے ہماری حکومت چلی گئی ہے اور اب چترال مسائلستان کا گھر بن گیا ہے۔

جناب چیئرمین! اب میں کچھ سیاسی باتوں کی طرف آتی ہوں۔ ہمیں کہا جاتا ہے کہ ہم خان کے گرد گھومتے ہیں۔ میں تو بتانا چاہتی ہوں کہ الحمدللہ خان ہمارا لیڈر ہے، ہم proud feel کرتے ہیں، PTI عمران خان ہے، اور عمران خان PTI ہے، ہمیں اللہ کے بعد جو عزت دی ہے وہ خان صاحب نے دی ہے۔ اگر خان کا دست شفقت ہمارے سر پر نہ ہوتا تو ہم ایک یونین کونسل کے ممبر بھی نہیں بن سکتے تھے، ہمیں پتا ہے کہ عمران خان نے شبلی فراز کو لیڈر بنایا ہے، ہمیں فخر ہے کہ عمران خان نے علی ظفر کو لیڈر بنایا ہے، ہمیں فخر ہے کہ عمران خان نے عون عباس بپی کو لیڈر بنایا ہے لیکن[1] [***]۔۔۔آگے جاری۔۔۔(T-26)

T26-18JUNE2025 Mariam Arshad/Ed: Mubashir 03:20 p.m.

سینیٹر فلک ناز:--(جاری)—[2] [***] جناب! مجھے بہت افسوس ہوتا ہے کہ میرے لیڈر عمران خان کا قصور یہ ہے کہ اس نے پاکستان کو جوڑنے کی بات کی۔ آپ 1997 سے 2025 تک دیکھیں۔ سب سے زیادہ جلسے اور PTI rallies نے نکالے ہیں۔ مجھے سینیٹر گردیپ اور سینیٹر لیاقت تراکئی صاحب نے بھی اپنا، اپنا وقت دیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ان کا وقت آپ نہیں لے سکتیں۔

سینیٹر فلک ناز: مجھے صرف دو منٹ دے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں غیر پارلیمانی گفتگو کو اجلاس کی کارروائی سے expunge کرتا ہوں۔ آپ اپنی بات پوری کریں۔ پورے دس منٹ بات کریں۔

سینیٹر فلک ناز: جناب! ابھی آٹھ منٹ بھی نہیں ہوئے ہیں۔

[1] [Words expunged as ordered by the Chair]
[2] Words expunged as ordered by the Chair.

جناب ڈپٹی چیئرمین: وقت سامنے لکھا ہوتا ہے۔

سینیٹر فلک ناز: تسلسل ٹوٹ جاتا ہے۔ براہ مہربانی درمیان میں بات نہ کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے کہا ہے کہ بس گھبرانا نہیں ہے۔

سینیٹر فلک ناز: میں گھبراتی نہیں ہوں۔ ہمارے لیڈر نے ہمیں کہا کہ آپ لوگ گھبرائے نہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اپنی پوری بات کریں۔

سینیٹر فلک ناز: جناب! پچھلے تین سال سے PTI حالات جنگ میں ہے۔ ہمارے لیڈر کو جیل میں ڈالا ہوا ہے۔ اس کی اہلیہ بشریٰ بی بی جو غیر سیاسی خاتون ہے، اس کو بھی ناحق جیل میں ڈالا ہوا ہے تاکہ خان صاحب ٹوٹ جائیں۔ اس کے علاوہ ہمارے لیڈر اعجاز چوہدری جو ہمارے معزز سینیٹر ہیں، وہ زندگی اور موت کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ وہ بیماری کی حالت میں ہیں۔ ان کو بھی جیل میں ڈالا ہوا ہے۔ ڈاکٹر یاسمین راشد کینسر کی مریضہ ہے۔ ان کو جیل میں ڈالا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے لیڈر شاہ محمود قریشی کو جیل میں ڈالا ہوا ہے۔ چیمہ صاحب کو جیل میں ڈالا ہوا ہے۔ ہماری ساری لیڈر شپ جیل میں ہے۔ ہمارے ورکر جیل میں ہیں۔ اس کے باوجود بھی ہم ٹوٹے نہیں ہیں۔ ہم لوگ مقابلہ کر رہے ہیں اور میں آپ کو بتا رہی تھی کہ ہمارے جتنے بھی جلسے، جلوس ہوئے ہیں، آپ وہ ساری videos اٹھا کر دیکھ لیں، ہم نے ان میں پاکستان کو توڑنے کی بات نہیں کی ہے۔ ہم پاکستان کو جوڑنے کی بات کرتے ہیں۔ ہم حضرت محمد ﷺ کے حدیث مبارک اور قائد اعظم کی باتوں سے جلسہ شروع کرتے ہیں۔ ترانے سنائے جاتے ہیں۔ پاکستان کو جوڑنے کی باتیں ہوتی ہیں لیکن افسوس صد افسوس یہ جو PDM کی حکومت ہے، ان کو خان صاحب سے اتنی تکلیف ہے کہ خان صاحب کے اوپر سارے cases ختم ہونے کے باوجود بھی[3] [***] آئین پامال ہو چکا ہے۔ یہ لوگ خان صاحب کے cases پچھلے ایک مہینے سے سن نہیں رہے ہیں اور اس کے باوجود ہم یہ جنگ لڑ رہے ہیں۔ اللہ نہ کرے کہ جب پاکستان پر برا وقت آئے گا تو ان شاء اللہ سب سے پہلے ہمارا لیڈر اور PTI کے جو ورکرز ہیں، وہ آگے آئیں گے۔ وہ خان اور پاکستان کے ساتھ ہوں گے اور اپنی پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔

جناب! دوسری بات یہ کہ کل میں اجلاس attend کرنے آ رہی تھی۔ مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ جب میں آ رہی تھی یہ جو PDM کی حکومت ہے، یہ [***] کی سرکار ہے، بغض عمران میں انہیں تکلیف ہے۔ خدا کے لیے اگر کسی کو منسٹر بنانا تھا تو کم از کم class کے منسٹر بناتے۔ یہ پاکستان کا image ہے۔ پاکستان ایک ایٹمی قوت ہے۔ اللہ نے بہترین فوج دی ہے۔ عمران خان کی شکل میں

[3] Words expunged as ordered by the Chair.

بہترین لیڈر اور بہترین عوام دی ہے لیکن آپ منسٹرز کو دیکھیں۔ [***]آپ لوگوں کے پاس عرفان صدیقی جیسے classکے لیڈر موجود ہیں۔انہیں منسٹر بنائیں۔ وہPTIکی شدید مخالفت کرتے ہیں لیکن ہم ان کی قابلیت اور زیرک سوچ کو مانتے ہیں اور اس کااعتراف کرتے ہیں۔ یہ جو سینیٹر افنان بیٹھا ہوتا ہے۔ وہ بغض عمران اور بغضPTIمیں مبتلا ہے لیکن انہیں منسٹر بنائیں کیونکہ انہوں نے ITمیں PhDکی ہے۔ سینیٹر شاہزیب درانی کو منسٹر بنائیں۔آپ لوگوں کے پاس کس کس کی کمی تھی۔ ابھی انہوں نے کس کو منسٹر بنایا ہے؟ [***]

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کو معلوم ہے کہ آپ کی حکومت میں عرفان صدیقی کے ساتھ کیا ہوا تھا۔

سینیٹر فلک ناز: جناب ![4][***]

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں غیر پارلیمانی الفاظ کو expunge کرتا ہوں۔

سینیٹر فلک ناز: [***]اب میں آخری بات کی طرف آتی ہوں۔ بس ایک منٹ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں آپ کو دو منٹ دوں گا۔ Personal باتیں نہ کریں۔ جو لوگ موجود نہیں ہیں، ان کے بارے میں بات نہ کریں۔

سینیٹر فلک ناز: میرا لیڈر عمران خان جس نے پچاس سال اس ملک کا جھنڈا پوری دنیا میں تھامے رکھا۔ میرے لیڈر عمران خان نے شوکت خانم اسپتال بنایا۔ میرے لیڈر عمران خان نے NAMAL Universityبنائی۔ میرے لیڈر عمران خان نے Al-Qadir Universityبنائی۔ میرے لیڈر عمران خان نے اس ملک کو شعور دیا۔ ملک اس وقت جن مشکلات میں ہے، اسے عمران خان کی شدید ضرورت ہے توخدارا آپ لوگ ہوش کے ناخن لیں۔ ہم پر ایک برا وقت آیا تھا جب ہندوستان نے بزدلانہ حملہ کیا تھا۔ عمران خان اور پاکستانی عوام اپنی پاک فوج کے ساتھ کھڑے رہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میری سیکرٹریٹ سے گزارش ہے کہ جو وزراء اور ممبران Houseمیں موجود نہیں ہیں، ان کے حوالے سے گفتگو کو expungeکریں۔ سینیٹر صاحبہ براہ مہربانی personal باتیں نہ کریں۔

سینیٹر فلک ناز: میرے لیڈر عمران خان کو، اس شیر کو آپ لوگوں نے پنجرے میں بند کر دیا ہے۔اس کے باوجود عمران خان نے کل اپنی بہن کے ذریعے عوام کو یہ پیغام بھیجا ہے کہ اپنی ساری activitiesبند کریں اور جو احتجاج کا اعلان عمران خان نے کیا تھا، اسے واپس لیا۔ اس نے کہا ہے پاکستان کے ساتھ اس مشکل وقت میں چٹان کی طرح کھڑے رہنا ہے۔ یہ ہے میرا لیڈر عمران خان اور آپ کے لیڈر اور

[4] Words expunged as ordered by the Chair.

میرے لیڈر میں یہ ہی فرق ہے۔ لیڈر ملک کے لیے سوچتے ہیں۔ آپ لوگ اشرافیہ ہیں جو پیسوں کے بارے میں سوچتے ہیں۔۔ اس ملک کو آپ لوگوں نے دیوالیہ کر دیا ہے۔ عمران خان ہی ہے جو اس ملک کو اور عوام کو بچا سکتا ہے اور آنکھ اٹھا کر پوری دنیا کے سامنے بات بھی کر سکتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ budget پر بات کریں۔ کوئی تجاویز دیں۔

سینیٹر فلک ناز: یہ موضوع ایسا ہے جس پر مجھے emotional ہونا پڑا۔ جب میں اپنے لیڈر سے ملنے اڈیالا جیل گئی تو مجھے بہت رونا آیا۔ میں نے کہا کہ عمران خان کا ایک سیکنڈ بھی اس جیل میں رہنا ملک کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے لیکن میرا لیڈر ایسے بیٹھا ہوا تھا جیسے وہ بنی گالا یا زمان پارک میں بیٹھا ہوتا ہے۔ اس نے مجھے کہا کہ رونا نہیں ہے۔ آپ بزدل نہ بنیں کیونکہ آپ میرے ورکر ہیں۔ میں نے خان صاحب کو کہا کہ میں اس لیے نہیں رو رہی کہ آپ جیل میں ہیں۔ میں رو اس لیے رہی ہوں کہ آپ جیسے لیڈر کو، امت مسلمہ کے عظیم لیڈر کو، ایک شیر کو انہوں نے پنجرے میں بند کیا ہوا ہے۔ عوام اور سب کو پتا ہے کہ خان صاحب کوئی deal نہیں کریں گے۔[5] [***] PECA Act کے تحت پاکستان کے سارے media channels, PTV بن چکے ہیں۔ میرا لیڈر کوئی deal نہیں کرے گا ان شاءاللہ۔ ایک plan آپ لوگ بنا رہے ہیں جس سے ہمارے ورکرز کو تکلیفوں کا سامنا ہے اور ایک plan اللہ بناتا ہے۔ ہم نے اللہ پر چھوڑ دیا ہے۔ ان شاءاللہ ایک دن میرا لیڈر، پوری دنیا اور امت مسلمہ کا لیڈر باہر آئے گا اور وزیر اعظم پاکستان بنے گا۔ پاکستان زندہ باد! وزیر اعظم عمران خان زندہ باد!

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر فلک ناز! آپ کا شکریہ۔ اس سے پہلے کہ میں اجلاس کی کارروائی کو آگے بڑھاؤں، ایک announcement کرنی ہے۔ ہمارے بلوچستان سے آئے ہوئے شوبز سے تعلق رکھنے والے ایوب کھوسہ کی سربراہی میں آئے ہوئے مہمانوں کو ایوان میں خوش آمدید کہتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: فلک ناز صاحبہ ہمارے House کی ممبر ہیں۔ ایک جماعت سے ان کا تعلق ہے۔ ان کے جذبات اور خیالات بھی ہوں گے۔ ان کا درد اور اپنی جماعت کے ساتھ commitment بھی ہے لیکن انہوں نے عدلیہ کے بارے میں، حکومت کے جو ممبران یہاں پر موجود نہیں تھے، جو وزراء موجود نہیں تھے، جو personal باتیں کیں یا کسی بھی ادارے کے بارے میں باتیں کیں، جن

[5] Words expunged as ordered by the Chair.

باتوں کی کوئی بنیاد نہیں تھی، میں ان تمام باتوں کو اجلاس کی کارروائی سے expunge کرتا ہوں۔ عدلیہ کے بارے میں House میں بات نہیں کی جا سکتی۔

(جاری۔۔۔T27)

T27-18Jun2025 FAZAL/ED: Khalid 03:30 pm

جناب ڈپٹی چیئرمین: (جاری ہے۔۔۔) عدلیہ کے بارے میں House میں بات نہیں کی جا سکتی۔ میں نے آپ کو سنا ہے۔ ابھی مجھے آپ سنیں۔ ابھی ہمارے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے سردار عمر گورگیج صاحب سے گزارش ہے کہ وہ بجٹ پر بات کریں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں نہیں۔ اخلاقی طور پر جو ممبران، جو لوگ موجود نہیں ہوتے ان کو ہاؤس میں discuss نہیں کیا جاتا ہے۔ House میں personal باتیں نہیں کی جا سکتی ہیں۔ جی سردار عمر گورگیج صاحب! بجٹ پر بات کریں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں نہیں ماشاءاللہ آپ کو ساڑھے سولہ منٹ ٹائم دیا ہے۔ جی سردار عمر گورگیج صاحب۔

**Senator Sardar Al Haj Muhammad Umer Gorgaij**

سینیٹر سردار الحاج محمد عمر گورگیج: جناب چیئرمین! آپ کی بہت بہت مہربانی کہ آپ نے ہمیں بجٹ پر موقع دیا۔ آپ کی بہت بہت مہربانی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عون عباس صاحب آپ دو منٹ اگر بیٹھیں۔ آپ بیٹھیں کیونکہ یہ خواتین ہیں ان کو جانے دیں۔ آپ مہربانی کرکے ذرا بیٹھیں۔ جی سردار عمر گورگیج صاحب۔

سینیٹر سردار الحاج محمد عمر گورگیج: جناب چیئرمین! بجٹ کے بارے میں میں کہتا ہوں۔ 2025-2026 کا بجٹ ایک ایسا بجٹ ہے۔ کچھ صوبوں کے لیے اچھا بھی ہے اور کچھ صوبوں کے لیے تھوڑا مشکل بھی ہے۔ اب ہمارے بلوچستان میں ہمیں کہتے ہیں کہ بلوچوں کا کیا ہے کیوں یہ ناراض ہیں؟ تو میں کہتا ہوں کہ بلوچوں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ مائیک کے ذرا قریب ہو جائیں۔ Mind نہ کریں مائیک کے ذرا قریب ہو جائیں۔

سینیٹر سردار الحاج محمد عمر گورگیج: کہتے ہیں کہ بلوچ کیوں ناراض ہیں؟ لیکن بلوچوں کے ناراضگی کو کوئی سمجھتا بھی نہیں ہے کہ کیا ناراضگی ہے۔ ایک ناراضگی یہ ہے کہ سوئی گیس پورے پاکستان کو مل رہی ہے اور بلوچستان کے کچھ ایسے اضلاع ہیں کہ ابھی تک وہ گیس کا نام ہی نہیں جانتے۔ تو جس صوبے سے آپ کو گیس ملتی ہے تو اس صوبے کا حق پہلے بنتا ہے کہ ان کو دیں۔ اگر سب کو نہیں دے سکتے ہیں تو

LPGکا پلانٹ لگا کے لوگوں کے منہ کو تو بند کرنا ہی ہے۔ اب تو لوگ یہی کہہ رہے ہیں کہ محرومی ہے۔ اچھا محرومی واقعی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ اب آپ دیکھیں کہ بجلی کو انہوں نے ختم کیا۔ سولر پر آیا۔ سولر جو ہے ایک ایسی چیز ہے کہ ہمارے پاس نہ دریا ہے۔ اب پنجاب کے دریا، سندھ میں دریا، KP میں دریا لیکن بلوچستان کے ایک دو اضلاع میں اگر دریا touch ہوتا ہے اس کا میں نہیں کہتا ہوں باقی بلوچستان جو ہے وہ خشک ہے۔ کنوئیں لگا کے شمسی توانائی سے اپنا گزارہ کر لیتے ہیں۔ اگر اس پر بھی ٹیکس ہو تو ہمارے بلوچستان میں زراعت نہ ہونے کے برابر ہو گی۔ اور لوگ اسی لیے بے روزگاری کی طرف متوجہ ہوں گے۔ تو ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس ٹیکس کو اگر مہربانی کرکے ختم کیا جائے۔ باقی اگر ہم ہر ضلع میں نہیں دے سکتے ہیں تو سال میں ہم صرف دو اضلاع کو LPG پلانٹ لگا کے دیں تو یہ پورے بلوچستان کے لوگوں کی ایک خواہش ہے وہ ختم ہو جائے گی۔

کوئٹہ تا تفتان روڈ، ایک ایسا روڈ ہے کہ یہ ایران کو بھی touch کرتا ہے اور ایران سے جا کر یورپ تک بھی touchہوتا ہے۔ اس روڈ میں NHAکا صرف patch work ہے۔ Patch work کرکے دو مہینے کے بعد وہ ختم ہو جاتے ہیں۔ اور بالکل ہم جب چلتے ہیں اس روڈ پر تو وہاں پر اکیلے ہم نہیں بلکہ ایران کی گاڑیاں بھی آتی ہیں۔ ایک بڑا روڈ ہے جو کہ ایک CPEC جیسا روڈ ہے۔ پورے ایک ملک کو touch کر رہا ہے لیکن اس کا روڈ اگر آپ دیکھیں تو وہ نہ ہونے کی برابر ہے۔ تو میں یہ کہتا ہوں کہ NHAکے چیئرمین کو بلا کر اس کو کہنا چاہیے کہ بجائے کہ آپ اس کو CPEC کا بتا کر لوگوں کو خوش کرتے ہو، اس سے تو لوگ خوش نہیں ہوں گے۔ ان کی گاڑیاں ختم ہو گئیں۔ جب گاڑیاں ختم ہو جائیں گی تو آپ نے اس کو اگر بنانا ہے کوئی پچاس میل آپ اس کو fullبنائیں۔ دوبارہ اس سے شروع کریں۔ تو اگر ایسا بجٹ جو میں نے دیکھا ہے۔ 2017 میں جس روڈ کی منظوری حکومت نے دی ہے یا کوئی ڈیم یا کسی اور چیز کی منظوری دی ہو۔ یہ 2017 کی منظور شدہ ہے تو یہ کب بنے گی؟ اس میں زیرے جیسا کچھ پیسے رکھتے ہیں اور یہ بڑھتا جاتا ہے اور پھر بعد میں یہ کام خدا جانے کب مکمل ہوگا یا نہیں ہوگا۔ اب جو کہتے ہیں کہ خونی روڈ کوئٹہ ٹو کراچی۔ اس کے لیے بھی کیا رکھا ہے۔ کیا یہ ہمارے وقت میں بن جائے گی؟ مجھے امید نہیں ہے اس لیے کہ جو بجٹ میں ہم نے دیکھا ہے وہ اتنا کم ہے کہ وہ ایک سال نہیں بلکہ یہ پندرہ سال اور بیس سال تک چلے گا۔ ہمیں وہ بجٹ بنانا چاہیے جو ہمارے پانچ سال کے دور میں مکمل ہو۔ اگر پانچ سال میں وہ مکمل نہیں ہوگا تو وہ تو چلتا رہے گا۔ کچھ پیسے اس سال، کچھ پیسے اس سال اور تقریباً پندرہ بیس سال چلے گا۔ یہ ہماری گزارش ہے۔ دیکھیں یہ ہمارا ملک ہے۔

جناب چیئرمین! اب ہم آئیں گے ایران کی طرف۔ ایران اگر لڑائی کر رہا ہے تو یہ لڑائی ایک دن میں ابھی بھی کہتا ہوں کہ لڑائی ہم تک یعنی پاکستان تک بھی پہنچ جائے گی۔ اگر ہم نے ساتھ نہیں دیا۔ یہ شروع سے جتنے مسلم ممالک ہیں ان سب پر یہ ہوا ہے۔ اس کو گراؤ، اس

کو گراؤاور آتے جاؤاور آکے ابھی ایران تک پہنچ گئے۔ یہ اسرائیل جو ہے نا، یہ سب سے زیادہ جو دشمن ہے وہ پاکستان کا ہے کیونکہ ذوالفقار علی بھٹو شہید نے اور مولوی صاحبان نے باقاعدہ فتویٰ دیا کہ یہ مسلمان نہیں ہیں یہ کفر ہے۔ وہ اس کی یاد میں ہوگا۔ ہم خوش نہ رہیں کہ ایران میں لڑائی ہے اور یہاں پر ہم خوش ہو جائیں کہ بھئی دیکھیں کیا ہوگا۔ بس ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ یہ ساتھ نہیں۔ ہمیں ساتھ دینا ہوگا۔ اگر ہم مسلمان ہیں۔ فلسطین اور غزہ میں کیا ہوا۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کو، بوڑھوں کو، کسی کو انہوں نے معاف نہیں کیا۔ تو ہم اگر منہ سے کہیں گے کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ یہ منہ سے کہنے سے کچھ نہیں ہوگا۔ ہمیں ساتھ دینا ہے تو ڈٹ کے ان کا ساتھ دینا ہے۔ اگر ہم نے ڈٹ کر انڈیا کو اپنی طاقت دکھائی۔ تو یہاں بھی ہمیں دکھانی چاہیے۔ یہ میں نہیں کہتا ہوں کہ شاید ہماری افواج نے جو بہادری دکھائی یہ تو ساری دنیا کو پتا ہے اور جس کو پتا نہیں تھا تو ہمارے چیئرمین بلاول بھٹو کی سربراہی میں جو وفد گیا تو سب کو پتا چلا کہ یہ انڈیا جھوٹا ہے اور یہ جھوٹ سے ہمیں بدنام کر رہا ہے۔ لیکن اب تمام ممالک کو پتا چلا کہ یہ دہشت گرد ہے۔ کون دہشت گرد ہے؟ انڈیا دہشت گرد ہے۔ اب تو یہ واضح ہو گیا۔

باقی یہ جو میں نے کہا کہ LPG پلانٹ یہ آپ میربانی کریں۔ اس کو آپ ذہن میں رکھیں یہ جو بات میں کہتا ہوں یہ چھوٹی بات نہیں ہے۔ جو لوگ پہاڑوں پر جاتے ہیں اور لوگ ناراض ہیں۔ لوگ اسی لیے ناراض ہیں کہ ہمارے بلوچستان سے یہ نکل رہی ہے۔

(جاری ہے---T28)

T28-18Jun2025 Rafaqat Waheed/Ed: Khalid 3:40 pm

سینیٹر سردار الحاج محمد عمر گورگیج: (جاری) لوگ اسی لیے ناراض ہیں کہ ہمارے بلوچستان سے یہ نکل رہی ہے لیکن ہمیں نہیں مل رہی۔ مہربانی کریں، اس کو کمیٹی میں بھیجیں۔ جیسے بھی کریں، میں نے تو کہہ دیا۔ ناراضی جب شروع ہوتی ہے تو ایسی چیزوں کی وجہ سے ہی ہوتی ہے۔

اب ہمارے ہاں سینڈک منصوبہ ہے۔ ریکوڈیک منصوبہ ہے۔ وہاں سے سونا اور تانبا نکل رہا ہے۔ اس ڈسٹرکٹ کے لوگ پینے کے پانی کے لیے ترس رہے ہیں۔ یہ چیزیں ڈسٹرکٹ چاغی سے نکل رہی ہیں، اس ضلع میں ایسی جگہیں ہیں جہاں پر پینے کا پانی دستیاب نہیں ہے۔ یہ معاملہ بھی بجٹ میں نہیں رکھا گیا بلکہ میں نے یہ لکھ کر دیا تھا، میں وزیر اعظم ہاؤس گیا تھا، میں نے ان کے پرسنل سیکرٹری کو by hand دیا تھا کہ یہ پانی کا مسئلہ ہے، مہربانی فرما کر آپ اس کو حل کریں۔ انہوں نے مجھے یقین دلایا کہ میں حل کروں گا۔ انہوں نے جا کر وزیر اعظم صاحب سے بات بھی کی اور پھر مجھے آ کر کہا، میں اُدھر بیٹھا تھا، کہ ہم اس مسئلے کو حل کریں گے لیکن جب میں نے بجٹ میں دیکھا، ایک رات

پوری میں نے بجٹ کو دیکھا تو وہ بجٹ میں موجود ہی نہیں تھا۔ کچھ ایسی چیزیں ہیں جو مجبوریاں ہوتی ہیں، ان کو تو ہمیں دیکھنا چاہیے۔ اب اس بجٹ کو ہم قبول کریں یا نہ کریں، یہ پہلے ہم نے نہیں دیکھا ہے، یہ تو بن کر آگیا ہے۔ اب جب بن کر آجاتا ہے تو ہم اس کا کیا کریں گے۔ نیا تو نہیں بنائیں گے، add نہیں کریں گے۔ اگر آپ کر سکتے ہیں تو مہربانی کریں، اس کو کریں۔ یہ پانی کا مسئلہ ہے۔ ہمارے علاقے کو کوئی ڈیم نہیں دیا گیا ہے۔ مہربانی کریں کہ یہ معاملہ کمیٹی کے حوالے کریں جو میں نے کہا ہے کہ محرومی کو ختم کرنا ہے۔ اگر آپ بلوچوں کی طرف ایک قدم بڑھائیں گے تو بلوچ آپ کی طرف سات قدم بڑھائیں گے۔ اگر آپ ایک قدم آنا پسند نہیں کریں گے تو ان سے پھر گلہ نہ کریں۔ میں دوبارہ یہ کہتا ہوں کہ مہربانی کریں۔

اگر پاکستان ہے تو ہم سب ہیں۔ ہم پاکستان کو زندہ باد بھی کہیں گے، اپنی فوج کو بھی زندہ باد کہیں گے اور جو ہمارے اراکین یہاں بیٹھے ہیں، ہم سب کو زندہ باد کہیں گے لیکن سب صوبوں کو برابری کی بنیاد پر دیکھنا ہوگا۔ کس صوبے کا رقبہ بڑا ہے؟ میں آپ کو بتانا چاہوں گا کہ ایک MNA کا حلقہ کتنا بڑا ہے؟ چھ سو کلومیٹر لمبائی اور چار سو کلومیٹر چوڑائی۔ اب اس کو آپ کیسے سنبھالیں گے؟ اس کا سنبھالنا مشکل ہے۔ اسی لیے محرومی زیادہ ہوتی ہے۔ اب نوکریاں ہیں۔ جب سے میں آیا ہوں، میں وفاقی کی ایک نوکری کسی نہیں دے سکا۔ جب ہم کسی کو ایک نوکری نہیں دے سکتے تو ہمیں لوگ کیا کہیں گے۔ لوگ کہتے ہیں کہ ہم ایوان بالا میں بیٹھے ہیں لیکن کسی کو ایک نوکری نہیں دے سکتے۔ ایک ڈیلی ویجز کی نوکری بھی نہیں دے سکتے۔

میں چیئرمین FBR کے پاس گیا۔ انہوں نے مجھے کھڑے کھڑے کہا۔ ایک شخص کی ٹرانسفر کا معاملہ تھا جسے بلوچستان سے کراچی ٹرانسفر کیا گیا تھا۔ ایک چھوٹی سی فائل تھی۔ وہ مجھے کہنے لگے کہ اگر آپ اس کی سفارش کریں گے تو میں اسے نوکری سے نکال دوں گا۔ میں نے کہا واہ واہ، ماشاء اللہ، آپ تو بڑے powerful ہیں۔ میں نے کہا کہ سفارش کرنا میرا فرض ہے۔ ہم عوامی نمائندے ہیں۔ ہم کیسے سفارش نہیں کریں گے؟ جناب عالی! یہ آپ کے FBR کے چیئرمین کی باتیں ہیں۔ آپ NHA میں جائیں، کسی کو کہیں، اس کا بھی کہنا یہی ہوگا۔ میں یہ کہتا ہوں کہ اس ایوان کی power اور عزت کا خیال رکھنا آپ کی اور چیئرمین یوسف رضا گیلانی صاحب کی ذمہ داری ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں آفس کو ہدایت کرتا ہوں کہ سردار عمر گورگیج صاحب نے چیئرمین FBR کے بارے میں بات کی ہے۔ ایک معزز سینیٹر کی عزت کا معاملہ ہے۔ اس کا نوٹس لیا جائے اور ان کو بلایا جائے کہ اگر ایک معزز رکن اپنے حلقے یا علاقے کے کسی بندے کے بارے میں سفارش کرنے گئے تھے جبکہ وہ انہیں کہتے ہیں کہ میں اس کو dismiss کروں گا۔ اس معاملے کا نوٹس لینا چاہیے اور چیئرمین FBR سے پوچھنا چاہیے۔

سینیٹر سردار الحاج محمد عمر گورگیج: اس معاملے کا نوٹس لینے پر آپ کی بہت بہت مہربانی۔ اگر مجھ سے کوئی تلخ بات سرزد ہوئی ہے تو میں معذرت چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ ماشاء اللہ، اتنی اچھی، میٹھی، ٹھنڈی اور لکھنؤ والی اردو میں بات کرتے ہیں۔ آپ نے لکھنؤ والے لہجے میں، بہت اچھی اور میٹھی گفتگو کی ہے۔ اپوزیشن بھی آپ کے رویے پر خراج تحسین پیش کر رہی ہے۔ یہ پہلی مرتبہ ہے کہ اپوزیشن نے حکومت کو خراج تحسین پیش کیا ہو۔ یہ صرف آپ کو کیا ہے۔ سردار عمر گورگیج صاحب! بہت شکریہ۔

## Ruling of the Chair pertaining to the observance of Rules by members while present in the Senate with reference to chanting slogans, displaying banners and placards etc.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس سے پہلے کہ ہم اجلاس کی کارروائی آگے بڑھائیں، میں ایک ruling دینا چاہتا ہوں۔ میں ہاؤس کے تمام اراکین اور پارلیمانی لیڈرز کی توجہ چاہتا ہوں۔

چونکہ یہ ہاؤس آف فیڈریشن ہے، اس میں تمام اکائیوں کی نمائندگی ہے اور بڑے جمہوری اور آئینی انداز سے یہاں Chair کی طرف سے ایوان کی کارروائی چلائی جاتی ہے۔ میں اراکین کی توجہ Rule 225(vii) کی طرف دلانا چاہتا ہوں جس کے تحت کسی بھی قسم کی نعرہ بازی، بینرز، جھنڈیاں، تصویریں ہاؤس میں لانے کی ممانعت ہے۔ آئین اور قوانین کا تحفظ تمام اراکین بشمول Chair سب پر لازم ہے کہ وہ ان کی پابندی کریں۔ سینیٹ کے قواعد اور قانون کے مطابق میری تمام اراکین اور پارلیمانی لیڈرز سے درخواست بھی ہے اور انہیں میری ہدایت اور order بھی ہے کہ وہ اپنے تمام اراکین کو اس کا پابند بنائیں کہ ہاؤس کے اندر کوئی نعرہ بازی نہ کریں اور کوئی جھنڈیاں اور تصاویر نہ لائیں اور آئین و قوانین کے مطابق عمل کریں۔ میری پارلیمانی لیڈرز سے اور تمام اراکین سے گزارش ہے کہ اگر اس کے باوجود کسی رکن کی جانب سے rule پر عمل نہ کیا گیا تو Rule 13(4) اور Rule 246 کے تحت ایسے رکن کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ یہ warning ہے اور ruling بھی۔ تمام پارلیمانی لیڈرز اور تمام اراکین اس ruling کو نظر میں رکھیں۔ ہماری کوشش ہے کہ ہاؤس کو آئین اور قانون کے مطابق چلایا جائے اور لوگوں کو جمہوری انداز سے بات کرنے کا موقع دیا جائے، سانس بھی لینے دی جائے مگر یہ ہاؤس آف فیڈریشن ہے، اس میں تمام اکائیوں کی نمائندگی ہے، یہاں ایسا ماحول نہ بنایا جائے کہ ایک پارٹی یا ایک صوبے کے کسی رکن کی حرکت سے دوسرے رکن یا جماعت کو کوئی تکلیف یا پریشانی ہو۔

ایوان کی کارروائی اب بروز جمعرات، 19 جون، 2025 صبح 11:00 بجے تک ملتوی کی جاتی ہے۔

--------------

*[The House was then adjourned to meet again on Thursday, the 19th June, 2025 at 11:00 am.]*

--------------